Learn Corel

with Abdul Malik

index

کورل ڈرا کلاسز

NO	Chapter Name	P/N
01)	Making & Saving a document	03
02)	Page Settings & Guidelines	07
03)	Basic Shapes	12
04)	Advance Shapes	17
05)	Perfect Shapes	22
06)	Working with Lines & Objects	27
07)	Colors & Shapes	32
08)	Tables	40
09)	Corel Draw & Inpage	45
10)	Working with Text	50
11)	Tab Columns Bullets & Dropcap	54
12)	WTF (What The Font ? !!)	59
13)	Colors (Advanced)	62
14)	Layers + Viewing document/Work	76
15)	Bitmap Images+Crop Tool	79
16)	3D effects + Shaping the Objects	83
17)	Powerclip, envelope, corners	92
18)	Intractive Fill Tool, Contour & Blend Tool	96
19)	Drop Shadow, Extude & Transparency	101
20)	Perspective, Lens & Bevel effects	104

پیش لفظ

عزیزانِ گرامی

پیشِ خدمت ہے کورل ڈرا ایکس فائیو کا مکمل کورس۔۔۔ میں اتفاقات پر زیادہ یقین نہیں رکھتا لیکن یہ کورس جس سے آپ مستفید ہونے جا رہے ہیں اسے اتفاق ہی سمجھ لیں۔۔۔ کورل ڈرا کا کورس شروع کرنے سے پہلے میرے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ میں ایک ایسے سافٹ ویئر کا کورس شروع کروانے والا ہوں جسے میں نے ایک مرتبہ بھی استعمال نہیں کیا اس کی الف بے بھی نہیں آتی تھی۔۔ کورل ڈرا کے جب فوائد کا علم ہوا تو فوری آئی ٹی درسگاہ ڈاٹ کام کے کورسز سیکشن میں چلا گیا لیکن مایوسی ہوئی۔۔ اتنے اہم ترین سافٹ ویئر کا کوئی بھی کورس فورم پر موجود نہیں تھا۔۔۔ سوچا کیوں نا کورل ڈرا خود بھی سیکھوں اور دوسروں کو بھی سکھاؤں۔۔ لیکن مجھے خود اس کا کچھ علم نہیں تھا تو کیسے سکھاتا؟؟؟۔۔۔ لیکن اس سوچ کے برعکس میرے اندر ایک اعتماد بھی تھا۔۔ میں جانتا تھا کہ اللہ پاک نے مجھے سکھانے کی صلاحیت بخشی ہے میں سبھی سافٹ ویئرز پر ٹیوٹوریلز بناتا ہوں کمپیوٹر پرابلمز پر ٹیوٹوریل بنا لیتا ہوں سب کے ساتھ شیئر کرتا ہوں اور لوگ مستفید ہوتے ہیں۔۔ میرے دوست میری ہمیشہ حوصلہ افزائی کرتے تھے۔۔ مجھے یقین تھا اگر میں ارادہ کر لوں تو یہ بھی بہت زیادہ مشکل ثابت نہیں ہوگا۔۔۔ میرا مقصد نیک ہے اللہ تعالیٰ مدد فرمائے گا میرے دوست میری حوصلہ افزائی کریں گے۔۔ میں ضرور کامیاب ہوں گا۔۔۔ میں نے انٹرنیٹ پر کورل ڈرا انگلش ٹیوٹوریلز سرچ کرنا شروع کر دیئے۔۔ پھر سبھی ٹیوٹوریلز کی ترتیب کا ایک خاکہ تشکیل دیا۔۔ اور پھر اس پر محنت شروع کر دی۔۔ یہ سچ ہے کہ میں جب ایک کلاس پوسٹ کرتا تو مجھے معلوم نہیں ہوتا تھا کہ میں آئندہ کلاس میں کیا سکھانے والا۔۔ میں پہلے خود سیکھتا تھا۔۔ مکمل پریکٹس کرتا تھا۔۔ پھر جب مجھے سمجھ آ جاتی تھی تو اس کی کلاس بنا کر شیئر کر دیا کرتا تھا۔۔۔ میں بھی آپ کے جیسا ہی ایک اناڑی ہوں۔۔ کورل ڈرا میں دلچسپی رکھنے والے کچھ ممبرز نے مجھے اپنا استاد بنا لیا لیکن حقیقت یہی ہے کہ میں کوئی استاد نہیں ان کے جیسا اناڑی ہی ہوں شاید وہ مجھ سے زیادہ ہی اس بارے میں جانتے ہوں گے۔۔۔ کیونکہ جو لوگ میرے کورس سے استفادہ حاصل کرتے رہیں یا اس کتاب سے استفادہ حاصل کرنا چاہتے ہیں یقیناً وہ کاروباری سطح پر اس کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔۔ ضرورت ہی ایجاد کی ماں ہوتی ہے۔۔ ضرورت ہی آپ کے ذہن کو تخلیق کار بناتی ہے۔۔ مجھے کورل ڈرا کی کبھی ضرورت تھی ہی نہیں مجھے ضرورت تھی تو صرف دوسروں کو سکھانے کی۔۔ میں نے صرف سکھانے کی غرض سے اس سافٹ ویئر کا استعمال سیکھا۔۔ لیکن آپ جس مقصد کے تحت سیکھنا چاہتے ہیں مجھے پورا یقین ہے آپ اِنشاءاللہ العزیز اس کورس سے بھرپور استفادہ حاصل کریں گے اور ایک بہت اچھے کورل ایکسپرٹ بن جائیں گے۔۔۔ میرا مقصد صرف بھلائی کرنا اور دعائیں حاصل کرنا تھا۔۔ آپ کی دعاؤں کی مجھے ہمیشہ ضرورت رہے گی۔۔۔ والسلام

آپ کی دعاؤں کا طالب

عبدالمالک

انتساب

آئی ٹی درسگاہ ڈاٹ کام کے نام

بلاشبہ کچھ بھی سکھانے کے قابل اسی فورم سے ہوا ہوں۔

ان دوستوں کے نام

جنہوں نے اس کورس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے

اور کتابی شکل میں

آپ تک پہنچانے کے لیے

قدم قدم پر رہنمائی کی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہوم سکرین: Home Screen

سافٹ ویئر کا استعمال سیکھنے سے پہلے ہم ہوم سکرین کا جائزہ لیں گے۔ تاکہ سمجھنے میں آسانی رہے۔ مین سکرین میں بائیں جانب ٹولز بار ہے۔ جبکہ دائیں جانب کلرز ٹول بار ہے۔۔اور سب سے پہلے ہر سافٹ ویئر کی طرح مینیو بار Menu Bar ہے جس میں آپ کو File, Edit, View, Layout, Arrange, Effects وغیرہ کے آپشنز نظر آ رہے ہیں۔ انہیں مینیو بٹن بھی کہا جا سکتا ہے۔ اِس کے نیچے بٹنز بار Buttons Bar موجود ہے جس پر کچھ بٹن بنے ہوئے ہیں۔ یہ بٹن فائل مینیو سے متعلق ہیں۔ یعنی شارٹ کٹس ہیں یہاں سے آپ ڈائریکٹ کسی بھی فائل کو اوپن کلوز، امپورٹ یا ایکسپورٹ کر سکتے ہیں۔۔اس سے نیچے آپشنز بار ہے۔ اِس ایریا میں نظر آنے والے آپشنز ٹولز وغیرہ تبدیل کرنے سے تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ جبکہ درمیان میں ڈاکومنٹ اس کے نیچے پیجز بٹنز اور اُس سے نیچے سٹیٹس بار موجود ہے۔

نیا ڈاکومنٹ بنانا:



عام طور پر سافٹ ویئرز میں نیا ڈاکومنٹ بنانے کے لیے Ctrl+N کا شارٹ کٹ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہی شارٹ کٹ آپ کورل ڈرا میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اِس کا ایک دوسرا طریقہ بھی ہے۔ مینیو بار میں سے فائل پر کلک کریں اور لسٹ میں سے سب سے پہلے والا آپشن NEW منتخب کریں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں فائل مینیو اور New ڈاکومنٹ بنانے کے نیو کی آپشن کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اِس کا ایک اور آسان طریقہ یہ ہے کہ مینیو بار سے نیچے بٹن بار میں موجود بائیں جانب سے پہلے بٹن پر کلک کریں۔

جیسا کے سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔ New پر کلک کرنے سے ایک نیا ڈائیلاگ باکس آپ کے سامنے ظاہر ہوگا۔ جس میں آپ نئے ڈاکومنٹ کی لمبائی چوڑائی وغیرہ ترتیب دے سکتے ہیں۔۔لیکن فی الحال اتنی گہرائی میں جانے کی ضرورت نہیں ہے اِڈائیلاگ باکس میں آپ صرف OK پر کلک کر دیں۔ آپ کی سکرین پر ایک نیا ڈاکومنٹ اب آپ کے سامنے ہوگا۔ اِس ڈاکومنٹ پر آپ کچھ بھی ڈیزائن کر سکتے ہیں۔ لیکن فی الحال ہم نے ڈیزائننگ نہیں کرنی بلکہ صرف نیا ڈاکومنٹ بنانا اور

اسے سیو کرنا ہی سیکھنا ہے۔ نیا ڈاکومنٹ تو آپ نے بنالیا۔ اب بائیں جانب موجود ٹول بار میں سے Text ٹول منتخب کریں تو نئے ڈاکومنٹ پر کچھ بھی اپنی مرضی کا لکھ دیں۔ ٹیکسٹ ٹول آپ چاہیں تو اپنے کی بورڈ میں سے F8 پریس کر کے بھی منتخب کر سکتے ہیں۔ سادہ الفاظ میں ٹیکسٹ ٹول کا شارٹ کٹ F8 ہے۔ بہرحال ٹول باکس میں سے ٹیکسٹ ٹول کی نشاندہی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ ماؤس کرسر ٹیکسٹ ٹول پر لیجانے سے Hint بھی ظاہر ہوتا ہے جس میں ٹول کو استعمال کرنے کے متعلق Hints دیے گئے ہوتے ہیں۔ ٹیکسٹ ٹول منتخب کرنے کے بعد ڈاکومنٹ پر کچھ لکھیں۔۔ جیسا کے میں نے Corel Draw X5 لکھا ہے۔ لیکن ٹیکسٹ لکھنے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ آپ کے ٹیکسٹ ورڈز کے اِرد گرد کچھ ڈِبے سے بن گئے ہیں۔ یہ پوائنٹس ہیں جس کی مدد سے ہم ٹیکسٹ کو ایک جگہ سے دوسری جگہ موو کر سکتے ہیں۔۔ لیکن اِن کے متعلق تفصیل سے آئندہ کلاسز میں سمجھایا جائے گا۔ فی الحال آپ اس ڈاکومنٹ کو سیو کرنے کے لیے اپنے کی بورڈ سے Ctrl+S پریس کریں۔ یا پھر مینیو بار میں سے فائل پر کلک کر کے Save کی آپشن سیلیکٹ کریں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ یا پھر بٹن بار میں سے بائیں جانب سے تیسرا بٹن پریس کریں۔ مزید رہنمائی کے لیے اِس کا بھی سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔







کی بورڈ شارٹ کٹ، فائل مینیو یا شارٹ کٹ سیو بٹن پریس کرلیں ایک ہی بات ہے۔ آپ کو جو زیادہ آسان لگے وہی راستہ اختیار کریں۔ بہرحال سیو پر کلک کرنے سے ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے ظاہر ہوگی۔ جس کے ذریعے آپ نے ڈاکومنٹ کو اپنی مرضی کی فارمیٹ میں سیو کرنا ہے۔ کورل ڈرا سافٹ ویئر کے ڈاکومنٹ کی ڈیفالٹ ایکسٹنشن CDR ہے۔ اِس ایکسٹنشن میں Save کی گئی فائل صرف کورل ڈرا میں ہی اوپن ہوگی۔ اگر آپ نے بنائے ہوئے ڈاکومنٹ میں اپنا کام ادھورا چھوڑا ہو تو اسے CDR فارمیٹ میں ہی سیو کرنا چاہیے تا کہ بعد میں اُسے کورل ڈرا میں اوپن کر کے پروجیکٹ مکمل کیا جاسکے۔۔

اِس کے علاوہ آپ کو Save As Type کے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کرنے سے مزید ایکسٹنشنز نظر آئیں گی۔۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین ملاحظہ



فرمائیں۔

آپ ضرور حیران ہوں گے کہ اِس لسٹ میں تو ایڈوب السٹریٹر سافٹ ویئر کے لیے Ai ایکسٹنشن میں بھی فائل Save کر سکتے ہیں۔دراصل ایڈوب السٹریٹر اور کورل ڈرا تقریباً ایک ہی کیٹگری کے سافٹ ویئرز ہیں۔ لیکن ایڈوب السٹریٹر زیادہ ایڈوانس ہے اُس میں ہم تھری ڈی لوگوز وغیرہ زیادہ عمدہ طریقے سے بناسکتے ہیں۔۔لیکن ایڈوب السٹریٹر کورل کی نسبت کافی مشکل ہے۔لیکن اگر آپ کورل ڈرا ایکسپرٹ بن جاتے ہیں تو آپ ایڈوب السٹریٹر بھی با آسانی سیکھ سکتے ہیں۔ بہر حال اِس لسٹ میں آپ کو بہت ساری ایکسٹنشنز نظر آرہی ہیں۔جن میں پی ڈی ایف۔۔ Ai, اور Eps جیسی مشہور فارمیٹس بھی موجود ہیں۔۔اگر آپ کورل ڈرا میں بنایا ہوا اوبجیکٹ ایڈوب فوٹوشاپ میں ایڈیٹ کرنا چاہتے ہیں تو اپنے

ڈاکومنٹ کو Eps فارمیٹ میں Save کریں۔ اور اگر آپ کے کوئی کتاب وغیرہ ڈیزائن کی ہے تو اسے PDF میں Save کریں۔ اگر ایک ٹمپریری



ڈاکومنٹ بنایا ہے تو اسے کورل ڈرا کی ہی ایکسٹنشن Cdr میں Save کریں۔ اگر آپ اِس لسٹ میں سے Ai ایکسٹنشن سلیکٹ کرتے ہیں تو اسے Save کرتے وقت آپ کو ایک اور ونڈو کا سامنا کرنا پڑے گا۔ جس میں آپ نے اپنے ایڈوب السٹریٹر کا ورژن منتخب کرنا ہے۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ آپ اِس وقت ایڈوب السٹریٹر کا جو ورژن استعمال کر رہے ہیں ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے وہی ورژن سیلیکٹ کریں اور اُس کے بعد Ok پر کلک کردیں۔ اگر آپ نے Ai کے علاوہ کسی اور فارمیٹ میں ڈاکومنٹ سیو کرنا ہے تو مطلوبہ ایکسٹنشن سیلیکٹ کرکے Ok پریس کردیں آپ کا بنایا ہوا ڈاکومنٹ آپ کی مرضی کے مطابق Save ہوجائے گا۔

ڈاکومنٹ کو تصویری فارمیٹ میں Save کرنا (.jpg or .gif)

اِس لسٹ میں ڈاکومنٹ کو تصویر کی صورت میں محفوظ کرنے کی آپشن نہیں ہے لیکن اگر آپ ڈاکومنٹ کو بطور تصویر Save کرنا چاہتے ہیں۔ تو اپنے کی بورڈ کی مدد سے Ctrl+E پریس کریں یا پھر فائل مینیو میں سے Export پر کلک کریں۔ اور جیسے آپ نے نارمل ڈاکومنٹ سیو کرتے وقت مرضی کی ایکسٹنشن منتخب کی تھی بالکل اسی طرح ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے GIF یا JPG ایکسٹنشن سیلیکٹ کرکے Export کا بٹن پریس کردیں۔۔ لیکن تصویری صورت میں Save کرنے سے آپ کا بنایا ہوا ڈیزائن ایک ویکٹر نہیں رہے گا بلکہ Image بن جائے گا۔ ویکٹر پکسلز کی قید سے آزاد ہوتے ہیں جبکہ Images ایک حد تک Zoom کرنے کے بعد پکسل image کا ساتھ چھوڑ جاتے ہیں یعنی image دھندلا جاتی ہیں۔

Page Settings & Guidelines: پیج سیٹنگز+گائیڈلائنز

☆ کورل ڈرا اوپن کریں اور ایک نیا ڈاکومنٹ بنائیں۔ نئے ڈاکومنٹ کے لیے سیٹنگز ڈیفالٹ ہی رہنے دیں۔ بس Ctrl+N پریس کریں اور سیٹنگز کا ڈائیلاگ باکس ظاہر ہونے پر Enter کا بٹن پریس کردیں۔ نیا ڈاکومنٹ بنا جائے گا۔

☆ یہاں پر سب سے اہم نقطہ ہے کہ آپ نیا ڈاکومنٹ کس ٹائپ کا بنانا چاہتے ہیں۔ یعنی آپ کوئی نیوز لیٹر لے آوٹ ڈیزائن کرنا چاہتے ہیں۔ یا کسی سرکاری درخواست کے لیے پیج بنانا چاہتے ہیں یا کوئی بزنس کارڈ بنانا چاہتے ہیں۔ یا پھر کسی خط کا لفافہ بنانا چاہتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ جس ٹائپ کا آپ ڈاکومنٹ بنانا چاہتے ہیں آپ کو پہلے کورل ڈرا کے ڈاکومنٹ مینیو میں سے وہ ٹائپ سیلیکٹ کرنا ہوگی۔ ڈاکومنٹ مینیو میں ڈاکومنٹ ٹائپس کے متعلق رہنمائی حاصل کرنے کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ مینیو بار کے نیچے بٹن بار اور اس کے نیچے آپ کو ڈاکومنٹ ٹائپ کی آپشن نظر آئے گی۔ سکرین شاٹ کے مطابق ڈراپ ڈاؤن مینو کے تیر کے نشان پر کلک کریں اور کھلنے والی لسٹ میں سے آپ نے جس ٹائپ کا ڈاکومنٹ بنانا ہے وہ ٹائپ سیلیکٹ کریں۔ سکرین شاٹ میں جو لسٹ دکھائی گئی ہے یہ صرف نشاندہی کے لیے ہے۔ کورل ڈرا میں یہ لسٹ خاصی لمبی ہے۔ لیکن اتنی لمبی لسٹ کا سکرین شاٹ نہیں دیا جا سکتا اِس لیے صرف نشاندہی کے لیے ایک مختصر سے حصے کا سکرین شاٹ دیا گیا ہے۔ جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے لسٹ



میں سے Letter منتخب کیا ہے بالکل اسی طرح آپ بھی اپنی مرضی کی کوئی بھی فارمیٹ سلیکٹ کر سکتے ہیں۔اگر بالفرض آپ کی مرضی کی ڈاکومنٹ ٹائپ اِس لسٹ میں آپ کو نظر نہیں آرہی تو اس لِس کے دائیں جانب ساتھ لگے ہوئے سائز باکسز میں اپنی مرضی کا سائز اینٹر کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیت سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اوپر والے باکس کے ذریعے آپ ڈاکومنٹ کی چوڑائی تبدیل کر سکتے ہیں۔جبکہ نیچے والے باکس میں سے آپ ڈاکومنٹ کی لمبائی تبدیل کر سکتے ہیں۔دونوں باکسز کے مینیو اَپ Menu Up اور Menu Down کے تیر نشانوں والے چھوٹے چھوٹے بٹن بنے ہوئے ہیں۔نیچے کی طرف والے تیر پر کلک کر کے آپ سائز کم کر سکتے ہیں جبکہ اوپر کی طرف والے تیر پر کلک کر کے آپ سائز بڑھا سکتے ہیں۔سکرین شاٹ میں تیر کے نشان کی مدد سے سائز کم کرنے والے بٹن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔جس سے سائز باکس میں سائز کچھ کم ہوگیا ہے۔یعنی ڈاکومنت کی چوڑائی کم کردی گئی ہے۔ایک چیز اور۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں نظر آرہا ہے کہ جہاں پر سائز لکھا ہے سائز کے ساتھ اِنچ کی علامت "نظر آرہی ہے۔اِس سے ظاہر ہورہا ہے کہ آپ جو سائز اِس باکس میں دیکھ رہے ہیں وہ اِنچ کی صورت میں ہے۔لیکن اگر آپ یہ سائز



Milimeters,Pixels,Feet,Yards,Miles یا کسی اور Unite ٹائپ میں دیکھنا چاہتے ہیں تو اسی پٹی پر دائیں جانب نگاہ دوڑائیں آپ کو دائیں جانب سائز باکسز کے ساتھ چار بٹن لگے ہوئے نظر آئیں گے اور اُن بٹنوں کے دائیں جانب ساتھ میں آپ کو ایک ڈراپ ڈاؤن مینیو کے ساتھ Units لکھا ہوا نظر آئے گا۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں ہے کہ سائز باکسز کے دائیں جانب 4 بٹن ہیں اور اُن کے دائیں جانب ساتھ میں یونٹ کا ڈراپ ڈاؤن مینیو ہے جسے تیر کے نشان کی مدد سے ظاہر کیا گیا ہے۔میں نے اپنی مرضی کا ڈاکومنٹ بنانے کے لیے لمبائی اور چوڑائی Pixels میں سلیکٹ کی ہے۔کیونکہ میں نے یہی ڈیزائننگ بعد میں فوٹو شاپ اور السٹریٹر میں تبدیل کرنی ہے۔یہاں تک تو آپ نت اپنے مین پیج کی سیٹنگز مکمل طور پر ایڈجسٹ کرلی ہے۔

لیکن اب یہاں پر مسئلہ کھڑا ہوتا ہے دوسرے صفحات کا۔اگر آپ کوئی نیا پیج اِس ڈاکومنت میں شامل کریں گے تو اُس نئے پیج کی سیٹنگز تبدیل کرنے سے آپ کے اِس ڈاکومنٹ کی سیٹنگز بھی تبدیل ہوجائے گی۔بہرحال پہلے میں آپ کو اسی ڈاکومنٹ میں ایک نیا صفحہ شامل کرنا سکھاؤں گا۔



اپنے بنائے ہوئے ڈاکومنٹ کے نیچے بائیں جانب نگاہ دوڑائیں۔آپ کو Page1 لکھا ہوا نظر آئے گا۔اِس کا مطلب ہے کہ آپ نے جو ڈاکومنٹ بنایا ہے یہ اُس کا پہلا صفحہ ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔Page1 والے بٹن کی نشاندہی تیر کے نشان نمبر 1 کی مدد سے کی گئی ہے۔اب اِس کے ساتھ سکرین شاٹ میں 2 مزید تیر کے نشان ہیں۔اِس میں سے جو نمبر 2 ہے وہ ایک نیا پیج بنانے کے لیے ہے۔لیکن نمبر 2 پر کلک کرنے سے جو نیا پیج بنے گا وہ آپ کے موجودہ ڈاکومنٹ کے بائیں جانب ہوگا۔اِسی طرح اگر آپ نشان نمبر 3 والے بٹن پر کلک کریں گے تو نیا پیج آپ کے موجودہ ڈاکومنٹ کے دائیں جانب بنے گا۔یعنی تیر کے نشان نمبر 2 اور تیر کے نشان نمبر 3 والے دونوں بٹن نیا پیج بنانے کے لیے ہیں لیکن دائیں جانب والے پر کلک کرنے ے سے نیا پیج دائیں جانب اور بائیں جانب والے پر کلک کرنے سے بائیں جانب بنے گا۔

☆نیا پیج بنانا تو آپ نے سیکھ لیا اب پیج تبدیل کرنا بھی سیکھ لیں۔اگر اپ 2 یا 2 سے زائد پیجز بنا لیتے ہیں تو اپنی مرضی کے پیج پر جانے کے لیے نیچے دیۓ گئے



سکرین شاٹ کے مطابق نشان نمبر ایک کے مطابق ریورس کے بٹن پر کلک کریں آپ پچھلے صفحے پر چلے جائیں گے۔اور اگر آگے والے صفحے پر جانا چاہتے ہیں تو نشان نمبر 2 کے مطابق فارورڈ کے بٹن پر کلک کریں اسی طرح اگر آپ کوئی پیج ڈیلیٹ کرنا چاہتے ہیں یا کسی پیج کا نام تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو مطلوبہ پیج پر رائٹ کلک کریں۔سکرین شاٹ کے مطابق ایک لسٹ نمودار ہو جائے گی جسے نشان نمبر 3 سے ظاہر کیا گیا ہے۔اِس میں مختلف آپشنز درج ہیں۔اِن کو استعمال میں لا کر آپ اپنی مرضی سے کوئی بھی پیج ڈیلیٹ بھی کر سکتے ہیں۔نام بھی تبدیل کر سکتے ہیں ڈپلیکیٹ بھی تیار کر سکتے ہیں اور نیا پیج بھی شامل کر سکتے ہیں۔

☆مزید آگے جانے کے لیے پہلے متعدد بار پیجز کی اِس سیٹنگز کے متعلق پریکٹس کریں کیونکہ ہم باقی ڈیزائننگ سے تو شوق سے سیکھ لیں گے لیکن یہ بور سا ٹاپک بعد

میں ہمارے بہت کام آئے گا۔ بہرحال اب پیج نمبر 2 سلیکٹ کریں۔

☆ پیج نمبر دو کے ڈاکومنٹ میں کوئی بھی تبدیلی عمل میں لائیں جیسا کے میں پیج نمبر 2 کو Portrait سے Landscape میں تبدیل کر رہا ہوں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں Landscape کے بٹن کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ اس بٹن کو پریس کرنے سے ہمارا ڈاکومنٹ کی لمبائی چوڑائی میں بدل جائے گی اور چوڑائی لمبائی میں تبدیل ہو جائے گی۔ لیکن اس بٹن پر کلک کرنے کے بعد آپ دیکھیں کہ آپ کا فرسٹ پیج بھی Landscape ہو گیا ہے۔ یعنی فرسٹ پیج کی بھی سیٹنگز تبدیل ہو گئی ہیں۔



سیٹنگز کو صرف اپنی مرضی کے پیج پر اپلائی کرنا۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی کی گئی پیج سیٹنگز صرف پیج نمبر 2 کے لیے ہی ہوں اور یہ سیٹنگز پیج نمبر 1 کی سیٹنگز پر بالکل بھی اثر انداز نا ہوں تو اِس کے لیے پیج نمبر 2 یا اپنی مرضی کا کوئی بھی پیج جس کی سیٹنگز آپ باقی پیجز سے مختلف رکھنا چاہتے ہیں وہ سیلیکٹ کریں۔ اور Current Page کے بٹن پر کلک کریں۔ کرنٹ پیج کا بٹن کونسا ہے یہ جاننے کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں Apply These Settings For Current Page Only کے بٹن کی نشاندہی کی گئی ہے۔ یہ والا پریس کرنے کے بعد آپ اپنے فرسٹ پیج پر کوئی بھی سیٹنگز تبدیل کریں یا پیج نمبر 2 پر کوئی بھی سیٹنگز رکھیں اِس سے پیج نمبر 1 یا پیج نمبر 2 کی سیٹنگز پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ یہ نہایت ضروری ہے کیونکہ پروفیشنل ڈیزائنر بننے کے بعد اِس چیز کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہوتا ہے ورنہ منٹوں کا کام گھنٹوں کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ امید ہے یہاں تک آپ کو پیج کی مکمل سیٹنگز سمجھ میں آ گئی ہوں گی۔ اب آتے ہیں گائیڈ لائنز کی طرف۔



☆ گائیڈ لائنز جب ہم استعمال کرتے ہیں تو یہ گائیڈ لائنز ہمارے پرنٹ کیے گئے پیج پر نظر نہیں آتیں یہ صرف ہماری رہنمائی کرتی ہیں۔ پیمائش کے سلسلہ میں گائیڈ لائنز کی مدد سے ہم ایک سینٹی میٹر کا بھی دھوکہ نہیں کھا سکتے۔ مثال کے طور پر اگر ہم کوئی کتاب ڈیزائن کرر ہے ہیں تو اُس میں ٹیکسٹ پیسٹ کرتے وقت کبھی کبھار ایسا ہوجاتا ہے کہ ایک صفحے پر ہم ٹیکسٹ دائیں جانب جبکہ دوسرے صحے پر ہم بائیں جانب کم یا زیادہ کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے ڈیزائننگ میں فرق آجاتا ہے۔ ایسی صورت میں اگر ہم پیج کے دونوں اطراف گائیڈ لائنز لگا لیں تو ہم جتنا بھی ٹیکسٹ کتاب کے ہر صفحے پر پیسٹ کریں گائیڈ لائنز کی مدد سے ہم باآسانی اُسے ایڈجسٹ کر سکیں گے۔ آپ کتب دیکھتے ہیں تو آپ نے نوٹ کیا ہوگا کہ ہر صفحے پر جہاں سے ایک لائن شروع ہوتی ہے اور جہاں پر ختم ہوتی ہے ہر صفحے پر بالکل اسی جگہ پر ہی شروع اور ختم ہوتی ہے۔

☆ گائیڈ لائن لگانے کے لیے ڈاکومنٹ کے اوپر اور بائیں جانب جو پیمائشیں لگی ہوئی نظر آرہی ہیں وہاں پر کسی بھی جگہ پر کلک کریں اور ڈریگ کرتے ہوئے اپنے ڈاکومنٹ پر لاکر چھوڑ دیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے پہلے گائیڈ لائن کو پکڑیں اور اپنی مرضی کی



جگہ پر لاکر چھوڑ دیں۔ یہ جو گائیڈ لائن ہم نے لگائی ہے یہ چوڑائی کے رُخ پر تھی۔ اگر آپ کوئی گائیڈ لائن اوپر سے نیچے کی طرف یعنی ڈاکومنٹ کے بائیں یا دائیں جانب لگانا چاہتے ہیں تو بالکل اسی طرح بائیں جانب والے پیمائش والے حصہ میں سے کسی ایک جگہ پر کلک کر کے ایک نئی گائیڈ لائن آپ دائیں یا بائیں جانب بھی لگا سکتے ہیں۔ اس طرح آپ جتنی چاہے مرضی گائیڈ لائنز لگا سکتے ہیں۔ اور اگر آپ کوئی گائیڈ لائن ڈیلیٹ کرنا چاہتے ہیں تو گائیڈ لائن پر کلک کریں اور اپنے کی بورڈ سے Delete کا بٹن دبائیں۔ گائیڈ لائن ڈیلیٹ ہوجائے گی۔ یہی کام آپ کسی بھی گائیڈ لائن پر رائٹ کلک کر کے بھی کر سکتے ہیں۔۔

Basic Shapes: بیسک شیپس

☆کورل ڈرا سافٹ ویئر اوپن کریں اور ایک نیا ڈاکومنٹ بنائیں۔



☆اب بائیں جانب ٹول بار کی طرف نگاہ دوڑائیں۔ ٹول بار میں سے سب سے پہلے آپ Rectangle Tool سیلیکٹ کریں۔۔۔ یہ ٹول آپ مائیکروسافٹ پینٹ میں بھی استعمال کر چکے ہیں۔ Rectangle Tool کونسا ہے یہ جاننے کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

Rectangle Tool سیلیکٹ کرنے کے لیے آپ اِس کی شارٹ کٹ کی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ سکرین شاٹ میں دیکھیں ماؤس پوائنٹ کو جیسے ہی ہم Rectangle ٹول کے اوپر لیکر گئے ایک چھوٹا سا ڈائیلاگ باکس ظاہر ہوگیا۔ یہ دراصل ٹول Hint ہے۔ اِس میں آپ کو بریکٹس میں Rectangle Tool کا شارٹ کٹ F6 لکھا ہوا نظر آ رہا ہوگا۔ اِس کا مطلب ہے کہ اگر آپ کی بورڈ سے F 6 پریس کریں گے تب بھی خود بخود Rectangle Tool سیلیکٹ ہو جائے گا۔ بہرحال شارٹ کٹ کے ذریعے یا ماؤس کی ذریعے Rectangle Tool سیلیکٹ کریں۔ اور ڈاکومنٹ پر کسی ایک جگہ بائیں جانب کلک کریں اور نیچے اور دائیں جانب ڈریگ کریں۔ ایک مستطیل بن جائے گی۔ بالکل اُسی طرح جس طرح آپ پینٹ میں ایک مستطیل بنا لیتے

ہیں۔۔۔ اور اگر آپ بالکل مربعی شکل بنانا چاہتے ہیں تو Rectangle Tool سیلیکٹ کریں اور کی بورڈ میں سے Ctrl کا بٹن بھی ساتھ میں دبا کر رکھیں۔ Ctrl کا بٹن دبائے رکھنے سے آپ Rectangle Tool سے ایک مربعی شکل بنا سکتے ہیں۔ آپ خواہ ماؤس کو صرف دائیں جانب جانب موو کریں یا نیچے کی جانب کنٹرول کا بٹن پریس ہونے کی وجہ سے Shape دونوں طرف بڑھے گی اور مربع کی شکل میں ہی رہے گی۔ جیسا کہ سکرین شاٹ میں نظر آ رہی ہے۔





☆اگر آپ اپنی بنائی ہوئی شیپ مستطیل یا مربع کو کلر کرنا چاہتے ہیں تو دائیں جانب کلر پلیٹ میں سے کسی بھی کلر پر کلک کریں آپ کی شیپ کا کلرڈ ہو جائے گی۔اور اگر آپ کسی کلر پر رائٹ کلک کریں گے تو آپ کی بنائی ہوئی شیپ کے بارڈر کا کلر تبدیل ہو جائے گا۔جیسا کہ میں نے مربعی شکل کے کلرز تبدیل کیے ہیں۔۔رہنمائی کے لیے سکرین شاٹس ملاحظہ فرمائیں۔



☆اب دوبارہ اِسی Rectangle Tool پر ڈبل کلک کریں۔آپ دیکھیں گے کہ آپ کا مکمل ڈاکومنٹ ہی سلیکٹ ہو گیا ہے۔مکمل ڈاکومنٹ چونکہ سلیکٹ ہو گیا ہے اِس لیے اب آپ کلر پلیٹ میں سے کسی بھی کلر پر لیفٹ کلک کر کے بیک گراؤنڈ کا رنگ تبدیل کر سکتے ہیں اور رائٹ کلک کر کے بارڈر کا کلر تبدیل کر سکتے ہیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔میں نے بیک گراؤنڈ اور بارڈر دونوں کا کلر تبدیل کر دیا ہے۔

☆اگر آپ بارڈر موٹا یا باریک کرنا چاہتے ہیں تو بالائیں بائیں جانب آپ پین سائز تبدیل کر کے اِس کا سائز بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔



یہاں پر سائز تبدیل کرنے سے آپ کسی بھی مستطیل مربع یا کسی بھی شیپ کا بارڈر کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔فی الحال نمونے کے طور میں ڈاکومنٹ کا بارڈر سائز بڑھا رہا ہوں۔۔مزید رہنمائی کے لیے دائیں جانب والا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں جو آپشن دکھائی گئی ہے اِس کی مدد سے ہم کسی بھی شیپ کا بارڈر سائز کم یا زیادہ کر سکتے ہیں یہ دراصل بارڈر نہیں ہمارے پین ٹول یا پنسل ٹول کی موٹائی ہے۔یہاں سے جتنا سائز سلیکٹ کریں گے کوئی بھی شیپ یا ڈرائنگ وغیرہ بناتے وقت ہمارا پین ٹول یا پنسل ٹول اسی لحاظ سے موٹائی میں ڈیزائن بنائے گا۔مختصر یہ کہ یہ آپشن پین سائز کم یا زیادہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔یہاں پر میں نے تجربے کے لیے 10.0pt سائز منتخب کیا اور دیکھیں کورل ڈرا میں موجود بیک گراؤنڈ کا بارڈر زیادہ موٹا ہو گیا ہے۔



☆اب ڈاکومنٹ پر بنائی گئی مستطیل یا مربع شکل پر کلک کریں۔کلک کرنے سے مستطیل یا مربع کے چاروں کونوں پر پوائنٹس بن جائیں گے۔ان پوائنٹس کو پکڑ کر



آپ مستطیل یا مربع شکل کی لمبائی چوڑائی میں اضافہ کرسکتے ہیں یا کم بھی کرسکتے ہیں۔بہر حال اردگرد کے پوائنٹس کے علاوہ آپ کو مستطیل یا مربع شکل کے درمیان میں ایک X کا نشان نظر آئے گا۔اس پر ماؤس لیجانے سے آپ کو چھوٹا سا Centre لکھا ہوا نظر آئے گا۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اس کراس کے نشان کو پکڑ کر ہم اپنی بنائی ہوئی شیپ کو موو Move کر سکتے ہیں۔یعنی ایک سے دوسری جگہ حرکت دے سکتے ہیں۔۔لیکن اس پر سنگل کلک کرنے سے آپ کو اپنی بنائی ہوئی شیپ کے گرد پوائنٹس تبدیل ہوتے ہوئے نظر آئیں گے۔پہلے والے پوائنٹس کی جگہ اب آپ کو ہینڈلز بنے ہوئے نظر آئیں گے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ان میں سے جو ہینڈلز کونوں پر لگے ہوئے ہیں انہیں گھمانے سے ہماری بنائی ہوئی شیپ مربع سے چوکور کی شکل اختیار کرلے گی۔یعنی ہم اپنی مرضی سے شیپ کو گھما کر ایک نئی شکل دے سکتے ہیں۔





جیسا کہ سکرین شاٹ میں دیکھیں میں نے کارنرز والے ہینڈلز استعمال کرتے ہوئے تقریباً 45 ڈگری کے زاویہ پر مربعی شکل کو گھمایا اور اس طرح یہ مربہ کی جگہ چوکور شکل بن گئی۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

اس طرح ہم کسی بھی شیپ کے مرکزی نقطے پر کلک کرکے اُس کے کسی بھی ایک ہینڈل کو پکڑ کر کسی بھی طرف حرکت دے سکتے ہیں۔۔اور شیپ تبدیل کر سکتے ہیں جیسا کہ میں نے کی ہے۔۔یہ بنیادی شیپ تھی۔۔لیکن اب ہم کورل ڈرا کی دوسری منفرد شیپ کا استعمال سیکھیں گے۔

3-Point Rectagle Tool☆

☆یہ ٹول کسی بھی ایک مخصوص پوائنٹ کو لیکر ایک نیا Rectangle بنانے یعنی ایک نئی چوکور بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔3-Point



Rectangle ٹول سلیکٹ کرنے کے لیے سکرین شاٹ کے مطابق ٹول بار کی طرف نگاہ دوڑائیں اور Rectangle Tool کے ساتھ لگے ہوئے چھوٹے سے تیر کے نشان پر کلک کریں۔دائیں جانب چھوٹی سی لسٹ ظاہر ہوجائے گی۔ اس لسٹ میں دو ٹولز آپ کو دکھائی دیں گے۔ ایک Rectangle Tool اور دوسرا 3-Point Rectangle آپ تھری پوائنٹ ریکٹینگل ٹول پر کلک کریں۔ یہ والا ٹول منتخب کرنے کے بعد واپس اپنی بنائی ہوئی چوکور شیپ کی طرف آجائیں اور چوکور شیپ کے کسی ایک کونے پر کلک کریں۔



اِس پوائنٹ کو نہایت غور سے سمجھنے کی ضرورت ہے۔ سکرین شاٹ میں جو مدھم تیر کے نشانات ہیں وہ ڈریگنگ کو ظاہر کرتے ہیں۔ یعنی جتنی جگہ پر ماؤس کو ایک سے دوسرے پوائنٹ تک ڈریگ کیا گیا ہے اُتنے حصے کو مدھم ماؤس پوائنٹر جیسے نشانات سے ظاہر کیا گیا ہے۔ سکرین شاٹ میں چوکور کے جس کارنر کو پوائنٹ A ظاہر کیا گیا ہے وہاں پر کلک کریں لیکن بٹن چھوڑنا نہیں بلکہ ڈریگ کرتے ہوئے پوائنٹ B تک لے آئیں پوائنٹ B آپ اپنی مرضی کا کوئی بھی منتخب کر سکتے ہیں لیکن میں نے پوائنٹ B چوکور کا دوسرا کونا منتخب کیا ہے۔ پوائنٹ A سے پوائنٹ B تک ڈریگ کریں کریں اور اب بغیر کوئی بھی بٹن دبائے ماؤس پوائنٹ کو اوپر کی طرف لے جائیں آپ دیکھیں گے کہ آپ کے ماؤس پوائنٹ کے ساتھ ساتھ ایک نیا چوکور باکس بن رہا ہے۔ جیسا کہ میں نے سکرین شاٹ میں دیکھیں بنانا ہے۔ جہاں تک آپ نے یہ نیا چوکور باکس بنانا ہے اُس جگہ تک پاؤس پوائنٹر کو لاکر کلک کردیں۔ آپ کے پہلے سے موجود باکس کے ساتھ ایک نیا باکس چھوٹا سا باکس بن جائے گا۔۔ اِس باکس کو بنانے کے لیے میں نے صرف 2 مرتبہ کلک کیا ہے۔ پہلی کلک میں پوائنٹ A پر کی اور ڈریگ کرتے ہوئے پوائنٹ بی پر ماؤس کا بٹن چھوڑ دیا۔ اور دوسری کلک میں تھوڑا سا اوپر کرکے پوائنٹ C بنا دیا۔ اِس طرح میں ایک 3-Point Rectangle بنانے میں کامیاب ہوگیا۔۔

Ellipse Tool☆

ٹول بار کی طرف نگاہ دوڑائیں آپ کو Rectangle Tool کے نیچے ایک گول دائرہ بنا ہوا نظر آئے گا۔ یہ گول دائرے کے نشان والا ٹول Ellipse Tool کہلاتا ہے۔ Ellipse دراصل انڈہ کی شکل کو کہتے ہیں۔ انڈہ بیضوی ہوتا ہے اس لیے آپ Ellipse کا مطلب بیضوی بھی سمجھ سکتے ہیں۔ اِس ٹول کی مدد سے آپ باآسانی ایک بیضوی شیپ بنا سکتے ہیں۔ اور اگر آپ ایک بالکل صحیح گول دائرہ بنانا چاہتے ہیں تو کی بورڈ سے Ctrl کا بٹن دبا کر رکھیں۔ اور ماؤس کی مدد سے یہ ٹول استعمال کریں۔۔ کنٹرول کا بٹن پریس کرنے کے آپ ماؤس پوائنٹ کو چاہے صرف دائیں جانب حرکت دیں یا صرف نیچے کی جانب گول دائرہ دونوں اطراف ایک جیسا بڑھے گا یعنی بالکل صحیح گول دائرہ۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ اِن میں سے شکل A سادہ طریقے سے بنائی گئی ہے جبکہ شکل B کنٹرول کا بٹن پریس کرکے بنائی گئی ہے۔۔



اب آتے ہیں ایک نئے ٹول 3-Point Ellipse Tool کے استعمال کی طرف۔

3-Point Ellipse Tool☆

یہ والا ٹول بھی بالکل اُسی انداز میں ورک کرتا ہے جیسے 3-Point Rectangle Tool ورک کرتا ہے۔یعنی کسی بھی شیپ کے ایک مخصوص پوائنٹ کو پکڑ کر



ایک نئی شیپ بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔سب سے پہلے Ellipse ٹول پر لیفٹ کلک کریں اور ماؤس کا بٹن اُس وقت تک پریس کیے رکھیں جب تک دائیں جانب ٹول لسٹ اوپن نہیں ہوجاتی۔دائیں جانب اوپن والے ٹول لسٹ میں آپ Ellipse ٹول کے نیچے 3-Point Ellipse ٹول نظر آئے گا۔اِس ٹول پر کلک کرکے منتخب کرلیں۔اور ڈاکومنٹ پر اُسی شکل کی طرف واپس آجائیں جو ہم نے 3-Point Rectangle ٹول کی مدد سے بنائی ہے۔اور سکرین شاٹ کے مطابق پوائنٹ A سے پوائنٹ B کلک کرکے ڈریگ کرکے ماؤس کا بٹن چھوڑ دیں اور پوائنٹ C پر جاکر دوسری کلک کریں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں نے پہلے پوائنٹ A پر کلک کیا اور ماؤس کا بٹن چھوڑے بغیر ماؤس پوائنٹر کو ڈریگ کرتے ہوئے پوائنٹ B پر لیجا کر چھوڑ دیا۔۔اور جب اوپر کی جاب ماؤس کو حرکت کی تو ماؤس پوائنٹر کے ساتھ ساتھ ایک پوائنٹ A اور B سے ایک گول دائرہ بڑھنا شروع ہوگیا۔۔لیکن میں نے پوائنٹ C پر کلک کیا تو گول دائرہ ایڈجسٹ ہوگیا۔۔اس طرح جو نئی شکل بنی یہ کسی سرخی کے مانند ہے۔

☆ضروری ترکیب Important Tip

☆اگر کہیں کسی جگہ پر آپ سے غلطی ہوجائے اور ایسی شکل بن جائے جو آپ نہیں بنانا چاہتے تھے تو کی بورڈ کی مدد سے Ctrl+Z پریس کریں آپ کی ڈیزائننگ ایک درجہ پیچھے چلی جائے گی۔جتنی مرتبہ آپ Ctrl+Z پریس کریں گے اتنے درجے ڈیزائننگ پیچھے چلی جائے گی۔یعنی اگر آپ نے 4 لائنز باری باری لگائی ہیں



تو پہلے Ctrl+Z پریس کرنے سے چوتھی لائن ختم ہوجائے گی دوبارہ پریس کرنے سے تیسری بھی ختم ہوجائے گی اسی طرح بار بار پریس کرنے سے دوسری اور پھر پہلی بھی ختم ہوجائے گی۔Ctrl+Z کے علاوہ آپ کورل ڈرا میں موجود Undo کا بٹن بھی استعمال کرسکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں ایک Undo اور ایک Redo کے بٹن کی نشاندہی کی گئی ہے۔Undo ڈیزائننگ میں پچھلے سٹیپس پر جانے کے لیے اور Redo پیچھے جانے کے بعد دوبارہ آگے آنے کے لیے ہے۔

☆☆☆

ایڈوانس شیپس:Advance Shapes

☆کورل ڈراسافٹ ویئر اوپن کریں اور ایکNew Documentاپنی مرضی کے مطابق تیار کریں۔

☆اب کورل ڈراسافٹ ویئر میں بائیں جانب ٹولز پینل پر نگاہ دوڑائیں ۔ بیسک شیپس یعنی Rectangle Toolاور Ellipse Toolکے نیچے آپ کو ایک اور شیپ والا ٹول نظر آئے گا۔اِس ٹول کوPolygonٹول کہا جاتا ہے۔آپ اِس ٹول کا شارٹ کٹ اپنے ذہن میں رکھیں اِس ٹول کو ڈایریکٹ کی بورڈ سے سیلیکٹ کرنے کے لیے Y کا بٹن پریس کریں یہ ٹول ڈایریکٹ سیلیکٹ ہوجائے گا۔اب اِس ٹول کی مدد سے ڈاکومنٹ پیج پر ایک سمپل شیپ بنائیں۔۔بیسک شیپس کی طرح اِس ٹول کی مدد سے بھی اگر آپ کنٹرول کا بٹن پریس کرکے شیپ بنائیں گے تو ہر طرف سے بالکل صحیح شیپ بنے گی۔لیکن آج کی کلاس میں ہم نے صرف ٹول سیلیکٹ کرکے شیپس بنانے تک ہی نہیں رہنا بلکہ آگے بھی بڑھنا ہے۔پہلے یہ والا ٹول سیلیکٹ کریں پھر کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن دبائے رکھیں اور ایک متناسب سائز کی شیپ بنائیں۔۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دیکھیں میں نے بنائی ہے۔شیپ بنانے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ آپ کی بنائی ہوئی شیپ کے گرد چھوٹے چھوٹے سیاہ ڈبے اور لائنز میں کچھ ڈاٹس لگ گئے ہیں۔جیسا کہ شکل میں دکھائی دے رہا ہے۔۔یہ شیپ کے مِڈ پوائنٹس اور نوڈز وغیرہ ہیں جن کے متعلق ہم آئندہ کلاسز میں معلومات حاصل کریں گے۔بہر حال یہ جو ابھی بنائی ہے آپ نے یہ ایک فی الحال ایک سمپل شیپ ہے جو ہم نے سادہ طریقے سے بنائی ہے لیکن ہم نے اب مزید گہرائی میں





جاتا ہے۔لیکن ہم اس شیپ میں مزید تبدیلی عمل میں لاسکتے ہیں۔یعنی ہم اس شیپ کے کونے (Corners) ہم کم یا زیادہ بھی کر سکتے ہیں۔اس کے لیے پچھلے صفحے پر دیئے گئے سکرین شاٹ کے مطابق اوپر آپشنز بار میں موجود کارنرز والے باکس میں آپ اپنی مرضی کی تعداد اینٹر کر کے اپنی مرضی سے کارنرز کی تعداد میں اضافہ کر سکتے ہیں۔اور کم بھی کر سکتے ہیں۔اس کے لیے کم از کم کارنرز کی تعداد 3 ہے۔جبکہ زیادہ سے زیادہ آپ جتنے مرضی چاہے بنا سکتے ہیں۔جیسا کہ پچھلے صفحے پر سکرین شاٹ میں کارنرز کو کم یا زیادہ کرنے والی آپشن ہائیلائٹ کی گئی ہے۔میں نے سکرین شاٹ میں دکھائے گئے باکس میں کارنرز کی تعداد کم کر کے 3 کی اور اس کے بعد بڑھا کر 9 کر دی۔۔کارنرز کی تعداد 3 کرنے پر ہماری شیپ ایک 3 کونوں والی مثلث بن گئی۔اور بڑھانے پر ہماری شیپ کے کونے بڑھتے چلے گئے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں دکھائی گئی مثلث کونوں کی تعداد تین کرنے پر بنی ہے جبکہ دوسری شیپ تعداد 9 کرنے پر بنی ہے۔یعنی جیسے جیسے آپ کارنرز کی تعداد کم یا زیادہ کریں بالکل اسی طرح شیپ کے کونوں میں اسی ترتیب کے ساتھ اضافہ یا کمی ہوتی رہے گی۔بالکل اسی طرح اگر آپ اپنی بنائی گئی شیپ کا بارڈر سائز بڑھانا چاہتے ہیں تو اسی کارنرز والی آپشنز کے ساتھ آپ کو ایک باکس کے ساتھ پین کا نشان نظر آئے گا۔اُس باکس کے ذریعے آپ اپنا پین یا بارڈر سائز کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں ماؤس پوائنٹرز پر توجہ دیں۔میں نے پہلے کارنرز کی تعداد بڑھا کر 9 کر دی اور اُس کے بعد پین سائز 25px کر دیا۔9 کارنرز اور پین سائز 25 کرنے کے بعد میری بنائی ہوئی شیپ کچھ اس طرح کی شکل اختیار کر گئی۔اوپر دیا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اگر آپ اپنی بنائی ہوئی شیپ کو کلر کرنا چاہتے ہیں تو دائیں جانب کلر پینل میں سے کسی بھی کلر پر لیفٹ کلک کریں آپ کی شکل سکرین شاٹ میں دکھائی گئی شکل کے مطابق گرے کلر کی شیپ بن جائے گی۔اور اگر آپ بارڈر کلر تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو کلر پینل میں سے کسی بھی کلر پر رائٹ کلک کر لیں۔جیسا کہ اوپر دیئے گئے سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ شیپ کلر گرے ہے جبکہ بارڈر کلر گرین ہے۔امید ہے آپ اس شیپ کا استعمال سمجھ گئے ہوں گے۔





Star Tool☆

Polygon ٹول پر لیفٹ کلک کریں اور کلک دبائے رکھیں۔آپ کو Polygon Tool کے دائیں جانب ایک چھوٹی سی ٹولز لسٹ نظر آئے گی۔اس لسٹ میں



آپ کو Polygon کے نیچے ایک ستارے کے نشان والا Star Tool نظر آئے گا یہ ٹول منتخب کر لیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ کریں۔اب اِس ٹول کی مدد سے اپنے ڈاکومنٹ پر سٹار کی شکل بنائیں۔کنٹرول کا بٹن دبائے رکھیں تاکہ سٹار کی شیپ بالکل صحیح بن سکے۔سٹار کی شیپ بنانے کے بعد واپس اُسی آپشن کی طرف آجائیں جہاں سے آپ نے Polygon ٹول کے کارنرز کی تعداد میں اضافہ کیا تھا۔اسی آپشن کو استعمال کرتے ہوئے اب آپ سٹار شیپ کے بھی اینگلز بڑھا کر شیپ تبدیل کر سکتے ہیں۔اسی طرح اسی آپشن کے دائیں طرف ساتھ والی آپشن ہے Sharpness کی۔اِس کی مدد سے آپ اپنے سٹار ٹول کی مدد سے بنائی ہوئی شیپ کے انگلز بڑے یا چھوٹے کر سکتے ہیں۔۔ڈیفالٹ سائز 54 یا 53 ہوتا ہے لیکن آپ اس میں



کمی بیشی کر سکتے ہیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ دیکھیں۔سکرین شاٹ میں تین جگہ پر ماؤس پوائنٹر کا نشان دکھایا گیا ہے بائیں جانب سے پہلا نشان جس آپشن پر ہے یہ زاویے بڑھانے کا گھٹانے کے لیے جبکہ دوسرا سٹار ٹول کی مدد سے بنائی گئی شیپس کے زاویے چھوٹے یا بڑے کرنے کے لیے جبکہ تیسرا بارڈر کی موٹائی کے لیے۔ڈاکومنٹ پر پہلے سادہ ستارہ بنانے کے بعد اِن تین آپشنز کو جب استعمال کیا گیا تو سکرین شاٹ میں دیکھیں کیا ریزلٹ نکلا۔ اس میں پہلی شکل سادہ سٹار کی ہے دوسری شکل میں سٹار کے اینگلز بڑھائے گئے ہیں۔تیسری شکل میں Sharpness کی آپشن استعمال کرتے

ہوئے سٹار کے اینگلز چھوٹے کیے گئے ہیں۔امید ہے آپ کو سٹار ٹول کا استعمال سمجھ میں آگیا ہوگا۔

Complex Star Tool☆

Polygon پر کلک کریں اور دبائیں رکھیں۔۔دائیں جانب کھلنے والی لسٹ میں سے اب سٹار ٹول کے نیچے والا ٹول Complex Star Tool سلیکٹ کریں۔اب اِس ٹول کی مدد سے اپنے ڈاکومنٹ پر ایک شیپ بنائیں۔اور انہیں آپشنز کو استعمال کریں جو ہم نے سٹار ٹول استعمال کرتے وقت استعمال کی تھیں۔۔بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ہم ایک شیپ کے اینگلز کا سائز بڑھانا چاہتے ہیں لیکن سائز ایک مخصوص حد سے آگے نہیں بڑھتا جیسا کہ اس ٹول کے ساتھ ہے۔اگر اِس کے کارنرز کی تعداد 9 ہوگی تو اس





کے زاویے 1,2 یا 3 پوائنٹس تک ہی بڑھائے جاسکتے ہیں لیکن اگر ہم اِس کے کارنرز بڑھا دیتے ہیں تو زاویے مزید کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔ سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں پہلی شکل سادہ شیپ کی ہے دوسری میں کارنرز بڑھائے گئے ہیں جبکہ تیسری میں زاویے لمبے کیے گئے ہیں۔۔ یہ بالکل اسی طرح کیے گئے ہیں جیسے سٹار ٹول کے کیے گئے تھے۔۔ امید ہے آپ اِس ٹول کا استعمال بھی بخوبی سمجھ گئے ہوں گے۔ اب آتے ہیں اگلے ٹول کی طرف۔

Graph Paper Tool☆



یہ ٹول Complex Star ٹول سے ایک درجہ نیچے ہے۔ پہلے یہ ٹول منتخب کریں۔۔ آپ یہ ٹول ڈائریکٹ کی بورڈ سے صرف D پریس کرنے سے بھی منتخب کر سکتے ہیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ اِس ٹول کی مدد سے ہم ایک گراف کے جیسی شیپ بنا سکتے ہیں۔ گراف کی شیپ بنانے سے پہلے یہ تہہ کر لیں کہ آپ جو گراف بنانا چاہتے ہیں اُس کے کالمز کی تعداد کتنی ہو اور اُس کی لائنز کتنی ہوں۔ پہلے کالمز اور لائنز کی تعداد سیلیکٹ کریں پھر اُس کے بعد گراف بنائیں۔ کالمز اور لائنز کی تعداد سیلیکٹ کرنے کے لیے پراپرٹیز بار کی طرف نگاہ دوڑائیں (پراپرٹی بار دراصل وہ بار ہے جہاں سے ہم نے اِس سے پہلے شیپس کے کارنرز اور زاویے وغیرہ تبدیل کیے ہیں۔ اِس کا اصلی نام پراپرٹی ہے مگر آپ اسے چاہے آپشنز بار کہہ لیں یا جو مرضی کہہ لیں لیکن یہ پراپرٹی بار ہی کہلاتی ہے) پراپرٹی بار بائیں جانب کارنر پر آپ کو 2 چھوٹے چھوٹے باکسز نظر آئیں گے جن کی مدد سے آپ گراف کی لائنز اور کالمز کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔ سکرین شاٹ میں ماؤس پوائنٹر کے نشانات کی مدد سے اِن باکسز کی نشاندہی کی گئی ہے اوپر والے خانے میں تعداد بڑھانے سے کالمز کی تعداد میں اضافہ ہوگا جبکہ نچلے خانے میں تعداد بڑھانے سے لائنز کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ لیکن یہاں پر ایک بات ذہن نشین رکھیں کہ تعداد میں اضافہ یا



کمی کرنے کے لیے پہلے ٹول سیلیکٹ کریں اُس کے بعد تعداد منتخب کریں پھر آپ گراف بنائیں۔۔ پہلے گراف بنا کر بعد میں تعداد کم یا یا زیادہ نہیں کی جا سکتی اس لیے پہلے تعداد منتخب کریں پھر گراف بنائیں۔ سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔ میں نے تین گراف بنائے ہیں جن میں لائنز اور کالمز کی تعداد مختلف ہے۔ جیسا کہ آپ نے سکرین شاٹ میں دیکھا کہ ہر گراف میں کالمز اور لائنز کی تعداد ایک جیسی نہیں ہے۔ بالکل اسی طرح آپ بھی اپنی مرضی کا گراف بنا سکتے ہیں۔۔ امید ہے آپ کو اِس ٹول کی سمجھ آ گئی ہوگی۔ اب آتے ہیں اگلے ٹول کی طرف۔



Spiral Tool☆



یہ والا ٹول گراف ٹول سے نیچے ہے۔کورل ڈرا کے پرانے ورژن یا آئندہ آنے والے ورژن میں اِس کی لوکیشن مختلف بھی ہوسکتی ہے اس کی ہی نہیں بلکہ ہر ٹول کی مختلف ہوسکتی ہے اس لیے صرف اِن ٹولز کے نام اور اشکال ذہن میں رکھیں۔اِس ٹول کو ڈایریکٹ کی بورڈ کی مدد سے سیلیکٹ کرنے کے لیے آپ اپنے کی بورڈ سے A کا بٹن پریس کریں۔

اِس ٹول کی مدد سے ہم ایک مرغولے کی شکل ترتیب دے سکتے ہیں۔ بالکل ٹول کے آئیکون کے شکل جیسی۔لیکن گراف ٹول کی طرح اِس ٹول کی لائنز بھی آپ کو پہلے سے منتخب کرنا ہوں گی۔پہلے لائنز منتخب کریں کہ آپ نے کتنی لائنز کے گول دائرے کی شکل بنانی ہے۔لائنز منتخب کرنے کے لیے پراپرٹیز بار پر نگاہ دوڑائیں اور جہاں

پر آپ نے گراف کے کالمز اور لائنز کی تعداد منتخب کی تھی اُس کے ساتھ دائیں جانب آپ کو اِس ٹول کے دائرے کم یا زیادہ کرنے کے لیے باکس نظر آئے گا جیسے سکرین شاٹ میں پہلے ماؤس پوائنٹر کی مدد سے ظاہر کیا گیا ہے۔اُس کے ساتھ دائیں جانب آپ کو 2 اور بٹن نظر آئیں گے جنہیں سکرین شاٹ میں نشان نمبر 2 اور تین سے ظاہر کیا گیا ہے۔بٹن دیکھ کر آپ بٹن کا استعمال بخوبی سمجھ سکتے ہیں۔ ماؤس پوائنٹر کے نشان نمبر 3 کی مدد سے ظاہر کیا گیا بٹن پریس کرنے کے آپ کی بنائی ہوئی شیپ میں دائروں کا فاصلہ زیادہ ہوگا۔سکرین شاٹ میں جو شیپ نمبر 3 ہے وہ اسی بٹن کو استعمال کر کے بنائی گئی



ہے آپ دائروں کا درمیانی فاصلہ کم یا زیادہ بھی کر سکتے ہیں۔اِس کے لیے اِس بٹن کو پریس کرنے کے بعد آپ اِس ساتھ دائیں جانب لگے ہوئے والیم کو کم یا زیادہ



بھی کر سکتے ہیں۔ والیم کو کم یا زیادہ کرنے کے علاوہ آپ والیم کے ساتھ دائیں جانب لگے ہوئے باکس میں اپنی مرضی کا فاصلہ بھی اینٹر کر سکتے ہیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں تین ماؤس پوائنٹرز دکھائے گئے ہیں پہلے کی مدد سے ہم بٹن پریس کیا دوسرے کی دو سے والیم کم یا زیادہ کیا اور تیسرا اضافی ہے یعنی والیم کی جگہ پر ہم اپنی مرضی کی تعد 1 سے 100 تک اینٹر کر سکتے ہیں نئے سپرل کا فاصلہ اسی لحاظ سے ہوگا۔

Smart Drawing Tool☆

سمارٹ ڈرائنگ ٹول بظاہر بالکل پنسل ٹول کی طرح ورک کرتا ہے۔یعنی جیسے ہم پنسل ٹول کو اپنی مرضی کے مطابق استعمال کرتے ہیں بالکل اسی طرح اسے بھی کھل کر استعمال کر سکتے ہیں۔۔لیکن فرق یہ ہے کہ اس کی مدد سے ہم جو بھی خاکہ بنائیں گے وہ خود بخود کسی نا کسی شیپ کی شکل اختیار کر لے گا۔۔۔یعنی آپ ایک اس



ٹول کی مدد سے ایک گول دائرہ بنانے کی کوشش کرتے ہیں تو ظاہری بات ہے ہاتھ کی مدد سے بالکل گول دائرہ ترتیب دینا بہت مشکل ہے۔لیکن اس ٹول کی مدد سے ہم جب گول دائرہ بنائیں گے تو وہ خواہ غلط ہی ہو لیکن خود بخود صحیح ہو جائے گا۔سب سے پہلے سکرین شاٹ کے مطابق لوکیشن پر جائیں سکرین شاٹ کے مطابق اس ٹول کی شکل ذہن نشین کر لیں اور نام بھی اور سلیکٹ کر لیں۔ٹول کی شکل اور نام ذہن نشین کرنے کا اس لیے کہا ہے کہ کورل ڈرا کے کچھ ورژن ایسے ہیں جن میں یہ ٹول کسی اور جگہ پر ہے۔جبکہ سکرین شاٹ لیٹسٹ ورژن کا ہے۔اس لیے اگر آپ شکل اور نام سے واقف ہوں گے تو کوئی بھی ورژن ہو آپ صحیح طرح سے استعمال کر سکیں گے۔۔بہرحال اس ٹول کو سلیکٹ کرنے کے بعد ڈاکومنٹ پر ایک گول دائرہ بنائیں۔آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے بنانے کی کوشش کی لیکن کس طرح کا بنا ہے۔۔۔بالکل بھی صفائی سے نہیں بنا۔لیکن گھبرانے کی ضرورت نہیں 1 یا 2 سیکنڈز کے وقفت کے بعد آپ کا بنایا ہوا گول دائرہ خود بخود بالکل گول ہو جائے گا۔جیسا کے آپ اس دوسرے سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔۔





لیکن یہ ٹول صرف گول دائرے درست بنانے کے لیے ہی بلکہ آپ اس کی مدد سے کوئی بھی کسی بھی ٹائپ کی شیپ بنا سکتے ہیں۔
جیسا کہ مثال کے طور پر میں ایک تیر بنانے کی کوشش کر رہا ہوں۔



سکرین شاٹ میں دیکھیں میں نے ایک ٹیڑھا میڑھا سا تیر بنایا۔جس کا پھل آدھا ہے۔۔ 1 یا 2 سیکنڈز کے وقفے کے بعد دیکھیں یہ تیر کس طرح مکمل ہو گیا۔یعنی اس بالکل سیدھا اور درست ہو گیا۔لیکن اگر آپ اتنی پرفیکٹ شیپ نہیں بنانا چاہتے۔یعنی اگر ایک ایسا گول دائرہ بنانا چاہتے ہیں جو مکمل طور پر درست نا ہو۔تو ایسی صورت میں تو آپ یقیناً مشکل میں پڑ جائیں گے کہ یار ہر ٹول سے صحیح بنتا ہے۔تو جناب گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں۔ بلکہ آپ اس ٹول کو سلیکٹ کر کے اس کی

Smoothing اور Recognition کم یا زیادہ بھی کر سکتے ہیں۔۔اس کے لیے دیئے گئے دونوں سکرین شاٹس کی مدد سے استفادہ حاصل کریں۔اس پہلے سکرین شاٹ کی مدد سے آپ Recognition Level کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔جتنا لیول کم ہوگا آپ کی شیپ اتنی ہی آڑھی ترچھی ہوگی جتنا زیادہ ہوگا شیپ اتنی ہی درست ہوگی۔جبکہ اس دوسرے سکرین شاٹ کے مطابق آپ Smoothing Level کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔۔یہاں پر لیول جتنا کم ہوگا آپ کی بنائی ہوئی شیپ کے کارنرز وغیرہ اتنے واضح رہیں گے جتنا لیول زیادہ ہوگا آپ کی شیپ کی گولائی وغیرہ اتنی ہی زیادہ اچھی ہوگی۔۔امید ہے آپ اس ٹول کا استعمال اچھی طرح سے سمجھ گئے ہوں گے۔





☆Basic Shape Tool

کورل ڈرا سافٹ ویئر میں کچھ بنی بنائی شیپس رکھی گئی ہیں۔اس ٹول کی مدد سے ہم ان بنی بنائی شیپس سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ان شیپس میں وہ شیپس شامل ہیں جن کی ہمیں اکثر ضرورت پیش آتی ہے۔لیکن اگر ہم پنسل ٹول یا سمارٹ ڈیزائننگ ٹول یا پھر کسی اور ٹول کی مدد سے بنانا شروع کردیں تو کافی وقت ضائع ہوتا ہے۔لیکن اس ٹول کی مدد سے ہم ایسی بنی بنائی شیپس استعمال کر سکتے ہیں۔سب سے پہلے سکرین شاٹ کو دیکھتے ہوئے بیسک شیپ ٹول منتخب کریں۔اب اپنے ڈاکومنٹ کے اوپر موجود پراپرٹیز بار کی طرف جائیں اور جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے شیپس منتخب کرنے کے لیے شیپس مینیو کا بٹن پریس کریں۔نیچے ایک چھوٹی سی لسٹ کھل جائے گی جس میں آپ کو کچھ مختلف شیپس نظر آئیں گی۔ان میں سے اپنی مرضی کی شیپ منتخب کریں۔اور ڈاکومنٹ پر ایک خاکہ بنائیں۔بالکل صحیح خاکہ بنانے کے لیے کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن پریس کیے رکھیں اور خاکہ بنائیں۔جیسا کہ میں جو شیپ سلیکٹ کی ہے وہ ایک سٹیمپ کی مانند ہے۔اور کنٹرول کا بٹن دبائے رکھ کر میں اپنے ڈاکومنٹ پر ایک سٹیمپ شیپ بنائی۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔لیکن صرف اتنا ہی نہیں ہے بلکہ آپ اس شیپ میں مزید تبدیلی بھی کر سکتے ہیں۔اس میں مزید تبدیلی کرنے کے لیے آپ کو Shape Tool کا استعمال کرنا ہوگا۔شیپ ٹول کے استعمال سے آپ ابھی تک ناواقف ہیں لیکن کورل ڈرا میں یہ ٹول سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔کیونکہ اس کی مدد سے ہم کسی بھی شیپ کو تبدیل کر سکتے ہیں۔آیئے اب شیپ ٹول کا استعمال سیکھتے ہیں۔





☆Shape Tool

شیپ ٹول کی مدد سے آپ کسی بھی شیپ میں تبدیلی عمل میں لا سکتے ہیں خواہ وہ شیپ آپ نے کسی بھی ٹول کی مدد سے بنائی ہو۔شیپ ٹول سکرین شاٹ کے مطابق سلیکٹ کریں۔ یا پھر اپنے کی بورڈ سے F10 پریس کریں۔اب اپنے ڈاکومنٹ پر واپس آجائیں اور ابھی



آپ نے بیسک شیپ ٹول کی مدد سے جو شیپ بنائی تھی اُس پر نگاہ دوڑائیں آپ کو آپ کی بنائی ہوئی شیپ میں کسی جگہ سرخ رنگ کا نشان دکھائی دے گا۔یہ نشانات صرف کسی بیسک، بینر (بینر شیپ ٹول ک کا استعمال اِس ٹول کے بعد آپ کو بتایا جائے گا) یا کسی دوسرے شیپ ٹولز کی مدد سے بنائی ہوئی شیپس میں ہی دکھائی دیں گے۔سکرین شاٹ میں دیکھیں سرخ نشان کی نشاندہی کی گئی ہے۔سکرین شاٹ میں 2 ماؤس پوائنٹر ز دکھائے گئے ہیں۔نیچے والا ماؤس پوائنٹر اُس جگہ پر ہے جہاں پر پہلے یہ سرخ نشان تھا۔جبکہ اوپر والا جو ماؤس پوائنٹر ہے وہ سرخ نشان کی موجودہ جگہ ہے۔۔یعنی ہم نے سرخ نشان کو ماؤس کی مدد سے پکڑ کر اُس کی جگہ تبدیل کی۔اور اس طرح سے ہماری بنائی ہوئی شیپ کی شکل کچھ تبدیل ہوگئی۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔بالکل اسی طرح آپ کوئی بھی شیپ کسی بھی بیسک یا بینر یا کسی بھی دوسرے شیپ ٹول کی مدد سے بنا کر اِس ٹول کو استعمال کرتے ہوئے اُس میں کچھ تبدیلی عمل میں لا سکتے ہیں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دیکھیں میں نے کچھ شیپس پر ڈرائنگ کی اور اُن کی اشکال تبدیل کیں۔







Arrow Shapes☆



اِس ٹول کی مدد سے ہم مختلف قسم کے تیر کے نشانات کی اشکال بنا سکتے ہیں۔اِس ٹول کو سلیکٹ کرنے کے لیے بیسک شیپ ٹول والے بٹن پر ماؤس کلک کریں اور دبائے رکھیں کھلنے والی ٹول لسٹ میں سے ایروشیپ ٹول سلیکٹ کرلیں۔اور بعد میں The Shape Tool استعمال کرتے ہوئے اِن اشکال میں تبدیلی عمل میں لا سکتے ہیں۔

مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اِس کا استعمال بھی بالکل بیسک شیپ ٹول جیسا ہے۔بالکل اسی طرح اِس ٹول کے ساتھ بھی کچھ شیپس موجود

ہیں۔ جن میں سے ہم اپنی مرضی کی کوئی بھی شیپ منتخب کر سکتے ہیں۔ سکرین شاٹ میں دیکھیں پراپرٹیز بار میں موجود تیر کے نشان والے بٹن پر کلک کرنے سے ایک شیپس مینیو نمودار ہو گیا ہے جس میں سے ہم اپنی مرضی کی شیپ منتخب کر سکتے ہیں۔ نیچے دیا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ جس میں 2 مختلف اشکال بنا کر اُن میں تبدیلی عمل میں لائی گئی ہے۔ اِن دو اشکال میں سے جو دوسری شکل ہے اس کے ساتھ آپ کو تین مختلف رنگوں کے پوائنٹس نظر آئیں گے۔ آپ ان تینوں میں



سے کسی بھی پوائنٹ کو پکڑ اُس کی جگہ تبدیل کر سکتے ہیں اور اِس طرح آپ کی شیپ ہی آپ کو تبدیل ہوتی ہوئی نظر آئے گی جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔ امید ہے آپ کو Arrow Shapes Tool کی بھی سمجھ آ گئی ہو گی۔ اب آتے ہیں اگلے ٹول کی طرف۔

FlowChart Shapes☆

Banner Shapes☆

Callout Shapes☆

اب آپ یہ سوچ رہے ہیں کہ تین ٹولز کے نام ایک ساتھ ہی کیوں لکھ دیئے۔ تو جناب اِس کا جواب یہ ہے کہ اِن تینوں کو بالکل ایک ہی طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ بالکل ایسے ہی استعمال کر سکتے ہیں جیسے ہم Arrow Shapes اور Basic Shapes ٹول استعمال کر چکے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ ان ٹولز کے



ساتھ شیپس مختلف ہیں۔ یہ والے ٹولز کہاں موجود ہیں یہ جاننے کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔ یہ والے ٹولز بیسک شیپس اور ایروشیپس کے نیچے موجود ہیں۔ Basic Shapes ٹول کے بٹن پر کلک کریں اور دبائے رکھیں دائیں جانب ٹولز لسٹ نمودار ہو جائے گی۔ اِس لسٹ میں آپ کو بیسک شیپس کے بعد ایروشیپس اور اُس کے بعد یہ تینوں شیپس ٹولز دکھائی دیں گے۔ اِن میں سے اپنی مرضی کا ٹول منتخب کریں اور پراپرٹیز بار میں سے اپنی مرضی کی شیپ منتخب کریں۔ اور ڈاکومنٹ پر ایک خاکہ بنائیں۔ اور اُس کے بعد Shape Tool سیلیکٹ کریں۔ اور شیپ ٹول کی مدد سے اِن شیپس میں موجود سرخ نشانات جنھیں نوڈز کہا جاتا ہے۔ انہیں پکڑ کر شیپس میں تبدیلیاں عمل میں لائیں۔ اِس کی پریکٹس بہت ضروری ہے۔ پریکٹس سے آپ تمام شیپس آپ کو ذہن نشین ہو جائیں گی اور کسی موقعہ پر کوئی شیپ بنانا مقصود ہو تو فوری ذہن میں آ جائے گا کہ کیسے بنانی ہے۔

اب آتے ہیں مزید تبدیلی کی طرف۔



شیپس میں آپ مزید تبدیلی عمل میں لا سکتے ہیں یعنی پین موٹائی زیادہ کر سکتے ہیں جس سے شیپس کا بارڈر زیادہ موٹا ہوسکتا ہے۔ اِس کے لیے سکرین شاٹ کے مطابق پین کی Outline Width کے آپشن کی طرف جائیں۔ یہ آپشن آپ کو پراپرٹیز بار میں نظر آئے گی۔ ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کریں اور اور اپنی مرضی کا آوٹ لائن سائز منتخب کر لیں۔ جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے پہلے ایک شیپ سادہ طریقے سے بنائی اُس کے Outline سائز بڑھا دیا۔ اب دیکھیں وہی شیپ پہلے کی نسبت کتنی واضح نظر آرہی ہے۔ اِس کے علاوہ آپ آوٹ لائنکا سٹائل بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔ اِس کے لیے جہاں پر شیپس مینو ہے اُس کے ساتھ آپ کو Line Style کی آپشن بھی نظر آئے گی۔ جس پر کلک کرنے سے نیچے ایک لسٹ کھل جائے آپ اِس لسٹ میں سے کوئی بھی سٹائل سیلیکٹ کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔ سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ہماری بنائی ہوئی شیپس کے بارڈر میں کس طرح تبدیلی وقوع پذیر ہوئی ہے۔ ہماری شیپ کا بارڈر ٹوٹی ہوئی لائنوں کی مانند ہوگیا ہے۔



اگر آپ کو اِس لسٹ میں آپ کی مرضی کا کوئی بھی سٹائل نظر نہیں آرہا تو اِس لسٹ کے سب سے نیچے لگے ہوئے Other کے بٹن پر کلک کر دیں۔ اِس بٹن پر کلک کرنے سے ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے کھل جائے گی۔ اِس ونڈو میں ایک بڑا سا والیم بٹن آپ کو اوپ کی جانب نظر آئے گا جسے آپ کم یا زیادہ کر کے اپنی شیپ کی بارڈر لائن میں ڈاٹس بنا سکتے ہیں اور انہیں لمبا یا چھوٹا کر سکتے ہیں۔ بائیں جانب سیاہ باکسز کے ساتھ جو ماؤس پوائنٹر کا نشان ہے وہاں پر کلک کر کے ہم ایک بڑے ڈاٹ کے ساتھ ایک چھوٹے کا اضافہ کر سکتے ہیں اسی طرح دوسرے ماؤس پوائنٹر کی مدد سے والیم کو کم یا زیادہ بھی کر سکتے ہیں۔ اپنی مرضی کے سیٹنگ کے بعد Add پر کلک کر دیں آپ کا بنایا ہوا نیا سٹائل ایڈ ہوجائے گا جسے آپ اپنی مرضی سے استعمال کر سکیں گے۔



Lines: لائنز

Freehand Tool☆

یہ ٹول بھی ہم Smart Drawing Tool یا Pincel ٹول کی طرح استعمال کرسکتے ہیں۔یعنی رَف ڈیزائننگ کے لیے استعمال کرسکتے ہیں۔لیکن اِس ٹول کے بہت سارے فوائد بھی ہیں۔جس کا علم اب آپ کو استعمال کے بعد ہوگا۔سب سے پہلے سکرین شاٹ کے مطابق یہ ٹول سیلیکٹ کریں۔شارٹ کٹ کے لیے کی بورڈ سے F5 پریس کریں یہ ٹول خودبخود سیلیکٹ ہوجائے گا۔یہ ٹول بھی کورل ڈرا کے کسی دوسرے ورژن میں کسی مختلف جگہ پر ہوسکتا ہے۔اِس کے لیے اِس ٹول کا نام استعمال اور شکل (آئیکون) ضرور یاد رکھیں۔تاکہ کسی دوسرے ورژن کو استعمال کرتے ہوئے اگر اِس ٹول کی آپ کو ضرورت محسوس ہوتو آپ باآسانی تلاش کرسکیں اور استعمال کرسکیں۔۔بہرحال اب آتے ہیں اِس ٹول کے استعمال کی طرف۔



اپنے ڈاکومنٹ پر اِس ٹول کی مدد سے کوئی بھی آڑھی ترچھی لائن بنائیں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔سکرین شاٹ میں دو ماؤس پوائنٹرز اور تین تیر کے نشانات بنائے گئے ہیں۔۔ماؤس پوائنٹرز یہ ظاہر کررہے ہیں کہ لائن کہاں سے شروع کی اور کہاں پر ختم کی گئی۔جبکہ تیر کے نشانات کی مدد سے Nodes کی نشاندہی کی گئی ہے۔نوڈز کا استعمال ہم بعد میں سیکھیں گے۔فی الحال لائن کا استعمال ہی سمجھنے کی کوشش کریں۔اِس لائن میں ہم مختلف تبدیلیاں پیدا کرسکتے ہیں مثال کے طور پر ہم اِس کے Start Point اور End Point کو تیر کے نشان میں تبدیل کرسکتے ہیں۔لائن موٹی یا باریک کرسکتے ہیں۔یا پھر لائن کو ڈاٹس میں تبدیل کرسکتے ہیں۔مثال کے طور ہم لائن موٹی کرنا چاہتے ہیں تو پراپرٹیز بار پر پین کے نشان والے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کرکے موٹا یا باریک کرسکتے ہیں جیسے ہم پچھلی کلاسز میں کرتے آئے ہیں۔۔سکرین شاٹ میں بھی آپ سیکھ سکتے ہیں کہ میں نے پین کا سائز بڑھالیا ہے۔۔اور ہماری بنائی







ہوئی لائن کا سائز بھی بڑھ گیا ہے۔اب اس لائن کو ٹکڑوں میں تقسیم کرتے ہیں اس لیے پراپرٹیز بار کی طرف نگاہ دوڑائیں۔اور دیکھیں کہ ایک جگہ بڑی لائن کے نشان والا ڈراپ ڈاؤن مینیو نظر آ رہا ہے اُس پر کلک کریں اور لائن کا سٹائل اپنی مرضی کا منتخب کرلیں جیسے ہم نے پچھلی کلاس میں کیا تھا۔اب دیکھیں ہماری بنائی ہوئی لائن کی شکل میں مزید تبدیلی نمودار ہوئی ہے۔اس کے لیے نیچے دیا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔ہماری لائن چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں

کی بنی ہوئی لائن دکھائی دے رہی ہے۔اب ہم اپنی بنائی ہوئی لائن کے سٹارٹ پوائنٹ اور اینڈ پوائنٹ پر تیر کے نشان بنائیں گے۔

پراپرٹیز بار میں سے جہاں سے آپ نے لائن کا سٹائل تبدیل کیا اُس کے کے دائیں اور بائیں جانب آپ کو دو چھوٹے چھوٹے ڈراپ ڈاؤن مینیو نظر آئیں گے۔



اِن میں سے بائیں جانب والا ڈراپ ڈاؤن مینیو سٹارٹ پوائنٹ پر تیر کا نشان بنانے کے لیے ہے جبکہ لیفٹ سائیڈ والا ڈراپ ڈاؤن مینیو اینڈ پوائنٹ پر تیر کا نشان بنانے کے لیے ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹس ملاحظہ فرمائیں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے میں نے Arrow Head Menu میں سے ایک منتخب کرلیا ہے۔

اب دیکھیں میری بنائی ہوئی لائن کے اینڈ پوائنٹ پر ایک تیر کا نشان بن گیا ہے۔یہاں پر ایک چھوٹی سی ٹپ دیتا چلوں کہ بالکل صحیح طور پر ڈیزائننگ دیکھنی ہو تو ڈاکومنٹ سے باہر کسی بھی خالی جگہ پر کلک کریں۔آپ کی بنائی ہوئی شیپس



کے گرد سے سیلیکشن ختم ہوجاتی ہے۔اور دوبارہ شیپ میں تبدیلی لانے کے لیے شیپ کو سیلیکٹ کرلیا کریں۔جیسا کہ اب میں نے سکرین شاٹ میں آپ کو تبدیلی دکھانے کے لیے سیلیکشن ختم کی ہے۔بہرحال اب اسی طرح آپ سٹارٹ پوائنٹ پر بھی ایک تیر کے نشان کا اضافہ کرسکتے ہیں اِس کے لیے پراپرٹیز بار میں اسی بڑی لائن کے نشان کے ساتھ بائیں جانب والے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کریں۔اور مینیو باکس میں سے اپنی مرضی کے مطابق تیر کا نشان منتخب کرلیں۔اب آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کی بنائی ہوئی لائن کے سٹارٹ پوائنٹ کی جگہ پر اب تیر کا سر نظر آ رہا ہے۔اِس کے علاوہ آپ اس ٹول



کی Smoothing کم یا زیادہ بھی کر سکتے ہیں۔اس کے لیے پراپرٹیز بار پر موجود Freehand Smothing کے بٹن پر کلک کریں اور والیم کو اپنی مرضی کے مطابق ایڈجسٹ کرلیں جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔اگر آپ مزید زیادہ صفائی کے ساتھ ڈرائنگ کرنا چاہتے ہیں تو کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن دبائے رکھیں اور خاکہ بنانے کی کوشش کریں ہر لکیر بالکل سیدھی کھنچی جائے گی۔امید ہے اس ٹول کا استعمال آپ اچھی طرح سے سمجھ گئے ہوں گے اب آتے ہیں اگلے ٹول کی طرف۔

Polyline Tool☆

یہ ٹول ایک بند شکل بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔یعنی اس کی مدد سے جب ہم ڈرائنگ شروع کریں گے تو یہ ٹول اُس وقت تک ایکٹو رہے گا جب تک ہم دونوں سروں کو آپس میں ملا نہیں دیتے۔ظاہری بات ہے کہ جب دونوں سرے مل گئے تو بند شکل بن گئی۔کورل ڈرا کے پرانے ورژن میں اس کا استعمال تھوڑا مختلف تھا یعنی پوائنٹ اے سے پوائنٹ بی تک ڈریگ کرنے سے پوائنٹ سی خود بخود سٹارٹ ہو جاتا تھا۔لیکن کورل ڈرا ایکس 5 میں اس کا استعمال تھوڑا مختلف ہے۔سب سے پہلے سکرین شاٹ کے مطابق یہ والا ٹول سلیکٹ کریں۔



اب اپنے ڈاکومنٹ کی طرف واپس آئیں اور ایک مثلث بنانے کی کوشش کریں۔پہلے ایک کلک کریں پھر پھر دوسرا اور پھر تیسرا کلک کرکے دونوں سروں کو آپس میں ملا دیں۔



جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔سکرین شاٹ میں فرسٹ سیکنڈ تھرڈ اور فورتھ کلک کو تیر کے نشانات کی مدد سے ظاہر کیا گیا ہے۔لیکن یہ ٹول صرف مثلث بنانے کے لیے ہی نہیں ہے بلکہ اس کی مدد سے اس سے ہٹ کر بھی کام لے سکتے ہیں۔اگر ہم کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن دبائے رکھیں گے تو یہ ایک قسم کا فری ہینڈ ٹول بن جائے گا۔جسے ہم اپنی مرضی سے استعمال کر سکیں گے۔۔جیسا کہ آپ نیچے دیا گیا سکرین شاٹ دیکھ سکتے ہیں۔اس سکرین شاٹ میں پوائنٹ اے،بی اور سی سادہ طریقے سے بنائے گئے ہیں جبکہ پوائنٹ سی پر آکر کی بورڈ سے کنٹرول کا دبایا اور ساتھ ہی ماؤس کا بٹن دبائے رکھ کر پنسل ٹول کی طرح شیپ کو مکمل کیا۔ماؤس کا بٹن اور کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن اُس وقت تک دبائے رکھا جب تک ماؤس کو ڈریگ کرکے شیپ مکمل نہیں ہوگئی۔آپ بخوبی دیکھ سکتے ہیں کے اس ٹول کی مدد سے کیسی شیپ تیار ہو چکی ہے۔یہاں پر ایک بات ذہن نشین کرلیں کہ اگر آپ کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن



دبائے رکھتے ہیں تو آپ ماؤس کے بٹن کو دبائے رکھ کر ڈیزائننگ کریں۔اس طرح ڈیزائننگ بالکل فری ہینڈ ٹول کے جیسے ہوگی۔۔لیکن آپ کنٹرول کا بٹن دبائے رکھ کر ماؤس کا بٹن صرف ایک مرتبہ پریس کر کے چھوڑ دیں گے تو بالکل سیدھی اور سموو لائنز بنیں گی۔۔یعنی پوائنٹ ٹو پوائنٹ سموو شیپس کے لیے کنٹرول کا بٹن پریس رکھنا ضروری ہے۔اگر آپ کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن پریس کیے رکھیں اور پہلے ایک کلک پھر دوسرا کلک پھر تیسرا کلک کریں تو ایک پرفیکٹ مثلث یا مستطیل



بنا سکتے ہیں۔لیکن آپ جب کنٹرول کا بٹن پریس رکھ کر جب پوائنٹ اے کے بعد بی بنانے کی کوشش کریں گے تو آپ دیکھیں گے پوائنٹ اے سے نکلنے والی لائن دائیں یا بائیں کرنے سے کافی زیادہ مڑ جاتی ہے۔۔یعنی ٹھیک اُس جگہ پر نہیں رکتی جہاں پر ہم پوائنٹ بی بنانا چاہیے ہیں۔یہ دراصل اس کی سیٹنگز ہوتی ہے جو ہم تبدیل کر سکتے ہیں۔اس سیٹنگز کو تبدیل کرنے کے لیے مینیو بار میں ٹولز Tools پر کلک کریں اور اُس کے بعد لسٹ میں سے Costumization پر کلک کریں ایک بڑا ڈائیلاگ باکس آپ کے سامنے



آجائے گا۔اس ڈائیلاگ باکس میں سکرین شاٹ کے مطابق بائیں جانب موجود Edit پر کلک کریں۔ اب دیکھیں کہ سب کچھ سکرین شاٹ کے مطابق ہوگا۔

اب یہاں پر Constrain Angle اپنی مرضی سے تبدیل کردیں۔اگر یہاں پر 15 ڈگری ہے تو ڈیزائننگ کے دوران جب آپ کنٹرول کا بٹن دبائے رکھ کر Polyline ٹول استعمال کریں گے تو آپ کی لائن کم از کم 15 ڈگری کے حساب سے دائیں یا بائیں جانب موو ہوگی۔۔یہاں پر آپ اپنی مرضی کا سائز رکھ سکتے ہیں ویسے جتنا کم رکھا جائے اُتنا ہی بہتر رہتا ہے۔۔یہ پوائنٹ کافی غور طلب تھا۔لیکن یہ ایسا پوائنٹ ہے جسے آپ بغیر پریکٹس سے سمجھ نہیں پائیں گے اس لیے پریکٹس ضروری ہے۔



3Point Curve Tool☆

اِس ٹول کی مدد سے آپ کسی بھی بنی بنائی لائن کے سٹارٹ پوائنٹ اور اینڈ پوائنٹ کو سلیکٹ کر کے اُن میں سے ایک کمان کھینچ سکتے ہیں یعنی انگلش حرف ڈی کی شکل بنا سکتے ہیں۔اپنے ڈاکومنٹ پر Rectangle Tool کی مدد سے ایک مستطیل بنائیں۔۔اور اُس کے بعد سکرین شاٹ کی مدد سے یہ والا ٹول سلیکٹ کریں۔



اب مستطیل کے کسی ایک کونے پر کلک کریں اور بٹن دبائے رکھیں۔۔اور دوسرے کونے تک ماؤس کو ڈریگ کرتے ہوئے لے جائیں دوسرے کونے کے عین اوپر لاکر ماؤس کا بٹن چھوڑ دیں۔اور کسی بھی جگہ پر ماؤس کو لیجا کر لیفٹ کلک کر دیں۔جیسا کے سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔اس ٹول کا استعمال بس اتنا ہی ہے امید ہے اپ سمجھ گئے ہوں گے۔اب آتے ہیں اگلے ٹول کی طرف۔

Parallel Dimention Tool☆

یہ ٹول نقشے وغیرہ بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔اِس کی مدد ڈرائنگ کے دوران مقام اے سے لیکر مقام بی تک جو فاصلہ بنتا ہے اُس کا پتہ چلایا جا سکتا ہے۔اس ٹول کا استعمال بھی 3Point Curve ٹول جیسا ہی ہے۔پہلے ڈاکومنٹ پر ایک مستطیل بنائیں اس کے بعد یہ والا ٹول سیلیکٹ کریں (کورل ڈرا کے پرانے ورژن میں یہ ٹول صرف Dimention Tool کے نام سے موجود ہے اور اس کی لوکیشن 3point Rectangle Tool کے نیچے ہے جبکہ کورل ڈرا ایکس فائیو میں اِس کو ٹولز پینل میں الگ لگا دیا گیا ہے اور کچھ مزید ٹولز شامل کر دیئے گئے ہیں اس لیے صرف ٹول کی شکل اور نام وغیرہ یاد رکھیں لوکیشن کی پرواہ نا کریں)۔اب مستطیل کے کسی ایک کارنر پر کلک کریں اور اسے ڈریگ کرتے ہوئے دوسرے کارنر تک لیجا کر چھوڑ دیں اور تیسرا کلک شیپ کے اندر یا باہر کی طرف کہیں بھی کریں۔آپ دیکھیں گے کہ اب تھوڑا فاصلے پر جہاں پر آپ نے تیسرا کلک کیا تھا وہاں پر مقام اے سے بی تک کا فاصلہ درج ہو گیا ہے۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔۔اس طرح آپ جہاں سے مرضی اپنی شیپ کی پیمائش کر سکتے ہیں۔اگر آپ یہ درمیانی فاصلہ انچوں کی بجائے فُٹ ،میٹر یا کلومیٹر یا کسی بھی دوسری طرح سے لکھنا چاہتے ہیں تو سکرین شاٹ کے مطابق Unit ٹائپ تبدیل کر سکتے ہیں۔یہ لسٹ کافی لمبی ہے سکرین شاٹ صرف مختصر حصے کا لیا گیا ہے۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں انچوں کی جگہ پوائنٹ سیلیکٹ کر لیے ہیں اور اب آپ دیا گیا سکرین شاٹ دیکھیں کیسے میں مختلف پوائنٹس کا درمیانی فاصلہ نکالا ہے۔بالکل اسی طرح آپ بھی پریکٹس اور تجربات شروع کر دیں۔۔انشاءاللہ کچھ نا کچھ بنانے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔۔





ڈرائنگ کے دوران ہم اکثر کافی زیادہ Zoom کر لیتے ہیں تو ایک دم سے واپس پیج کو اصلی حالت میں لانے کے لیے آپ Shift+F4 پریس کر لیا کریں۔اِس سے پیج واپس اپنی اصلی حالت میں فِٹ آ جاتا ہے۔

☆☆☆

Shape Tool: شیپ ٹول

☆اس ٹول کی مدد سے ہم اپنے طور پر کوئی شیپ نہیں بنا سکتے لیکن کسی بھی دوسرے ٹول کی مدد سے بنی ہوئی شیپ میں اپنی مرضی کی تبدیلی پیدا کر سکتے ہیں۔اس کے استعمال کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے۔۔

☆کورل ڈرا اوپن کریں اور اپنے کی بورڈ سے Ctrl+N پریس کریں۔اور اپنی مرضی کا نیا ڈاکومنٹ بنائیں۔

☆اب ڈاکومنٹ پر ایک مستطیل کی شکل بنائیں۔۔مستطیل کی شکل بنانے کے لیے اپنے کی بورڈ سے F6 پریس کریں F6 پریس کرنے سے خود بخود Rectangle Tool سلیکٹ ہوجائے گا جس کی مدد سے ہم کوئی بھی مربع یا مستطیل شکل بنا سکتے



ہیں۔اب ڈاکومنٹ پر اس ٹول کو استعمال میں لاتے ہوئے ایک مستطیلی شکل بنالیں۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔اب اس کو اپنی مرضی کا کلر کرلیں۔۔کلر کرنے کے لیے دائیں جانب لگے ہوئے کلر پینل یا کلر بار یا کلر پٹی آپ جو مناسب سمجھیں کہہ سکتے ہیں۔کلر بار کی طرف جائیں اور کسی بھی کلر پر Left Click کریں۔آپ کی بنائی ہوئی مستطیلی شکل رنگین ہوجائے گی۔کلر بار میں آپ دیکھ کر پریشان ہو گئے ہوں کہ یہاں پر تو صرف تھوڑے سے کلرز ہیں پھر اتنی اچھی ڈیزائننگ کیسے ہوگی۔۔تو جناب گھبرانے کی ضرورت نہیں آپ نے جو کلر اپنی شیپ کو کرنا وہ ذہن میں رکھیں اور کلر مینیو میں اُس سے ملتا جلتا کلر باکس تلاش کریں۔۔جیسا کہ میں سبز رنگ کا کلر باکس تلاش کیا ہے۔اب اِس سبز رنگ کے کلر باکس پر Left Click کریں اور دبائے رکھیں۔1 یا 2 سیکنڈز کے وقفے کے بعد آپ کو بائیں جانب آپ کے منتخب کیے گئے کلر باکس کے کلر جیسے ملتے جلتے کلرز کا ایک چھوٹا سا نیا باکس نظر آئے گا۔۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے میں نے سبز کلر والے باکس پر کلک کیا اور دبائے رکھا۔جس کے نتیجہ میں ایک چھوٹا سا نیا کلر باکس بائیں جانب ظاہر ہوگیا۔میں نے اِس باکس میں سے اپنی مرضی کے مطابق ایک کلر منتخب کرلیا ہے۔۔اگر آپ نام کی مدد سے کوئی کلر سلیکٹ کرنا چاہتے ہیں تو کلر پلیٹ کی کسی خالی جگہ پر Right Click کریں۔اور نئی کھلنے والی ونڈو میں سے۔Show Color Names پر کلک کردیں۔۔آپ دیکھیں گے کہ اب کلر پینل



کی جگہ ایک چھوٹے سے کلر باکس نے لے لی ہے جس میں ہر ایک کلر کے اوپر اُس کلر کا صحیح نام لکھا ہوا ہے۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں جو ونڈو دکھائی گئی ہے یہ کلر پینل پر ایک خالی جگہ پر رائٹ کلک کرنے سے ظاہر ہوئی ہے۔اس لسٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ماؤس



پوائنٹر کی مدد سے Show Color Names کے آپشن کو ہائیلائٹ کیا گیا ہے۔ اگر آپ اِس پر کلک کریں گے تو بائیں جانب دیئے گئے سکرین شاٹ کے مطابق کلر پینل ایک کلر باکس کی شکل اختیار کر لے گا۔



یہاں پر بھی آپ کسی بھی کلر پر کلک کریں اور دبائے رکھیں اُس کلر کے ساتھ ایک چھوٹا سا کلر باکس ظاہر ہو جائے گا۔ اِس کلر باکس میں آپ جس کلر پر بھی کلک کریں گے اِس باکس میں سب سے اوپر والی بار میں اُس کلر کا اصلی نام ظاہر ہو جائے گا۔ جیسا کہ سکرین شاٹ میں دکھایا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ اگر کلر پلیٹ کو واپس اسی پوزیشن میں لانا چاہتے ہیں تو اِس باکس میں کسی بھی خالی جگہ پر رائٹ کلک کریں دوبارہ Show Color Names پر پھر سے کلک کر دیں۔ آپ کا کلر پینل واپس اسی پوزیشن پر آجائے گا جس پہلے تھا۔ اِس کے علاوہ اگر آپ فل کلر پلیٹ دیکھنا چاہتے ہیں تو کسی بھی خالی جگہ پر رائٹ کلک کر کے



Rows پر ماؤس کر سر لے جائیں اور ساتھ میں کھلنے والی چھوٹی ونڈو میں سے 1 یا 2 یا 3 سلیکٹ کر لیں۔ 2 سلیکٹ کرنے سے کالمز 2 ہو جائیں گے اور 3 سلیکٹ کرنے سے 3 ہو جائیں گے۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ ایک بات اور کہ جب آپ کلر باکس پر رائٹ کلک کر کے اسے واپس کالم کی صورت میں لانا چاہیں گے تو ایک بار Show Color Names پر کلک کرنے سے ایک چھوٹا سا کالم ایک الگ جگہ پر بن جائے گا لیکن جیسے ہی آپ کالم کی کسی خالی جگہ پر ڈبل کلک کریں گے تو کالم واپس اپنی اصلی جگہ پر ایڈجسٹ ہو جائے گا۔ بہر حال یہ سارا لیکچر صرف آپ کو کلرز پلیٹ کے متعلق سمجھانے کے لیے دیا گیا ہے۔ کیونکہ ڈیزائننگ میں کلرز نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ اب آتے ہیں شیپس کی طرف تو جناب پہلے آپ نے ایک مستطیلی شکل بنائی اور پھر اُس شکل کو اپنی مرضی کا رنگ دیا۔۔ اب اپنی بنائی ہوئی مستطیل



پر کلک کرکے اسے سیلیکٹ کرلیں۔۔ اور ٹول پینل میں سے سکرین شاٹ کے مطابق Shape Tool سیلیکٹ کریں۔ڈائریکٹ سیلیکٹ کرنے کے لیے کی بورڈ سے F10 پریس کریں۔یہ ٹول خودبخود سیلیکٹ ہوجائے گا۔اب ڈاکومنٹ پراپنی مستطیلی شکل پرنگاہ دوڑائیں۔آپ دیکھیں گے کہ اب آپ کی بنائی ہوئی مستطیل شکل پر پہلے 8 پوائنٹس تھے لیکن اب صرف چار رہ گئے ہیں۔یہ چاروں پوائنٹس صرف چاروں کونوں پر ہیں۔آپ اِن میں سے کسی ایک پوائنٹ پرکلک کریں اوراسے اندر کی طرف تھوڑا سا ڈریگ کریں۔آپ دیکھیں گے کہ آپ کے ڈریگ کرنے سے چاروں کونے اور 8 میں تبدیل ہوگئے ہیں مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ کسی بھی ایک کونے کو پکڑ کر حرکت دیں گے تو ریزلٹ بالکل یہی نکلے گا۔اب اپنی مستطیل کی موجودہ بالکل صحیح شکل دیکھنے کے لیے پھر سے Pick ٹول سیلیکٹ کرلیں اورڈاکومنٹ پر شیپ سے ہٹ کرکہیں بھی کلک کریں۔آپ دیکھیں گے کہ بالکل Smooth شیپ بن گئی ہے۔یہاں پرسوال یہ اٹھتا ہے کہ اگر ہم صرف کسی ایک یا کوئی دو اپنی مرضی کے کونے گول کرنا چاہیں تو کیسے کریں؟اِس کے لیے کرنا یہ ہے کہ پہلے مستطیل بنائیں اوراُس کے بعد اسی طرح Shape Tool سیلیکٹ کریں اور کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن دبائیں اورساتھ ہی مستطیل کے کسی ایک کارنر پر کلک کریں۔اب آپ دیکھیں گے کہ صرف ایک ہی کارنر سیلیکٹ ہوگیا ہے







جبکہ باقی تین کارنرز پر کوئی بھی سیلیکشن کا نشان نہیں ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اب آپ اِس کارنر کو ماؤس کی مدد سے پکڑ کر شیپ کے اندر کی طرف یا دائیں یا بائیں جانب موو کریں۔آپ دیکھیں گے کہ اب صرف آپ کا سیلیکٹ کیا گیا کارنر ہی گول ہوا ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اب اگر آپ ایک کی بجائے دو یا 3 کارنرز ایک وقت میں گول کرنا چاہتے ہیں لیکن چوتھے کارنر کو چھیڑنا نہیں چاہتے تو اِس کے لیے پہلے ایک کارنر پر کلک کریں اوراس کے بعد اپنے کی بورڈ سے Shift کا بٹن دبائیں اورساتھ ہی اپنی مرضی کے کسی بھی



دوسرے کونے پر کلک کریں۔اگر تین کو ایک ساتھ گول کرنا ہے تو تیسرے پر بھی کلک کریں آپ دیکھیں گے کہ آپ نے جن کارنرز پر شفٹ دبا کر کلک کیا ہے صرف وہی سیلیکٹ ہوئے ہیں۔اب آپ اِن میں سے کسی کو بھی موو کریں گے تو جتنے آپ نے سیلیکٹ کیے ہیں سبھی ایک ساتھ موو ہوں گے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔امید ہے یہاں تک تو آپ کو بخوبی سمجھ آ گئی ہوگی۔اب اسی ٹول کو استعمال کرتے ہوئے ہم ایک گول دائرے کی شکل تبدیل کرتے ہیں۔تو جناب اس کے لیے سب سے پہلے Ellipse Tool سیلیکٹ کریں۔اپنے کی بورڈ سے اس ٹول کا شارٹ کٹ



بٹن F7 پریس کریں یہ ٹول خود بخود سیلیکٹ ہو جائے گا۔ اب اِس ٹول کو سیلیکٹ کرنے کے بعد کی بورڈ سے کا بٹن دبائے رکھیں اور ایک گول دائرہ بنائیں۔ گول دائرہ بنانا آپ پچھلے کلاسز میں سیکھ چکے ہیں اِس لیے Ctrl با آسانی بنا سکتے ہیں۔ گول دائرہ بنانے کے بعد Shape Tool سیلیکٹ کریں۔ آپ دیکھیں

گے کہ گول دائرہ بنانے کے بعد جب ہم نے شیپ ٹول سیلیکٹ کیا تو گول دائرے میں صرف ایک ہی پوائنٹ سامنے آیا۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ایک سبز کلر کا گول دائرہ میں نے بنایا پھر اس کے بعد جب میں شیپ ٹول سیلیکٹ کیا تو گول دائرہ میں ایک پوائنٹ ظاہر ہو گیا۔ آپ اِس پوائنٹ کو اگر دائیں جانب نیچے کی طرف حرکت دیں گے تو آپ کا بنایا ہوا گول دائرہ کٹ Cut جائے گا۔ یعنی جتنا پوائنٹ کو دائیں اور نیچے کی جانب لیکر جائیں گے اتنے حصے کا دائرہ کٹ جائیگا۔ یعنی آپ ایک کٹے ہوئے گول دائرے کی شیپ بنانے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ آپ اِس گول دائرے کی شکل میں مزید تبدیلی عمل میں لا سکتے ہیں اس کے لیے

پراپرٹیز بار پر نگاہ دوڑائیں اور سکرین شاٹ میں دکھائے گئے بٹن استعمال کریں۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ کے بنائے ہوئے گول دائرے میں کچھ تبدیلیاں وقوع پذیر ہو رہی ہیں۔ ان میں سے آپ اگر دائیں جانب والے بٹن پر کلک کریں گے تو گول دائرے کے جس حصے پر کٹ

لگا ہے وہ خالی ہو جائے گا۔ یعنی گول دائرہ کھلی شکل بن جائے گا۔ اور درمیان والا پریس کرنے سے بند شکل جبکہ بائیں جانب والا پریس کرنے سے دوبارہ مکمل گول دائرہ بن جائے گا۔ مستطیل یا گول دائرے میں تبدیلی عمل میں لانا تو آپ بخوبی سیکھ گئے ہوں گے۔۔ اب ہم اِسی ٹول کی مدد سے ٹیکسٹ میں تبدیلی عمل میں لائیں گے۔ اِس کے لیے سب پہلے کورل ڈرا میں اپنی مرضی کا ٹیکسٹ لکھیں۔ جیسا کہ میں نے The Shape Tool لکھا



ہے۔ اِس کا سائز کچھ بڑا رکھیں تا کہ ابتدائی مراحل میں آپ کو سیکھنے میں آسانی ہو۔ اب Shape Tool سیلیکٹ کریں۔ آپ دیکھیں گے کے سیلیکشن باکسز کے علاوہ ٹیکسٹ کے آغاز اور اختتام پر نیچے کی طرف تیر کے پھل بنے ہوئے ہیں۔۔۔ یہ دراصل ہینڈلز ہیں جن کو ہم دائیں یا بائیں حرکت دے کر ٹیکسٹ کا درمیانی فاصلہ کم یا زیادہ کر سکتے ہیں یعنی ان کی جتنا باہر کی طرف ڈریگ کریں گے ہر ورڈ کے درمیان اتنا فاصلہ بڑھ جائے گا اور جتنا اندر کی طرف ڈریگ کریں گے ہر لفظ کے



درمیان اتنا ہی فاصلہ کم ہو جائے گا۔ جیسا کہ سکرین شاٹ میں دیکھیں میں نے درمیانی فاصلہ بڑھا دیا ہے۔ فانٹس کا سائز وہی پہلے والا ہی ہے لیکن درمیان فاصلہ بڑھ چکا ہے۔ ہینڈلز کا استعمال تو آپ سمجھ گئے ہوں گے لیکن اب اِن چھوٹے چھوٹے ڈبوں کا استعمال بھی سیکھ لیجئے جو ہر فانٹ کے نیچے نظر آرہے ہیں۔ آپ اِن میں سے کسی بھی ڈبے کو Shape Tool کی مدد سے پکڑ کر اوپر نیچے کر سکتے ہیں یعنی تمام ٹیکسٹ کو یوا ونچا نیچا کر سکتے ہیں۔ اپنی مرضی کا کوئی بھی



فانٹ پکڑ کر اسی کی جگہ تبدیل کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔میں نے شیپ ٹول کی مدد سے ہر ڈبے کو باری باری پکڑ کر اوپر نیچے کیا اور فانٹس کا جو حشر ہوا وہ آپ کے سامنے ہے۔ٹیکسٹ کو ادھر اُدھر کرنا تو آپ سیکھ ہی گئے ہوں گے۔اب مزید اس ٹول کا استعمال سمجھنے کے لیے اپنے ڈاکومنٹ پر ایک آڑھی ترچھی یا لہراتی ہوئی لائن بنائیں۔اس طرح کی لائن بنانے کے لیے آپ Free Hand ٹول استعمال کر سکتے ہیں۔فری ہینڈ ٹول کے متعلق آپ پچھلی کلاس میں پڑھ چکے ہیں۔فری ہینڈ ٹول سیلیکٹ کرنے کے لیے

آپ اپنے کی بورڈ سے F5 پریس کریں خود بخود سیلیکٹ ہو جائے گا۔اور اس ٹول کو استعمال کرتے ہوئے سکرین شاٹ کے مطابق ایک آڑھی ترچھی لائن بنائیں۔سکرین شاٹ کے جیسی لائن جو آپ نے بنائی ہے یہ بالکل ویسی نہیں ہوگی جیسی آپ خود بنانا چاہیں اس لیے لائن کو درست کرنے کے لیے آپ کو شیپ ٹول کا سہارا لینا ہوگا۔لہٰذا شیپ ٹول پھر سے سیلیکٹ کر لیں۔شیپ ٹول پر کلک کرنے سے آپ دیکھیں گے کہ آپ کی بنائی ہوئی لائن پر کچھ پوائنٹس بن گئے ہیں۔۔یہ پوائنٹس ہر اُس جگہ پر بنتے ہیں جہاں سے لائن سموتھ نہیں ہوتی۔یہاں پر چونکہ باریکی میں ڈرائنگ کرنی ہے اس لیے کی بورڈ سے F3 پریس کر کے لائن کو Zoom میں لے آئیں۔تاکہ ڈرائنگ میں آسانی ہو۔شیپ ٹول سیلیکٹ کرنے اور زوم کرنے بعد جو تبدیلیاں عمل میں آئیں آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔سکرین شاٹ میں دکھائی گئی لائن میں اگر

آپ غور کریں تو آپ کو کہیں کہیں چھوٹے چھوٹے نیلے رنگ کے ڈاٹس نظر آئیں گے۔آپ اِن میں سے کسی بھی ڈاٹ پر کلک کریں گے تو اُس ڈاٹ کے ساتھ تیر کے نشان بن جائیں گے۔۔یہ تیر کے نشان دراصل ہینڈلز ہیں جن کو ایک سے دوسرے جگہ



حرکت دینے سے آپ کی بنائی ہوئی لائن کی شیپ تبدیل ہوگی۔جیسا کہ آپ کو سکرین شاٹ میں نظر آ رہا ہے۔آپ ان نیلے رنگ کے تیر کے نشانات کو ایک سے دوسری جگہ حرکت دے سکتے ہیں اس کے علاوہ جس

پوائنٹ پر آپ نے کلک کیا تھا اُس پوائنٹ کو پکڑ کر بھی اُس کی جگہ تبدیل کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں 2 تیر کے نشانات دکھائے گئے ہیں ایک پر A لکھا ہوا ہے جبکہ دوسرے پر B لکھا ہوا ہے۔ پوائنٹ A دراصل وہ جگہ ہے جہاں پر پہلے ڈاٹ موجود تھا جسے ہم نے پکڑ کر نیچے کی جانب موو کیا۔اور جہاں پر موو ہو رہا ہے وہ پوائنٹ B ہے۔اِس کے علاوہ آپ لائن کے ساتھ لگے ہوئے نیلے رنگ کے تیر کے نشانات کی مدد سے لائن کے زاویئے بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔میں نے لائن میں موجود ہر نیلے رنگ کے ڈبے پر کلک کیا اور اُس سے نیلے رنگ کے بننے والے تیر کے نشانات کی مدد سے زاویئے تبدیل کیے۔۔اب نتیجہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔اِس کے علاوہ اگر پہلے سے بنے ہوئے پوائنٹس سے ہٹ کر لائن کو کسی اور جگہ سے چھیڑنا چاہتے ہیں تو اپنی مرضی کہ جگہ پر ڈبل کلک کر لیں اسی جگہ نیلے کے تیر کے نشانات یعنی ہینڈلز بن جائیں گے جن کی مدد سے آپ مزید تبدیلی عمل میں لا سکتے ہیں۔یہاں تک تو اِس ٹول کا استعمال سادہ طریقے سے کیا گیا لیکن اب ہم اِس کا استعمال مزید گہرائی میں جا کر کریں گے۔

☆ڈاکومنٹ پر کوئی بھی ٹیکسٹ لکھیں اور شیپ ٹول سیلیکٹ کر کے پہلے ٹیکسٹ کی اپنی مرضی کی ترتیب بنائیں۔جیسے پچھلے صفحات پر آپ کو بنانا سکھائی گئی ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں



☆اب مینیو بار میں سے Arrange پر کلک کریں اور نیچے کھلنے والی لسٹ میں سے Convert To Curves پر کلک کریں۔یہ آپشن سیلیکٹ کرنے سے آپ کی سیلیکٹ کی ہوئی شیپ یا ٹیکسٹ اِس ٹائپ کا بن جائے گا کہ ہم اسے جس جگہ سے جی چاہے تبدیل کر سکتے ہیں۔اپنے ٹیکسٹ یا بنائی ہوئی شیپ کو Curve Shape بنانے کے لیے آپ ارینج مینیو میں سے سے Convert To Curves والی آپشن بھی سیلیکٹ کر سکتے ہیں اور اپنے کی بورڈ سے Ctrl+Q پریس کر کے بھی اپنی بنائی ہوئی شیپ یا ٹیکسٹ کو Curves میں کنورٹ کر سکتے ہیں۔Curves میں کنورٹ کرنے اور اُس کے بعد دوبارہ Shape Tool سیلیکٹ کے بعد آپ کا ٹیکسٹ کچھ اِس قسم کا دکھائی دے گا۔اگلے پیج پر دیا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔



آپ Curves میں کنورٹ کرنے کے بعد ٹیکسٹ کی موجودہ حالت دیکھ کر حیران رہ گئے ہوں گے کہ اتنے والے پوائنٹس بن گئے۔تو جناب گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے آپ نارمل ڈیزائننگ اسی طرح کر سکتے ہیں لیکن اگر آپ کوئی بہت بڑا سائن بورڈ وغیرہ بنانا چاہتے ہیں تو اس ٹیکسٹ کے ہر لفظ کو زوم کر کے ایڈیٹ کر سکتے ہیں۔آپ ٹیکسٹ کو موٹا یا پتلا کر سکتے ہیں۔جیسا کہ میں اب ٹیکسٹ میں موجود ہر لفظ کو بائیں جانب کے کسی ایک پوائنٹ سے پکڑ کر بائیں جانب بڑھاؤں گا۔اُس

کے بعد جو ہوگا وہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔بالکل اسی طرح آپ بھی ٹیکسٹ کو زوم میں لا کر کسی بھی جگہ سے پکڑیں اور اُس کی شیپ تبدیل کر سکتے ہیں۔یہ تھوڑا مشکل ضرور ہے لیکن ایک 2 بار پریکٹس کے بعد آسان محسوس ہوگا۔اب آپ دوبارہ Pick Tool یعنی ماؤس کے تیر کے نشان جیسا ٹول جسے ہم



سیلیکٹ ٹول بھی کہہ سکتے ہیں یہ والا ٹول سیلیکٹ کریں اور ڈاکومنٹ پر کسی بھی خالی جگہ پر کلک کر دیں اور اپنے ٹیکسٹ میں پیدا کی گئی تبدیلی کا صحیح طرح سے جائزہ لیں۔۔آپ اوپر دیئے گئے سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں میرا بنایا ہوا ٹیکسٹ۔یہ ٹیکسٹ سٹائل ہوسکتا ہے آپ کو اچھا نا لگے لیکن میرا مقصد ڈیزائننگ دکھانا نہیں بلکہ ٹول کے استعمال سے واقف کروانا تھا۔

☆ جیسے آپ نے ٹیکسٹ کی شیپ تبدیل کی بالکل اسی طرح آپ کسی بھی دوسری شیپ میں بھی تبدیلی پیدا کر سکتے ہیں مثال کے طور پر آپ پہلے وہی مستطیل سیلیکٹ کر لیں جو آپ نے اِس سے پہلے بنائی۔اب مستطیل سیلیکٹ کر کے اُسے Covert To Curves کر لیں۔اور شیپ ٹول سیلیکٹ کر لیں۔اب آپ

مستطیل میں کسی بھی جگہ پر ڈبل کلک کر کے ایک نیا پوائنٹ شامل کر سکتے ہیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔پہلے میں نے ایک مستطیل بنائی اُس کے بعد مستطیل کی نچلی لائن پر درمیان میں ایک جگہ پر ڈبل کلک کیا۔اور وہاں پر ایک پوائنٹ بن گیا اور اُس پوائنٹ کو اندر کی طرف موو کر دیا۔

اِس طرح جو نئی شکل بنی وہ سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں۔بالکل اسی طرح میں نے مستطیل کے چاروں لائنز کے تقریباً درمیان میں باری باری ڈبل کلک کر کے نئے پوائنٹس بنائے اور انہیں اندر کی طرف

موو Move کر دیا اور جو نئی شکل بنی وہ آپ پچھلے صفحے پر ہی سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔۔

☆سب سے پہلے ہم نے ایک گول دائرہ بنایا تھا۔ بعد میں شیپ ٹول کی مدد سے گول دائرے کی شکل تبدیل کی تھی۔ اب یہاں پر آپ دوبارہ وہی گول دائرہ سیلیکٹ کریں۔ اگر ڈیلیٹ کر دیا ہے تو نیا بنالیں۔ سکرین شاٹ میں آپ بنایا ہوا گول دائرہ بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ اب اِس گول دائرے میں ہم مزید تبدیلی عمل میں لائیں گے اس کے لیے پہلے گول دائرہ سیلیکٹ کریں اس کے بعد مینیو بار میں سے ارینج پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Convert To Curves پر کلک کریں یا پھر اپنے کی بورڈ سے کنٹرول کے ساتھ Q کا بٹن پریس کریں آپ کے گول دائرے کی شیپ Curve شیپ بن جائے گی۔

جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ Convert To Curves کرنے سے آپ کی شیپ میں مختلف جگہوں پر کچھ تیر کے نشانات اور نقطے بن گئے ہیں۔ آپ اِن کی مدد سے مزید تبدیلی عمل میں لاسکتے ہیں یا اپنی مرضیہ سے شیپ کے کسی بھی حصہ پر ڈبل کلک کر کے ایک نیا نقطہ ڈال سکتے ہیں اور اسے کھینچ کر شیپ میں تبدیلی پیدا کر سکتے ہیں۔



سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے پوائنٹ اے کو پکڑ کر دائیں جانب کھینچا۔ سکرین شاٹ می کھینچتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ اِس طرح آپ کوئی بھی پوائنٹ پکڑ اسے اپنی مرضی کی جگہ پر لیجا سکتے ہیں۔



اب اس سکرین شاٹ میں دیکھئے نچلے کارنر کو پکڑ کر بھی دائیں جانب کھینچا جا رہا ہے۔ اور ہماری بنائی ہوئی شیپ ایک نئی شکل اختیار کرتی جا رہی ہے۔

بالکل اسی طرح آپ بھی اِن شیپس میں کسی بھی جگہ پر ڈبل کلک کریں اپنی مرضی کی جگہ پر کھینچیں اور نئی نئی شیپس بنائیں۔ یعنی اِس ٹول کے ساتھ کھیلتے رہیں۔ آپ اِس کا استعمال مکمل طور پر سیکھ جائیں گے۔۔ انشاءاللہ

آخر میں ایک ضروری ٹِپ دینا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ڈرائنگ کرتے وقت جتنا ہو سکے Zoom کا استعمال کریں اس سے آپ بہت اچھے طریقے سے ڈیزائننگ کر سکتے ہیں زوم کرنے کے لیے آپ اپنے کی بورڈ سے F4 پریس کر سکتے ہیں اور زوم کم کرنے کے لیے کی بورڈ سے F3 پریس کر سکتے ہیں۔

بہت زیادہ زوم کر لینے کے بعد آہستہ آہستہ زوم Zoom کم کرنے میں دشواری محسوس ہو تو آپ اپنے کی بورڈ سے Shift اور F4 ایک ساتھ پریس کر سکتے ہیں یہ دونوں بٹن ایک ساتھ پریس کرنے سے آپ کا پیج واپس اصلی حالت میں آجائے گا۔

☆☆☆

آپ نے اکثر دستاویزات یا کتب میں ٹیبلز وغیرہ بنے ہوئے دیکھے ہوں گے۔ جو کہ لائنز اور کالمز کے ساتھ بنائے گئے ہوتے ہیں۔ اِس طرح کے ٹیبلز ہم اپنے طور پر لائنز وغیرہ لگا کر بھی بنا سکتے ہیں لیکن اس طرح اپنے طور پر لائنز لگانے اور پھر اُن لائنز میں ٹیکسٹ شامل کرنے میں بہت ہی زیادہ وقت ضائع ہوتا ہے اور ہم اپنے ڈرائنگ کیے ہوئے ٹیبل میں مزید تبدیلیاں بھی پیدا نہیں کر سکتے۔۔لیکن کورل ڈرا میں ایک ایسا ٹول بھی موجود ہے جس کی مدد سے ہم اپنی مرضی کا ٹیبل ترتیب دے سکتے ہیں۔ کتابوں یا میگزینوں میں ٹیبلز کورل ڈرا کے اِس ٹول کو ہی استعمال میں لا کر ترتیب دیئے گئے ہوتے ہیں۔ اب ہم اسی ٹول کا استعمال سیکھیں گے۔ اِس ٹول کا نام ہے Table Tool اور یہ ٹول Tool Panel میں آپ کو Text Tool کے نیچے دکھائی دے گا۔ کورل ڈرا کے پرانے ورژن کے کسی سافٹ ویئر میں یہ ٹول کسی اور جگہ پر بھی ہوسکتا ہے۔ اِس لیے اِس ٹول کا آئیکون اور نام ذہن میں رکھیں۔ اب آتے ہیں اس ٹول کے استعمال کی طرف۔

Table Tool☆



سب سے پہلے سکرین شاٹ کے مطابق ٹیبل ٹول سیلیکٹ کریں جو کہ ٹولز پینل ٹیکسٹ ٹول کے نیچے واقع ہے۔ ٹول سیلیکٹ کرنے کے بعد سب سے پہلے پراپرٹیز بار میں سے کالمز اور لائنز کی تعداد منتخب کریں۔ یعنی آپ نے جتنے خانوں کا ٹیبل بنانا ہے پہلے اُس لحاظ سے اُن کی تعداد ترتیب دے لیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں پراپرٹیز بار میں موجود اُس ایریا کی نشاندہی کی گئی ہے جہاں سے آپ بائیں سے دائیں اور اوپر سے نیچے خانوں کی تعداد منتخب کر سکتے ہیں۔ جیسا کہ آپ سکرین



شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے کالمز 4 اور لائنز 3 منتخب کی ہیں۔ یہاں سے تعداد منتخب کرنے کے بعد ڈاکومنٹ پر اس ٹول کی مدد سے ایک ٹیبل بنائیں۔ ٹیبل بالکل اسطرح بن جائے جس طرح ہم ایک شیپ بناتے ہیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ آپ اِس ٹیبل کے کسی بھی خانے میں ماؤس کرسر کو لے کر جائیں گے تو وہ ٹیکسٹ ٹول کے جیسا پوائنٹ بن جائے گا۔ یعنی آپ کسی بھی خانے میں کلک کر کے اپنی مرضی سے کچھ بھی لکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر سب سے پہلے بائیں طرف سے پہلے خانے میں کچھ لکھیں اور کی بورڈ سے TAB کا بٹن پریس کریں۔ TAB کا بٹن پریس کرنے سے ایک چھوٹی سے ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ جس کی مدد سے آپ TAB کے بٹن کے لیے سیٹنگز کر سکتے ہیں۔



مثال کے طور پر اگر آپ اردو ٹیبل ترتیب دینا چاہتے ہیں تو ظاہری بات ہے آپ دائیں سے بائیں جانب لکھیں گے۔ اور ایسا لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ جب آپ ٹیب کا بٹن پریس کریں خود بخود بائیں جانب والا اگلا خانہ سیلیکٹ ہوجائے۔ اور اگر آپ انگلش ٹیبل ترتیب دینا چاہتے ہیں ٹیب کے لیے بائیں سے دائیں

جانب والی آپشن سیلیکٹ کریں۔۔مزید رہنمائی کے لیے اس نئی کھلنے والی ونڈو کے متعلق سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ اِس میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے ٹیبل میں بائیں جانب کے پہلے خانے میں Number لکھا اور جب TAB کا بٹن پریس کیا تو یہ ونڈو سامنے آئی اور میں نے اِس میں سے Left To Right کی آپشن سیلیکٹ کی تا کہ جب بھی میں ایک خانے میں اپنی مرضی کا ٹیکسٹ لکھ لوں تو اور ٹیب کا بٹن پریس کر کے دوسرے میں جانا چاہوں تو خود بخود بائیں جانب ساتھ والا باکس سیلیکٹ ہو جائے۔ بہر حال یہاں پر اپنی مرضی کی آپشن منتخب کر کے OK کا بٹن پریس کر دیں۔اور اب چیک کریں کہ کی بورڈ سے اب TAB کا بٹن پریس کرنے سے کیا ہوتا ہے۔ یہاں پر ایک اور ٹپ دیتا چلوں کہ اگر آپ غلطی سے ٹیب کا بٹن پریس کر کے آگے والے خانے میں آگئے ہیں اور واپس خانے میں جانے کے لیے آپ کو ماؤس کا استعمال کرنا پڑے گا لیکن اس کا شارٹ کٹ یہ ہے کہ آپ ایسی صورت میں کی بورڈ سے Shift اور اُس کے ساتھ TAB کا بٹن پریس کر دیں واپس وہی خانہ سیلیکٹ ہو جائے گا۔اس طرح آپ اپنا ٹیبل مکمل کر سکتے ہیں جیسا کہ میں نے ایک ٹیبل ترتیب دیا ہے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔لیکن یہاں پر کام ختم نہیں ہوا بلکہ اصلی سیٹنگز اِس ٹیبل کی اب شروع ہوتی ہیں۔اِس ٹیبل میں

Member	Threads	Posts	Thanks
S Waqas	2620	49888	5461
A_MaLiK	683	27499	6093

استعمال کیے ٹیکسٹ کا کلر ہم تبدیل کر سکتے ہیں اس میں موجود تمام خانوں کے رنگ تبدیل کر سکتے ہیں۔اِس میں مزید لائنز یا کالمز کا اضافہ کر سکتے ہیں۔سب سے پہلے اس کی لائنز اور کالمز میں اضافہ کرنا سیکھتے ہیں۔اِس کے لیے مینیو بار Menu Bar پر موجود Table پر کلک کریں اور لسٹ میں سے inert پر ماؤس کرسر کو لے جائیں اور دائیں جانب کھلنے والی ونڈو میں سے اپنی مرضی کے مطابق لائنز یا کالمز وغیرہ جو بھی بڑھانا چاہتے ہیں اسی کے متعلق آپشن سیلیکٹ کر لیں مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں Insert Rows کے آپشن کی نشاندہی کی گئی ہے لیکن آپ یہاں پر اپنی





مرضی کی آپشن منتخب کر سکتے ہیں۔اسی طرح اگر آپ کوئی اضافی لائنز یا کالم ڈیلیٹ کرنا چاہتے ہیں دوبارہ اسی طرح مینیو بار میں سے Table پر کلک کریں اور اس کے بعد ماؤس کرسر کو نیچے Delete پر لے آئیں اور ساتھ کھلنے والی ونڈو میں سے کالمز یا لائنز جو بھی ڈیلیٹ کرنا ہے سیلیکٹ کر کے ڈیلیٹ کر لیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔امید ہے آپ نیا کالم یا نئی لائن شامل کرنا اور ڈیلیٹ کرنا بھی سیکھ گئے ہوں گے۔اور اگر آپ کسی ایک لائن میں موجود تمام خانوں میں رنگ بھرنا چاہتے ہیں تو کسی بھی لائن کے بائیں جانب بالکل ساتھ میں ماؤس کرسر کو لیکر جائیں۔۔آپ کا ماؤس کرسر تیر کے نشان میں تبدیل ہو جائے گا۔جب آپ کا ماؤس کرسر تیر



Member	Threads	Posts	Thanks
S Waqas	2620	49888	5461
A_MaLiK	683	27499	6093

کے نشان میں تبدیل ہو جائے تب کلک کر دیں آپ دیکھیں گے کہ آپ کے کلک کرنے سے مکمل لائن میں ٹیڑھی سی لکیریں بن گئی ہیں۔اس کا مطلب ہے کہ آپ کی لائن سیلیکٹ ہو گئی ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اب ڈاکومنٹ کے دائیں جانب Object

Properties ایریا میں نظر دوڑائیں۔اور کلر کرنے والے ٹول کے نشان والے ٹیب پر کلک کریں اور اپنی مرضی کے کلر پر کلک کر لیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔یہاں پر آپ Fill Type بھی تبدیل کر سکتے ہیں لیکن اس کے متعلق آپ کو ایڈوانسڈ کلاسز میں سمجھایا جائے گا۔

اِس لیے فی الحال اسی پر اکتفا کریں اور سادہ ڈیزائننگ کریں۔یا پھر از خود ٹرائی کر کے دیکھیں ضرور کچھ نا کچھ نیا سیکھیں گے۔یہاں پر جیسے ہم نے ایک لائن سیلیکٹ کی ہے اور کلر دیا ہے بالکل اسی طرح ہم اپنی مرضی سے کوئی بھی کالم بھی سیلیکٹ کر سکتے ہیں۔کالم سیلیکٹ کرنے کے لیے جیسے آپ نے لائن کے پاس ماؤس کرسر لیجا کر کلک کیا تھا بالکل اسی طرح کسی بھی ایک کالم کی لائن کے پاس ماؤس کرسر لیجا کر کلک کریں کالم بھی بالکل اسی طرح سیلیکٹ ہو جائے گا جیسے لائن سیلیکٹ ہوئی تھی۔اور سیلیکٹ کرنے کے بعد بالکل اسی طرح آپ اُس میں بھی اپنی مرضی کا رنگ بھر سکتے ہیں۔۔آپ یہی کلرز کلر پینل یعنی کلر پٹی کی مدد سے بھی بھر سکتے ہیں جیسے آپ اس سے پہلے شیپس میں بھرتے آئے ہیں بالکل اسی طرح یہاں پر بھی کوئی بھی کالم یا لائن منتخب کر کے کلر پٹی میں سے کسی بھی کلر پر کلک کر کے آپ رنگ بھر سکتے ہیں۔۔۔

اب ہم ٹیبل میں ٹیکسٹ کی الائمنٹ کریں گے اور ٹیکسٹ کو کلر کرنا سیکھیں گے۔عموماً جب ہم کوئی ٹیبل بناتے ہیں تو سب سے پہلی لائن جسے ہم تعارفی لائن بھی کہہ سکتے ہیں اِس میں ہم جو ٹیکسٹ لکھتے ہیں وہ خانوں کے درمیان میں ہوتا ہے۔جبکہ نچلی لائنز میں ٹیکسٹ دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں ترتیب دیا جاتا ہے۔یعنی جیسے ہم کسی بھی سافٹ ویئر مثلاً انپیج میں اردو لکھتے ہیں تو اس کی سیٹنگز ایسے بھی کر سکتے ہیں کہ تمام الفاظ بیچ کے درمیان میں رہیں یا دائیں جانب یا بائیں



Member	Threads	Posts	Thanks
S Waqas	2620	49888	5461
A_MaLiK	683	27499	6093

جانب بالکل اسی طرح یہاں پر بھی آپ ہر خانے میں الفاظ کو ایک الگ ترتیب دے سکتے ہیں۔اِس کے لیے سب سے پہلے اپنی مرضی کے باکس میں موجود تمام ٹیکسٹ سلیکٹ کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے Member والا خانہ سلیکٹ کیا ہے۔اب Menu Bar میں سے Text پر کلک کریں اور Paragraph Formatting پر کلک کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔Text Formatting پر کلک کرنے سے ایک نئی ونڈو کھل جائے گی۔اب آپ دیکھیں گے کہ دائیں جانب جہاں پہلے کلر پراپرٹیز موجود تھیں اب وہاں پر ٹیکسٹ فارمیٹنگ لکھا ہوا نظر آ رہا ہے۔آپ یہاں ہر اپنی مرضی سے ٹیکسٹ کی الائمنٹ کر سکتے ہیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے الائمنٹ میں ٹیکسٹ پلیس Center منتخب کی ہے۔بالکل اسی طرح آپ خانوں موجود ٹیکسٹ کو خانے کے بالکل بالائی جانب یا خانے کے بالکل درمیان یا نچلی طرف بھی ایڈجسٹ کر سکتے ہیں یعنی خانے کے اندر رہ کر اوپر سے نیچے کی طرف بھی ٹیکسٹ کو ایڈجسٹ کر سکتے ہیں۔اِس کے لیے آپ Vertical کے ساتھ لگے ہوئے ڈراپ ڈاؤن مینو پر کلک کریں اور بالکل اسی طرح Top,Bottom یا Center کی آپشن منتخب کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔







تو جناب بالکل اسی طرح سیٹنگز کرنے کے بعد یعنی پہلی لائن کو مکمل سلیکٹ کرنے کے بعد پہلے Horizotal Alignment میں سینٹر اور اُس کے بعد ورٹیکلی طور پر Bottom کی آپشن سلیکٹ کی اور اس کے بعد آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اوپر والی لائن کا تمام ٹیکسٹ ہر خانے کے بالکل درمیان اور نچلی لائن کے ساتھ ایڈجسٹ ہو گیا ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

Member	Threads	Posts	Thanks
S Waqas	2620	49888	5461
A_MaLiK	683	27499	6093

یہاں تک تو الائنمنٹ وغیرہ آپ سمجھ چکے ہوں گے اب فانٹس کلر کو یا تبدیل کرنے کے لیے دوبارہ مینیو بار میں موجود Text پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Character Formatting پر کلک کریں یا پھر کی بورڈ سے Ctrl+T پریس



کریں۔اب جہاں پر فانٹس کی الائنمنٹ تھی اب وہاں پر آپ کو فانٹس کے متعلق مختلف آپشنز نظر آئیں گے جیسا کہ فانٹس سٹائل۔ان کا کلر یا فانٹس کا سائز وغیرہ سب کچھ آپ یہاں سے تبدیل کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔امید ہے اِس سکرین شاٹ کو دیکھ کر آپ کو سب سمجھ آ گیا ہوگا۔

اب اس کے بعد Table Tool کے متعلق ایک آخری اور دلچسپ پوائنٹ۔

آپ نے جو ٹیبل ترتیب دیا ہے آپ اسے ٹیکسٹ فارمیٹ میں بھی سیو کر سکتے ہیں یعنی اگر



آپ یہ ٹیبل کسی نوٹ پیڈ یا کسی دوسرے ٹیکسٹ ڈاکومنٹ میں سیو کرنا چاہتے ہیں تو مینیو بار میں سے Table پر کلک کریں اور سب سے نچلی آپشن Convert Table To Text سلیکٹ کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اِس آپشن پر کلک کرنے سے ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے کھل جائے گی جس میں آپ اپنی مرضی کے مطابق سیٹنگ کر سکتے ہیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے Commas کی آپشن منتخب کی ہے اِس سے ٹیبل کی تمام لائنز یا کالمز Commas میں تبدیل ہو جائیں گے۔اب آپ اپنا ٹیکسٹ کسی بھی فارمیٹ میں کاپی کر کے پیسٹ کر سکتے ہیں۔لیکن گھبرائیے مت آپ کی محنت



ضائع نہیں ہوئی اگر آپ اپنے ٹیکسٹ کو واپس ٹیبل میں کنورٹ کرنا چاہتے ہیں تو دوبارہ مینیو بار میں سے Table پر کلک کریں اور لسٹ میں اِس مرتبہ آپ کو Convert Text To Tables کی آپشن نظر آئے گی۔اِس پر کلک کر کے آپ ٹیکسٹ کو واپس کالمز میں کنورٹ کر سکتے ہیں۔۔امید ہے سکرین شاٹس کو دیکھ کر آپ سمجھ گئے ہوں گے۔۔

اِن پیج سے ٹیکسٹ کورل ڈرا میں لانا۔

☆ پہلے ان پیج سافٹ ویئر اوپن کریں۔اور ان پیج میں کچھ لکھیں۔

☆اب کورل ڈرا سافٹ ویئر اوپن کریں۔اور کی بورڈ سے Ctrl+N پریس کریں اور ایک نیا ڈاکومنٹ بنائیں۔

(یہاں پر ان پیج پہلے اوپن کرنا ضروری ہے اگر آپ کورل ڈرا پہلے اوپن کر لیتے ہیں تو ان پیج سے بعد میں ٹیکسٹ کاپی نہیں کیا جاسکے گا۔۔یہ کوئی فنی نقص ہے۔اس لیے پہلے ان پیج اوپن کریں اُس کے بعد کورل ڈرا اوپن کریں۔۔یہ پوائنٹ نہایت ہی اہم ہے اس لیے نظر انداز مت کریں اور ہمیشہ یاد رکھیں)



☆اِن پیج میں عبارت لکھیں۔اور سیلیکٹ ٹول (ماؤس پوائنٹر کے جیسا ٹول) سیلیکٹ کریں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

☆اب ان پیج میں لکھے ہوئے ٹیکسٹ پر کلک کریں اور اپنے کی بورڈ سے Ctrl+C پریس کریں۔ایسا کرنے سے آپ نے ان پیج میں جو ٹیکسٹ لکھا ہے وہ کاپی ہو جائے گا۔

☆اب کورل ڈرا سافٹ ویئر میں جا کر کی بورڈ کی مدد سے Ctrl+V پریس کریں۔آپ کا کاپی کیا ہوا ٹیکسٹ کورل ڈرا میں آپ کے سامنے آجائے گا۔لیکن آپ دیکھیں گے کہ کورل ڈرا میں جب ٹیکسٹ کو آپ نے پیسٹ کیا تو اُس کا سائز بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔میں نے ان پیج میں کورل ڈرا کلاس 9 لکھا تھا اور سیلیکٹ ٹول کو سیلیکٹ کیا پھر ٹیکسٹ پر کلک کر کے کی بورڈ سے Ctrl+C کے بٹن پریس کیے اس کے بعد کورل ڈرا میں جا کر کی

بورڈ سے Ctrl+V پریس کیا اور اس طرح ان پیج کا ٹیکسٹ کورل ڈرا میں پیسٹ ہو گیا۔

☆ ٹیکسٹ کو چھوٹا کرنے کے لیے پراپرٹیز بار میں سے Scale Factor کے ذریعے آپ ٹیکسٹ کو چھوٹا کر سکتے ہیں۔۔آپ دیکھیں گے کہ سکیل فیکٹر باکسز میں ٹیکسٹ کی چوڑائی اور لمبائی 100 ہے۔آپ یہاں پر 100 کی بجائے 10 لکھ دیں۔۔یعنی دونوں باکسز میں 10-10 لکھ دیں۔اس طرح ٹیکسٹ کا سائز کافی کم ہو جائے گا۔اب آپ سوچ رہے ہوں گے کہ پراپرٹیز بار میں یہ سکیل فیکٹر کیا ہے۔تو جناب اس کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں یقیناً آپ سمجھ جائیں گے۔سکرین شاٹ میں ماؤس پوائنٹرز کی مدد سے سکیل فیکٹرز کی نشاندہی کی گئی ہے



جن میں سے ایک کو میں 10 کر چکا ہوں جبکہ دوسرے میں ابھی 10 لکھ کر اینٹر کرنے والا ہوں۔۔جب ہم یہاں پر 10-10 لکھ کر اینٹر کر دیں گے تو ہمارا ٹیکسٹ 10 فیصد تک چھوٹا ہو جائے گا۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ٹیکسٹ سائز کتنا کم ہو گیا ہے۔۔بس جناب آپ نے ان پیج سے کورل ڈرا میں ٹیکسٹ پیسٹ کرنا سیکھ لیا ہے۔اب آتے ہیں مزید سیٹنگز کی طرف



☆ اگر آپ اردو ٹیکسٹ کو کورل ڈرا میں کسی باکس کے اندر یا کسی دوسری شیپ کے اندر ایڈجسٹ کرنا چاہتے ہیں۔تو اس کا سب سے آسان حل یہ ہے کہ پہلے ٹیکسٹ سلیکٹ کریں پھر کی بورڈ سے Shift کا بٹن دبائے رکھ کر مطلوبہ شیپ پر کلک کریں۔اس طرح ٹیکسٹ اور شیپ بیک وقت سلیکٹ ہو جائیں گے۔ اُس کے بعد کی بورڈ سے پہلے C کا بٹن پریس کریں اُس کے بعد E کا بٹن پریس کر دیں۔آپ کا ٹیکسٹ شیپ کے بالکل درمیان میں ایڈجسٹ ہو جائے گا۔

☆ ٹیکسٹ کو ایک شیپ کے ساتھ استعمال کرنا۔

آپ نے اکثر سٹیمپس یا شیپس دیکھی ہوں گی جن کے ساتھ ساتھ ٹیکسٹ لکھا ہوتا ہے یعنی اگر ایک گول دائرہ ہے تو ٹیکسٹ بھی اسی گول دائرے کے گرد بالکل گولائی میں لکھا ہوا ہوتا ہے۔بلکہ ایک قسم کا ٹیکسٹ کا گول دائرہ بنا ہوا ہوتا ہے۔تو جناب یہ سیٹنگ کچھ زیادہ مشکل نہیں ہے۔بلکہ بہت آسان ہے پہلے ڈاکومنٹ پر کوئی بھی ایک لائن لکھیں۔جیسا کہ میں نے ڈاکومنٹ پر ٹیکسٹ ٹول کی مدد سے Class 9: Working With Text لکھا ہے۔۔ٹیکسٹ کے بعد ڈاکومنٹ پر اپنی مرضی کی کوئی بھی شیپ بنائیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے ایک گول دائرہ بنایا ہے۔اور الگ جگہ پر ٹیکسٹ لکھا ہے۔پہلے اپنی بنائی شیپ کو اپنی مرضی کا رنگ دیں۔اور ٹیکسٹ کو بھی جیسا آپ چاہیں اسی طرح





کا رنگ دیں۔

☆اب شیپ کو سلیکٹ کر کے پراپرٹیز بار میں سے ٹیکسٹ پر کلک کریں اور ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے Fit Text To Path پر کلک کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔Fit Text To Path کے ساتھ آپ کو ہنٹ آئیکون نظر آرہا ہوگا جس میں انگلش حرف A ٹیڑھا لکھا ہوا ہے ایک ٹیڑھی لائن پر۔۔جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس آپشن کی مدد سے ہم ٹیکسٹ کو شیپ کے اوپر استعمال کر سکتے ہیں۔بہر حال اِس آپشن پر کلک کریں آپ دیکھیں گے کہ یہ والی آپشن سلیکٹ کرنے کے بعد ماؤس پوائنٹر ایک بائیں سے دائیں جانب کے تیر کے نشان جیسا بن گیا ہے۔اب آپ جب ماؤس پوائنٹر کو اپنی بنائی ہوئی شیپ کے پاس لیکر جائیں گے تو آپ دیکھیں گے کہ ٹیکسٹ مدھم ہو کر خود بخود اس شیپ کے گرد اس کے کناروں کے ساتھ جڑ گیا ہے۔آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں جیسے جیسے آپ ماؤس دائرے کے گرد گھمائیں گے ٹیکسٹ بھی بالکل اسی طرح دائرے کے گرد گھومے گا۔۔اگر آپ ماؤس پوائنٹر کو دائرے کے اندر لیکر جائیں گے تو



یہی ٹیکسٹ دائرے کے اندر بالکل گول ہو کر دائروی شکل اختیار کر جائے گا۔ٹیکسٹ کو اپنی مرضی کی جگہ پر لا کر کلک کر دیں۔آپ کا ٹیکسٹ فکس ہو جائے گا۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹس میں 2 جگہ پر میں نے ٹیکسٹ کو ایڈجسٹ کیا ہے۔ایک سکرین شاٹ میں دائرے کے باہر کی طرف اور دوسرے میں دائرے کی اندر کی طرف۔آپ یہ دونوں سکرین شاٹس دیکھ سکتے ہیں





☆آپ اسی طرح کوئی بھی شیپ بنا کر ٹیکسٹ کو اس کے مطابق شکل دے سکتے ہیں۔۔مثال کے طور پر



میں ایک لہراتی ہوئی لائن بنا رہا ہوں۔



لہراتی ہوئی لائن بنانے کے بعد اگر آپ ٹیکسٹ بالکل لائن کے اوپر لکھنا چاہتے ہیں تو لائن پر کہیں بھی کلک کر کے لکھیں تو آپ کا لکھا ہوا ٹیکسٹ خود بخود لائن کے اوپر ہی لکھا جائے گا۔ یعنی بالکل لائن کے اوپر اوپر لہراتا ہوا۔۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے لکھے ہوئے ٹیکسٹ کے نیچے لائن ختم ہو جائے اور آپ کا ٹیکسٹ بالکل اسی طرح لہراتا ہوا بنا رہے جیسا کہ لائن کے اوپر تھا۔ تو اس کے لیے پہلے بائیں جانب سے یا دائیں جانب سے بالکل آخری نوڈ Node سے پکڑ کر پہلے ٹیکسٹ کو لائن سے تھوڑا اوپر اٹھا لیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں دو ماؤس پوائنٹرز دکھائے گئے ہیں جن میں سے ایک کے ساتھ 1 اور دوسرے کے ساتھ 2 لکھا ہوا ہے۔ پوائنٹ 1 وہ حصہ ہے جہاں پر Node موجود تھا ہم نے نوڈ پر کلک کیا اور اسے ڈریگ کر کے لائن سے تھوڑا اوپر لے جا کر چھوڑ دیا۔ اِس طرح ٹیکسٹ اور لائن کے درمیان خلا پیدا ہو گیا۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں آپ جو ریزلٹ نکلا وہ بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔ اب آپ لائن کے اسی نوڈ پر دوبارہ کلک کریں جس کی مدد سے ہم نے ٹیکسٹ اور لائن کا فاصلہ بڑھایا تھا۔ اسی نوڈ پر کلک کرنے سے لائن اکیلی سیلیکٹ ہو جائے گی۔ جیسے ہی لائن اکیلی سیلیکٹ ہو جائے کی بورڈ سے Delete کا بٹن پریس کر دیں۔ لائن ڈیلیٹ ہو جائے گی جبکہ ٹیکسٹ بالکل اسی طرح لہراتا ہوا وہیں کا وہیں رہ جائے گا۔ سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ لائن اب نظر نہیں آ رہی جبکہ ٹیکسٹ اسی طرح لہراتا ہوا آپ کے سامنے ہے۔ بالکل اسی طرح آپ گول دائرہ یا دوسری کسی بھی



قسم کی شیپ بنا کر ٹیکسٹ کو ویسی ہی شکل دے کر بعد میں اُس شیپ کو ڈیلیٹ کر سکتے ہیں۔امید ہے یہاں تک آپ کو ہر بات کی سمجھ آ گئی ہوگی۔اب اگر آپ ٹیکسٹ میں کچھ تبدیلی لانا چاہتے ہیں یعنی ٹیکسٹ کو سٹائلش بنانا چاہتے ہیں تو پراپرٹیز بار میں سے Text Orientation باکس پر کلک کریں اور ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے مرضی کا سٹائل منتخب کر لیں۔جیسا کہ آپ پچھلے صفحے پر دیئے گئے سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔

☆☆☆

سٹائلش ٹیکسٹ بنانا

☆کورل ڈرا سافٹ ویئر اوپن کریں اور ایک نیا ڈاکومنٹ اپنی مرضی کے سائز کا بنائیں۔

☆اب اِس ڈاکومنٹ پر کوئی بھی ٹیکسٹ لکھیں، جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے **Stylish Text** لکھا ہے۔اب سب سے پہلے ہم فانٹس تبدیل کرنا سیکھیں گے۔

☆ فانٹس سٹائل تبدیل کرنے کے لیے سکرین شاٹ کے مطابق پراپرٹیز بار پر نگاہ دوڑائیں اور جہاں پر Arial لکھا ہوا ہے وہاں پر کلک کریں۔ایریل ڈیفالٹ ٹیکسٹ سٹائل ہوتا ہے۔یہاں کلک کرنے سے ایک ڈراپ ڈاؤن مینیو کھل جائے گا یعنی فانٹس کی ایک لمبی لسٹ جس میں سے آپ کسی پر بھی قسم کے اپنی مرضی کے فانٹ سٹائل پر کلک کرکے استعمال کرسکتے ہیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔میں نے لسٹ میں سے Arial Black فانٹس سیلیکٹ کیے ہیں۔بہر حال آپ اپنی مرضی کے فانٹس منتخب کرسکتے ہیں۔اور اگر فانٹس سائز بڑھانا ہو تو پراپرٹیز بار میں ڈراپ ڈاؤن مینیو کے دائیں جانب ساتھ ہی آپ کو سائز کے لیے ڈراپ ڈاؤن مینیو نظر آئے گا جیسا کہ آپ اوپر والے سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں 72pt لکھا ہوا واضح نظر آرہا ہے۔یعنی اِس وقت میں نے فانٹس سائز 72 رکھا ہوا ہے۔





☆اگر آپ کسی ایک شیپ میں یا مکمل پیج پر فانٹس کی صحیح الائنمنٹ کرنا چاہتے ہیں تو سکرین شاٹ کے مطابق پراپرٹیز بار پر موجود اِس آپشن کو استعمال کریں۔یعنی اگر آپ چاہتے ہیں کہ سارا ٹیکسٹ پیج کے دائیں سے بائیں طرف ہو یا پھر ہر لائن درمیان میں ہو یا پھر بائیں سے دائیں برابر رہے یا پھر دونوں اطراف سے مکمل جگہ گھیرے تو اِس الائنمنٹ والی آپشن کو آپ استعمال کرسکتے ہیں۔الائنمنٹ کا تجربہ اپ کے لیے بالکل نیا نہیں ہوگا کیونکہ ان پیج یا پھر فارمز پر یا دوسرے سافٹ ویئرز کے استعمال میں آپ الائنمنٹ وغیرہ کے متعلق اچھی طرح

سے سمجھ چکے ہوں گے۔ بلکہ کورل ڈرا کی پچھلی کلاسز میں ہی الائنمنٹ وغیرہ سمجھا دی گئی تھی۔

☆اب ہم فانٹس کی فارمیٹ میں تبدیلی عمل میں لائیں گے۔ اِس کے لیے مینیو بار Menu Bar میں سے Text پر کلک کریں اور نیچے کھلنے والی ونڈو میں سے



Character Formatting پر کلک کریں مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ یا پھر شارٹ کٹ اِس آپشن کو منتخب کرنے کے لیے اپنے کی بورڈ سے Strl+T پریس کریں۔ T دراصل ٹیکسٹ ٹول کی علامت ہے اور کنٹرول کے ساتھ ٹی پریس کرنے سے ٹیکسٹ ٹول کی سیٹنگز اوپن ہوجاتی ہیں۔ کسی بھی طرح سے کریکٹر فارمیٹنگ سلیکٹ کرلیں۔ آپ کے ڈاکومنٹ کے دائیں جانب اب کریکٹر فارمیٹنگ آپشنز ظاہر ہوجائیں گے۔ یہاں پر آپ دیکھیں گے کہ فانٹس تبدیل کرنے اور فانٹس کا سائز کم یا زیادہ کرنے کی آپشنز بھی موجود ہیں۔ اِس کے علاوہ نیچے دو آپشنز اور بھی موجود ہیں جو کہ بند ہیں Character Effetc,Character Shift یہ دونوں آپشنز آپ اِن کے ساتھ لگے ہوئے تیر کے نشانات پر کلک کر کے کھول لیں یعنی ایکسٹنڈ کرلیں۔ جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں کریکٹر ایفیکٹس کی آپشن ایکسٹنڈ کرلی ہے۔





اِس لسٹ میں سب سے پہلی آپشن ہے Underline کی، یعنی اس کی مدد سے ہم ٹیکسٹ کے نیچے لائن لگا سکتے ہیں۔ اِس کے لیے انڈرلائن کے ساتھ لگے ہوئے ڈراپ ڈاؤن مینیو بٹن پر کلک کریں اور لسٹ میں سے اپنی مرضی کے مطابق انڈرلائن سلیکٹ کریں جیسا کہ میں نے ڈبل انڈرلائن سلیکٹ کی ہے۔ اگر آپ اپنی مرضی کی انڈرلائن خود بنانا چاہتے ہیں تو Edit پر کلک کر کے خود ٹوٹی ہوئی یا کسی اور طرح کی لائن بنا سکتے ہیں یہ ہم پچھلی کلاسز میں سیکھ چکے ہیں۔ بہرحال اِس آپشن کے بعد اِس سے نچلی آپشن ہے Strike Thru کی۔



اِس آپشن کی مدد سے ہم ٹیکسٹ کے بالکل درمیان میں اگر کوئی لائن لگانا چاہتے ہیں تو لگا سکتے ہیں۔ یہاں پر بھی لائنز بالکل اسی قسم کی لگ سکتی ہیں جیسے انڈرلائن والی اپشن میں ہم نے لگائیں تھیں۔



اب اس سے نچلی آپشن پر آجائیں۔اِس آپشن کے ذریعے ہم ٹیکسٹ کے اوپر اپنی مرضی سے لائننگ کر سکتے ہیں۔بالکل اسی طرح جیسے پہلے والی دو آپشنز میں ہم نے لائنز لگائیں۔

آپشنز استعمال کرتے ہوئے ساتھ ساتھ ڈاکومنٹ پر بھی نظر دوڑاتے رہا کریں تا کہ پتہ سکے کہ کیا ہو رہا ہے۔اب جیسا کہ میں نے صرف انڈر لائن اور اوور لائن اپنی مرضی کی استعمال کی ہیں تو دیکھیں ٹیکسٹ کی صورتحال ہے۔

ٹیکسٹ کے اوپر اور نیچے میں نے ڈبل لائن لگائی ہے۔یہ ایک قسم کا نیا سٹائل بن گیا۔جو آپ سکرین شات میں بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔اب ٹیکسٹ کو مزید بگاڑتے ہیں۔ٹیکسٹ کو مزید بگاڑنے کے لیے Uppercase کے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کریں اور سکرین شاٹ کے مطابق اپنی مرضی کی آپشن سیلیکٹ کریں۔جیسا کہ اِس آپشن کے نام سے ہی ہمیں علم ہو جانا چاہیئے کہ اسے استعمال کرنے سے تمام انگلش حرف بڑی اے بی سی والے بن جائیں گے۔لیکن اِس لسٹ میں جو دوسرے نمبر پر آپشن ہے اس سے تمام حروف بڑی اے بی سی میں ہونگے لیکن ہر لفظ کے پہلے حرف کا سائز دوسروں کی نسبت زیادہ بڑا ہوگا مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ ٹیکسٹ کا بغور مشاہدہ کر سکتے ہیں۔اب اس سے نچلی آپشن کی طرف آجائیں اس آپشن کی مدد سے ہم فانٹس کی الائنمنٹ کر سکتے ہیں جو کہ پہلے ہی ہم مناسب طریقہ سے کر چکے ہیں اس لیے اِس کو یہیں چھوڑ دیں۔اب آگے کی طرف قدم بڑھاتے ہیں۔



☆Character Shift کے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کرکے اسے ایکسٹنڈ کرلیں۔لیکن پہلے ایک مرتبہ ٹیکسٹ کو سیلیکٹ آل کرلیں کیونکہ Select All کیسے بغیر یہ آپشن واضح نہیں ہوگی۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں ٹیکسٹ کو سیلیکٹ آل کرلیا ہے۔Select All کرنے کے لیے ٹیکسٹ ٹول سیلیکٹ کریں اور ٹیکسٹ پر کلک کرکے کی بورڈ سے Ctrl+A پریس کریں۔اب واپس اسی آپشن کی طرف آئیں اور لسٹ میں سے پہلی لائن پر نگاہ دوڑائیں۔پہلی لائن ٹیکسٹ کا Angle زاویہ تبدیل کرنے کے لیے ہے۔اِس کی مدد سے ہر فانٹ کا زاویہ تبدیل کیا جا سکتا ہے۔آپ نے اگر Select All کیا ہوا ہے تو لائن میں موجود تمام ٹیکسٹ آپ کے منتخب کردہ زاویے کے مطابق مُڑ جائے گا۔چیک کرنے







کے لیے ماؤس کی مدد سے یا پھر کی بورڈ کی مدد سے یہاں پر زاویہ کم یا زیادہ کرکے دیکھیں جیسا کہ میں نے زاویہ 15 ڈگری کردیا ہے۔لیکن 15 ڈگری زاویہ کرنے کے بعد ٹیکسٹ کی جو حالت ہوئی وہ آپ اس سکرین شاٹ میں بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔یہ ایک قسم کا نیا سٹائل بن گیا ہے۔بہرحال ایک مرتبہ اسے واپس 0.0 ڈگری پر فکس کرتے ہیں اور اس سے نچلی آپشن استعمال کرتے ہیں۔اس سے نچلی دونوں آپشنز کی مدد سے ہم ٹیکسٹ کو بیچ کے دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں اور اوپر یا نیچے کی طرف حرکت دے سکتے ہیں۔



☆اگر آپ اپنے ایک ڈاکومنٹ پر مختلف جگہوں پر ایک مخصوص ایریا میں ٹیکسٹ لکھنا چاہتے ہیں۔تو ٹیکسٹ ٹول سلیکٹ کریں اور اور اپنی مرضی کے ایریا پر ڈریگنگ کرتے ہوئے ایک ڈبہ بنائیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں سیکھ سکتے ہیں۔میں ڈاکومنٹ کے دائیں جانب ایک مخصوص جگہ پر ٹیکسٹ لکھنا چاہتا ہوں تو میں نے ڈاکومنٹ پر ٹیکسٹ ٹول کی مدد سے ایک چورس ڈبہ بنایا۔یہ ڈبہ ٹیکسٹ ٹول کی مدد سے بالکل اسی طرح بنایا جیسے ریکٹینگل ٹول کی مدد سے ہم بناتے ہیں۔ڈبہ بنانے کے بعد کسی بھی ٹول کو چھیڑنے کی ضرورت نہیں بس کی بورڈ سے لکھنا شروع کردیں۔سب کچھ خود بخود اسی ڈبہ کے اندر ہی لکھا جائے گا۔



اب آپ ماؤس کی مدد سے اپنی مرضی کی لائن سلیکٹ کرکے اسے اسی باکس کے اندر الائنمنٹ آپشن کی مدد سے دائیں بائیں اوپر نیچے کسی بھی جگہ پر ایڈجسٹ کرسکتے ہیں جیسا کہ میں نے السلام علیکم کو بیچ کے درمیان میں اور کورل ڈرا ایکس 5 کو دائیں سے بائیں اور کورس اور کلاس 10 کو درمیان میں ایڈجسٹ کیا ہے۔اور اس کے ساتھ سب کے رنگ بھی تبدیل کرلیے ہیں۔یہ سب آپ اس سکرین شاٹ میں سیکھ سکتے ہیں۔



☆☆☆

پیراگراف ٹیکسٹ سیٹنگز

☆کورل ڈرا سافٹ ویئر اوپن کریں

☆ٹیکسٹ ٹول سلیکٹ کریں



☆ٹیکسٹ ٹول کے ذریعے ایک مربعی شکل بنائیں جیسے ریکٹینگل ٹول کی مدد سے بنائی جاتی ہے۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

☆یہ آپ کا ایک قسم کا گراف بن چکا ہے اب آپ جو کچھ بھی لکھیں گے اس ٹیکسٹ کی سیٹنگز اسی باکس میں ہی مکمل طور پر کر سکیں گے۔اس لیے سب سے پہلے باکس میں اپنی مرضی کے الفاظ لکھیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ ٹیکسٹ کے لیے اپنی مرضی کے فانٹس اور مرضی کا کلر استعمال کر سکتے ہیں۔



☆مینیو بار Menu Bar میں سے Text پر کلک کریں اور نمودار ہونے والی لسٹ میں سے Paragraph Formatting پر کلک کریں۔

☆Paragraph Formatting پر کلک کرنے سے ڈاکومنٹ کے دائیں جانب پیراگراف فارمیٹنگ ونڈو اوپن ہو جائے گی۔



☆اس ونڈو کی مدد سے ہم پیراگراف سیٹنگز اپنی مرضی کی ترتیب دے سکتے ہیں۔

سب سے پہلے پیراگراف میں سے آپ جس لائن کی الائنمنٹ کرنا چاہتے ہیں ماؤس کی مدد سے وہ لائن سلیکٹ کریں۔یعنی ایک لائن میں لکھا ہوا تمام ٹیکسٹ سلیکٹ کریں۔جب ٹیکسٹ سلیکٹ ہو جائے تب اسی پیراگراف الائنمنٹ ونڈو کی طرف واپس آ جائیں اور سب سے پہلے Allignment آپشنز میں سے Horizental الائنمنٹ ایڈجسٹ کریں۔مثال کے طور پر پیراگراف میں سے پہلی لائن سلیکٹ کریں اور Horizental الائنمنٹ میں اسی Center پر ایڈجسٹ کر دیں آپ کی سلیکٹ کی ہوئی لائن سینٹر میں ایڈجسٹ ہو جائے گی۔اور اس کے بعد Verticle الائنمنٹ میں بھی اسے سینٹر یا Bottom پر ایڈجسٹ کر دیں۔اور سلیکٹ کی ہوئی لائن کی طرف نگاہ دوڑائیں آپ کو واضح تبدیلی محسوس ہو گی۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

☆اب ایک سٹیپ آگے بڑھتے ہیں۔الائنمنٹ کے نیچے موجود Spacing کی آپشن پر کلک کریں۔



Spacing کی مدد سے ہم ایک لائن میں موجود فانٹس کا درمیانی فاصلہ، دو لائنز کا درمیانی فاصلہ، پیراگراف کا درمیانی فاصلہ وغیرہ اپنی مرضی کے مطابق ایڈجسٹ کر سکتے ہیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں Characters کا درمیانی فاصلہ میں نے بڑھا کر 44 فیصد کر دیا ہے۔ 44 فیصد پر ایڈجسٹ کرنے کے بعد سلیکٹ کی گئی لائن میں موجود تمام الفاظ ایک دوسرے سے دور ہو گئے۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ



فرمائیں۔ Desserts/Drinks جو لکھا ہوا ہے اس میں ہر لفظ کے درمیان برابر فاصلہ بڑھ گیا ہے۔ بالکل اسی طرح آپ لائنز کا درمیانی فاصلہ بھی بڑھا سکتے ہیں۔ امید ہے یہاں تک آپ بخوبی سمجھ گئے ہوں گے۔



اب پیراگراف میں موجود تمام ٹیکسٹ سلیکٹ کریں اور مینیو بار میں سے دوبارہ Text پر کلک کریں اور لسٹ میں Tabs پر کلک کریں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ اس پر کلک کرنے سے Tab Settings ونڈو اوپن ہو جائے گی۔

یعنی اب ہم TAB کے بٹن کی سیٹنگز کرنے جا رہے ہیں۔

نئی اوپن ہونے والی ونڈو کچھ اس قسم کی ہوگی۔



☆ سکرین شاٹ کے مطابق اس میں موجود Remove All کے بٹن پر کلک کر دیں۔ اس سے TAB کے بٹن کی ڈیفالٹ سیٹنگز ریموو ہو جائیں گی۔ اور آپ اپنی مرضی کی نئی سیٹنگز کر سکیں گے۔ سیٹنگز ریموو ہونے کے بعد باکس خالی ہو جائے گا۔ نئی سیٹنگز ترتیب دینے کے لیے Add کے بٹن پر کلک کریں اور اپنی مرضی کی نئی سیٹنگز ترتیب دیں جیسا کہ میں نے ترتیب دی ہیں۔ ایک دو بار سیٹنگز ترتیب دینے سے آپ کو صحیح اندازہ ہو جائے گا۔ اس کے بعد آپ کو اپنی مرضی کے مطابق سیٹنگز کرنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی۔

مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔



اب واپس اپنے ڈاکومنٹ کی طرف آ جائیں۔



آپ نے جو پیراگراف بنایا تھا اس میں جتنی لائنز کو سیلیکٹ کر کے آپ نے ٹیب سیٹنگز کی تھیں۔ان میں سے کسی بھی ایک لائن کے اختتام پر اپنے کی بورڈ سے TAB کا بٹن پریس کریں۔آپ دیکھیں گے کہ 5-6 ڈاٹس ایک مخصوص فاصلے کے ساتھ لگ گئے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے آپ سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ Soft Drinks کے آگے کچھ ڈاٹس لگے ہوئے ہیں اسی ٹیب کے بٹن کی بدولت لگے ہیں۔



اب آپ کی بورڈ سے کچھ بھی لکھیں گے تو جتنے الفاظ آپ ٹائپ کریں گے اتنے ڈاٹس کم ہو جائیں گے۔یعنی پیراگراف میں جو میں اشیاء لکھی ہیں اب ان کی فرضی قیمت لکھتا ہوں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ تمام اشیاء کی فرضی قیمت لکھنے سے لائن کا اختتامی فاصلہ برابر ہی رہا۔ہر لائن میں الفاظ میں موجود درمیانی فاصلے میں ڈاٹس لگ چکے ہیں اور ہر لائن بالکل برابر ختم ہو رہی ہے۔



Columns☆

پیراگراف فارمیٹنگ، اور ٹیب سیٹنگز کے بعد اب ہم کالمز ترتیب دینا سیکھیں گے۔سب سے پہلے ٹیکسٹ ٹول کی مدد سے ڈاکومنٹ پر اپنی مرضی کا ایریا سیلیکٹ کریں اور اس میں اپنی مرضی کا پیراگراف لکھیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

Columns پر کلک کرنے سے ایک نئی ونڈو ظاہر ہو گی جس کی مدد سے آپ اپنی مرضی کی تعداد میں پیج پر کالمز ترتیب دے سکتے ہیں۔



کالمز کی سیٹنگز کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

اگر آپ اردو رسم الخط میں لکھا ہوا کوئی صفحہ ترتیب دے رہے ہیں تو Right To Left Columing کے ساتھ لگے ہوئے باکس پر چیک لگا سکتے ہیں وگرنہ اسے ایسے ہی چھوڑ دیں اور صرف او-کے کا بٹن پریس کر دیں۔

آپ کے ڈاکومنٹ پر جو کچھ لکھا ہوا ہے وہ آپ کی مرضی کی تعداد میں کالمز میں تقسیم ہو جائے گا۔

Bullets☆



اکثر آپ کسی پوسٹر یا کتابوں میں دیکھتے ہیں کہ کچھ لائنز شروع ہونے سے پہلے ایک ڈاٹ لگا ہوا ہوتا ہے یا سٹار بنا ہوا ہوتا ہے۔اور ٹیکسٹ اس سے کچھ فاصلے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ایسی علامات کو Bullets کہتے ہیں۔سب سے پہلے اپنے ڈاکومنٹ پر ٹیکسٹ ٹول کی مدد سے ایک گراف بنائیں (مستطیلی شکل کا ڈبہ) اور اس کے بعد Menu Bar میں سے Text پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Bullets پر کلک کر دیں۔ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے ظاہر ہو جائے گی۔

☆سب سے پہلے اس ونڈو میں سے Use Bullets پر چیک لگائیں اور اس کے بعد فانٹس سٹائل منتخب کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

اس کے بعد Symbol کے باکس پر کلک کریں اور آپ جس ٹائپ کی Bullets استعمال کرنا چاہیں منتخب کرلیں۔یعنی آپ ڈاٹس استعمال کرنا چاہتے ہیں۔یا پھر سٹارز یا پھر کوئی بھی اپنی مرضی کی علامت جو آپ استعمال کرنا چاہیں منتخب کرلیں۔ ہر لائن کے آغاز میں آپ کی مرضی کی علامت ہی ظاہر ہو گی۔میں نے ☆ کی علامت منتخب کی ہے۔اس کے بعد علامت کا سائز منتخب کریں یعنی کتنی بڑی ہونی چاہیے یا کتنی چھوٹی ہونی چاہیے۔ساری ترتیب مکمل کرنے کے بعد او کے کے بٹن پر کلک کردیں اور پیراگراف میں کچھ لکھنا شروع کردیں۔

مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔میں نے جو لائن لکھی ہے اس کے آغاز میں ☆ کا نشان لگ چکا ہے بالکل اسی طرح آپ جتنی بھی لائنز لکھیں گے ان کے آگے یہی نشان ظاہر ہو گا۔امید ہے آپ Bullets کے متعلق جان چکے ہوں گے اور استعمال کرنا بھی سیکھ گئے ہوں گے۔

Drop Cap☆

یہ ایک بہت ہی منفرد سی فیچر ہے۔اس کو اپلائی کرنے سے ہر پیراگراف کا پہلا لفظ اپنی مرضی کی تعداد کی لائنز کے برابر بڑا کیا جا سکتا ہے۔اس فیچر سے مستفید ہونے کے لیے Menu Bar میں سے Text پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Drop Cap پر کلک کر دیں۔

مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔



سب سے پہلے Use Drop Cap کے ساتھ لگے ہوئے باکس میں چیک لگائیں اس کے بعد نچلی لائن میں سے جتنی لائنز کے برابر آپ پہلا لفظ بڑا کرنا چاہتے ہیں اتنی تعداد درج کریں۔اپنی مرضی کی سیٹنگز کے بعد OK کا بٹن پریس کردیں۔

Important
Respect Your
Seniors

امید ہے آپ Drop Cap فیچر کے متعلق بھی اچھی طرح سے آگاہ ہوچکے ہوں گے۔

☆☆☆

بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ہمیں کوئی ایسی تصویر مل جاتی ہے جس پر درج کیے گئے فانٹس ہمیں پسند آجاتے ہیں اور دلِ ناداں میں وہ فانٹس استعمال کرنے کی حسرت جاگ اٹھتی ہے۔ پہلے ہم کسی بھی تصویر پر درج کیے گئے الفاظ یعنی فانٹس کی پہچان کرنا سیکھیں گے اس کے بعد سلسلہ آگے بڑھائیں گے۔

WTF (What The Font)

☆سب سے پہلے کورل ڈرا میں ایک نیا ڈاکومنٹ بنائیں۔ نیا ڈاکومنٹ بنانے کے لیے کی بورڈ شارٹ کٹ Ctrl+N استعمال کریں۔



☆اب مطلوبہ امیج فائل کورل ڈرا میں امپورٹ کریں۔ امپورٹ کرنے کے لیے کی بورڈ شارٹ کٹ Ctrl+i استعمال کریں اور امیج سلیکٹ کر کے امپورٹ کر لیں

☆تصویر سلیکٹ کر کے مینیو بار میں موجود ٹیکسٹ مینیو Text پر کلک کریں اور اس سے کھلنے والی لسٹ میں سے سیکنڈ لاسٹ آپشن یعنی What The Font? پر کلک کریں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

☆اس پر کلک کرتے ہی آپ کا ماؤس پوائنٹر تبدیل ہو جائے گا۔ آپ کا ماؤس پوائنٹر ایک دائرے کی شکل اختیار کر لے گا جس میں ایک جمع کا نشان لگا ہوا ہے۔ بہرحال آپ ماؤس کی مدد سے پہلے تصویر پر کلک کریں اور اس کے بعد ڈریگ کرتے ہوئے فانٹس والا ایریا سلیکٹ کریں۔ جیسے ایک مستطیل باکس بنایا جاتا ہے بالکل اسی طرح آپ مطلوبہ ٹیکسٹ کے گرد سلیکشن بنائیں اور کلک کر دیں۔ جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ صرف ٹیکسٹ ہی سلیکٹ کیا گیا ہے۔

سیلیکشن کے دوران چونکہ سکرین شاٹ نہیں لیا جاسکتا اس لیے سرین شاٹ کی رہنمائی سے قاصر ہوں:(۔بہرحال ٹیکسٹ سیلیکٹ کرنے کے بعد آپ دیکھیں کے کہ سیلیکٹ کیے ہوئے ایریا کے علاوہ باقی سبھی ایریا بلیک ہوگیا ہے۔یہاں پر کوشش کریں کہ ٹیکسٹ کے علاوہ امیج کا کوئی دوسرا حصہ آپ کی سیلیکشن میں نا آنے پائے ورنہ ہوسکتا ہے آپ کو بہترین ریزلٹ نا مل سکے۔سیلیکشن کے بعد جب سیلیکشن کے علاوہ ساری سکرین بلیک ہوجاتی ہے تب آپ بس ایک کلک کردیں۔

☆ کلک کرنے سے آپ کا ڈیفالٹ انٹرنیٹ براؤزر خود بخود اوپن ہوجائے گا۔

☆ آپ دیکھیں گے کہ آپ کے براؤزر میں ایک new.myfonts.com/whatthefont.......... پیج اوپن ہوگیا ہے جس کا ایڈریس تو کافی لمبا ہے لیکن میں صرف مختصر سا ایڈریس بیان کررہا ہوں۔

سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آپ کے فانٹس مختلف انداز میں دکھائے ہیں۔اور ہر امیج کے نیچے ایک چھوٹا سا باکس بنا ہوا ہے جس میں کچھ بھی لکھا جاسکتا ہے۔

☆ ہر امیج کا بغور جائزہ لیں اور اس میں ہائیلائٹ کیے ہوئے فانٹ کو نیچے بنے ہوئے چھوٹے ٹیکسٹ باکسز میں انٹر کریں۔

اس سلسلہ میں نہایت احتیاط سے کام لینا ضروری ہے۔

آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے اپنے اندازے کے مطابق ہائیلایٹ کیے گئے الفاظ کی نشاندہی نیچے موجود ٹیکسٹ باکسز میں کی ہے۔

نشاندہی کرنے کے بعد Continue کے بٹن پر کلک کردیں۔اب جو پیج آپ کے سامنے ہوگا اس پر آپ کو آپ کے فانٹس سے ملتے جلتے بہت سے فانٹس نظر آئیں گے۔جن میں سے جو آپ کی نظر میں سب سے زیادہ ملتا جلتا ہے اس کے نام پر کلک کردیں۔جیسا کہ آپ چھوٹے سے سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ جو فانٹس میری نظر میں سب سے زیادہ میچ ہوئے میں نے وہ منتخب کرلیے۔پیج پر کافی فانٹس تھے لیکن ٹیوٹوریل مختصر کرنے کی غرض سے صرف انہیں کو سکرین شاٹ میں پیش کیا جو سب سے زیادہ میچ ہوتے تھے۔امید ہے آپ سمجھ گئے ہوں گے۔

سب سے زیادہ میچ کرنے والے فانٹس پر کلک کریں گے تو نیا پیج اوپن ہوجائے گا جس میں آپ کو ان فانٹس کے متعلق مکمل جانکاری مل جائے گی۔مزید رہنمائی کے لیئے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں جس میں فانٹس کو چھوٹے سے چھوٹے اور بڑے سے بڑے سائز میں بھی دکھایا گیا ہے۔ یہاں سے آپ فانٹس کا صرف نام نوٹ کریں اور پہلے کورل ڈرا میں سرچ کریں کہ آیا کہ آپ کے پاس کورل ڈرا میں یہ فانٹس پہلے سے موجود ہیں؟ اگر نہیں ہیں تو گوگل استعمال کرتے ہوئے انٹرنیٹ سے کسی فری ویب سائٹ سے آپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔امید ہے آپ فانٹس تلاش کرنا سیکھ گئے ہوں گے۔مزید یہ کہ اس کے لیے پریکٹس نہایت اہم ہے۔

ضروری ہدایات:

کورل ڈرا کے اس فیچر کو استعمال کرنے کے لیے آپ کے کمپیوٹر میں Corel Capture پہلے سے انسٹال ہونا نہایت ضروری ہے ورنہ کورل ڈرا کی What The Font? والی آپشن ہائیلائیٹ نہیں ہوگی۔یعنی آپ اس سے مستفید نہیں ہوسکیں گے۔نا صرف Corel Capture بلکہ کورل Connect اور اس طرح کے دو تین دوسری ایکسٹنشنز جو کورل ڈرا کے پیکج میں ساتھ ہی موجود ہوتی ہیں یہ سب آپ کے کمپیوٹر میں انسٹال ہونا ضروری ہیں۔

بیسک شیپس ، ایڈوانس شیپس ، پیراگراف اور ٹیکسٹ وغیرہ کا مکمل استعمال سیکھنے کے بعد اب ہم کلرز Colors، کلر پلیٹس Color Palletes، آؤٹ لائنز Out Lines اور فلز Fills کا استعمال سیکھیں گے۔رنگوں کے سادہ استعمال کے متعلق تو ہم پچھلے اسباق میں سیکھ چکے ہیں لیکن اب ہم اس سلسلہ میں مزید گہرائی میں جانے کی کوشش کریں گے کوشش ہوگی کہ کورل ڈرا میں کلرز سے متعلق تمام تر معلومات آپ تک پہنچائی جا سکیں۔ا

Colors

کورل ڈرا میں اوبجیکٹس کو کلرز دینے کے لیے دائیں جانب ایک کلر پینل بنایا گیا ہے سکرین شاٹ میں آپ کلر پینل بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔اس کلر پینل کو استعمال کرتے ہوئے ہم کسی بھی اوبجیکٹ کو سیلیکٹ کر کے کسی بھی کلر پر لیفٹ کلک کر کے اوبجیکٹ کا کلر تبدیل کر سکتے ہیں۔اور اسی طرح کسی بھی کلر پر رائٹ کلک کر کے ہم اوبجیکٹ کے بارڈر کا کلر تبدیل کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے تین سکرین شاٹس ملاحظہ فرمائیں۔بائیں جانب سے پہلے سکرین شاٹ میں ڈیفالٹ کلر پٹی دکھائی گئی ہے جو کہ صرف ایک ہی لائن پر مشتمل ہے۔اس پٹی کے نیچے ایک فارورڈ کے بٹن کو ماؤس پوائنٹر جیسے نشان سے ظاہر کیا گیا ہے۔اپر کلک کریں گے تو دوسرے سکرین شاٹ کے مطابق کلر پٹی بڑی ہو جائے گی۔اس کے بعد تیسرے سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ایک مستطیل شکل کو کیسے رنگ دیئے گئے ہیں۔مکمل شکل کا رنگ نیلا ہے اور بارڈر کا رنگ سرخ ہے۔بارڈر کلر رائٹ کلک کی مدد

سے اور شکل کا کلر لیفٹ کلک کی مدد سے اپلائی کی گیا ہے۔کلر پٹی کو فارورڈ کے آئیکون والے بٹن کی مدد سے Expand کرنے کے بعد آپ اس میں مزید کلرز بھی ایڈ کر سکتے ہیں لیکن مزید مرضی کے کلرز ایڈ کرنا یا ریموو کرنا بعد اس کے بعد سیکھیں گے۔امید ہے کلرز کا سادہ طریقہ سے استعمال آپ سمجھ گئے ہوں گے۔ویسے تو ابتدائی کلاسز میں یہ استعمال بتا دیا گیا تھا لیکن اب مزید گہرائی میں جانا ہے۔اس لیے اس کے بیسک استعمال کو موجودہ کلاس کے حوالے سے ایک مرتبہ پھر سے دہرانا ضروری تھا۔

اب آتے ہیں Color Palletes کی طرف۔

Color Paletts

کلر پلیٹس ہم اپنی مرضی کی ایڈ جسٹ کر سکتے ہیں۔ہم جس ٹائپ کی کلر پلیٹس کو بطور ڈیفالٹ منتخب کرتے ہیں ہمیشہ وہی ڈیفالٹ پٹی کی جگہ شو ہوتی ہیں۔کلر پلیٹس ایڈ کرنے کے لیے مینیو بار میں سے Window پر کلک کریں اور کھلنے والی لسٹ میں سے ماؤس کرسر Color Paletts پر لے جائیں آپ دیکھیں گے کہ



دائیں جانب کلرز کی اقسام کے متعلق ایک لسٹ اوپن ہوگئی ہے۔اس لسٹ میں سے آپ جس ٹائپ کا چاہیں کلر موڈ منتخب کر سکتے ہیں۔

آپ یہاں پر جو کوئی بھی کلر موڈ سیلیکٹ کریں گے اس کے متعلق کلر پینل میں ایک اور پٹی کا اضافہ ہوجائے گا۔یعنی ڈیفالٹ کلر پٹی صرف ایک ہی ہوتی ہے لیکن آپ یہاں پر کوئی بھی کلر پٹی سیلیکٹ کرکے ایڈ کر سکتے ہیں۔اگر آپ ایڈ کی گئی کلر پٹی کو ریموو کرنا چاہیں تو دوبارہ اسی لوکیشن پر آکر اسی سٹائل پر دوبارہ کلک کردیں۔مثال کے طور پر سکرین شاٹ کے مطابق آپ نے RGB کلر پٹ ایڈ کی ہے تو اسے ریموو کرنے کے لیے بھی واپس دوبارہ RGB پر کلک کردیں ریموو ہوجائے گی۔بعد میں ایڈ ہونے والی کلر پٹی کا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔بعد میں بنائی جانے والے کلر پٹی کو بھی آپ اسی انداز میں ایکسپینڈ کر سکتے ہیں جیسے ڈیفالٹ پٹی کو ایکسپینڈ کیا تھا۔یعنی Next کے آئیکون پر کلک کریں گے تو تمام تر RGB کلرز ایک نئی کلر پٹی ونڈو میں اوپن ہوجائیں گے جہاں سے ہم اپنی مرضی کا سیلیکٹ کر سکتے ہیں

کسی ڈاکومنٹ پر موجود کلرز کو کورل ڈرا میں ایڈ Add کرنا۔

☆مینیو بار میں سے Window پر کلک کریں اور کھلنے والی لسٹ میں سے Color Palettes پر ماؤس کرسر لے جائیں اور دائیں جانب کھلنے والی مینیو لسٹ میں سے Create Palette From Document پر کلک کردیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔



یہاں پر کلک کرنے سے ایک نئی Save کی ونڈو آپ کے سامنے ظاہر ہوگی جس کی مدد سے آپ اپنی مرضی کی لوکیشن پر مطلوبہ ڈاکومنٹ پر موجود کلرز سیو کرسکتے ہیں۔ صرف لوکیشن منتخب کریں کلرز کے لیے کوئی نام رکھیں اور Save کے بٹن پر کلک کردیں۔ یہ کلر پلیٹ Xml فارمیٹ میں Save ہوگی۔ اگر آپ اسے کورل ڈرا میں بعد میں اوپن کرنا چاہیں تو پھر سے مینیو بار میں سے Window پر کلک کریں اور پھر اس کے بعد ماؤس کرسر کو Color Palettes پر لے جائیں اور دائیں جانب کی لسٹ میں سے Open Palette پر کلک کردیں۔ اور جہاں پر آپ نے کلر پلیٹ سیو کی تھی اس لوکیشن سے اپنی سیو کی ہوئی کلر پلیٹ سلیکٹ کرلیں۔ اوپن کرنے سے آپ کی سیو کی ہوئی کلر پلیٹ ڈیفالٹ پلیٹ کے ساتھ آپ کو دکھائی دینے لگے گی۔ اس فیچر کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ ہم اپنی مرضی کی سلیکشن کے کلرز جو کہ ہم نے ایک ڈاکومنٹ پر استعمال کیے تھے ان کو ایک قسم سے فلٹر کرکے ایک الگ



پلیٹ بنا سکتے ہیں۔اور ہم یہ کلرز اپنے کسی دوست کو ٹرانسفر بھی کر سکتے ہیں۔یعنی یہاں پر جو ہم نے XML فائل بنائی ہے اسے کسی اور پی سی میں بھی کاپی کر کے اسی طرح کورل ڈرا میں استعمال کر سکتے ہیں۔

اپنی بنائی ہوئی کلر پلیٹ میں سے آپ کلرز ایڈیٹ بھی کر سکتے ہیں۔اس کے لیے مینیو بار میں سے Window پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Color Palettes پر ماؤس کرسر لیجائیں اور نئی ظاہر ہونے والی ونڈو میں سے Palette Editor پر کلک کردیں۔اِس سے پلیٹ ایڈیٹر ونڈو آپ کے سامنے شو ہو جائے گی۔

مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

سکرین شاٹس کے مطابق پہلے کلر پلیٹ سیلیکٹ کریں جسے ایڈیٹ کرنا مقصود ہے اس کے بعد اس پلیٹ میں جو کلرز موجود ہیں ان میں سے اپنی مرضی کا کلر منتخب کریں اور ایڈیٹ کلر پر کلک کردیں۔اس کے بعد کلر باکس میں سے مرضی کا





کلر منتخب کریں اور Ok کا بٹن پریس کردیں۔پھر واپس میں ایڈیٹنگ ونڈو میں

سکرین شاٹ کے مطابق Ok پر کلک کر دیں۔ جناب آپ کامیابی سے کلر پلیٹ میں موجود کلر ایڈیٹ کر چکے ہیں۔ سکرین شاٹ میں موجود تیر کے نشانات اور نمبرز کے حوالے سے اگر آپ کام کریں گے تو سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

Color Fills

سب سے پہلے ڈاکومنٹ پر کوئی بھی شیپ بنائیں اس کے بعد ٹول بار میں نگاہ دوڑائیں آپ کو سب سے نچلے ٹولز میں Fill ٹول نظر آئے گا۔ اس پر کلک کریں اور ہولڈ کریں۔ یہاں پر آپ کو مختلف کلرز کی اقسام نظر آئیں گی۔ سب سے پہلے Uniform Fill پر کلک کریں۔ Uniform Fill سلیکٹ کرنے سے ہم پلین کلر کر سکتے ہیں یعنی ڈیفالٹ کلر سلیکٹ ہی یہی ہوتا ہے۔ اسے ہم Solid Color بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس کا استعمال تو ہم اب تک کرتے ہی آئے ہیں۔ اس لیے اس کے بعد Fountain Fill پر کلک کریں۔



Fountain Fill کی مدد سے ہم دو رنگوں کو آپس میں ملا کر ایک ہی شیپ پر استعمال کر سکتے ہیں جیسے ایڈوبی فوٹوشاپ میں Gradient کلرز ہوتے ہیں بالکل ویسا ہی کام Fountain Fill سے لیا جا سکتا ہے۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ آپ اس کا کی بورڈ شارٹ کٹ F11 بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ ٹول سلیکٹ کرنے کے بعد ایک نئی کلر سلیکٹ ونڈو آپ کے سامنے نمودار ہوگی۔ جس میں سے آپ سکرین شاٹ کے مطابق مرضی کے دو کلرز منتخب کر سکتے ہیں۔ پہلے Color Mode منتخب کریں جیسا کہ میں نے Linear منتخب کیا ہے اس کے بعد 2 Colors پر کلک کریں اور کلرز سلیکٹ کر کے Ok پر کلک کر دیں۔ آپ کی شیپ کا رنگ سکرین شاٹ میں موجود شیپ جیسا ہو جائے گا۔۔☆☆☆





پچھلے اسباق میں ہم فاؤنٹین فل ٹول کا استعمال سیکھ رہے تھے۔گزشتہ سبق کے اختتام پر ہم نے 2 رنگوں کو اپنی بنائی ہوئی شیپ پر استعمال کیا تھا۔اور Fill Mode ہم نے Linear سلیکٹ کیا تھا۔اب ہم وہیں سے اس کلاس کا آغاز کرتے ہیں۔Linear Mode میں ہم ایک لائن کی صورت میں کلر کو ترتیب



دے سکتے ہیں یعنی دائیں طرف پہلا کلر اور بائیں جانب دوسرا کلر۔بالفرض دائیں جانب اگر نیلا ہے اور بائیں جانب سرخ ہے تو انتہائی دائیں جانب کلر گہرا نیلا ہوگا اور انتہائی بائیں جانب گہرا سرخ ہوگا۔بائیں جانب سے لیکر بالکل درمیان تک نیلا کلر بہت ہلکا ہو ہلکے سرخ کلر سے ملنا شروع ہو جائے گا۔یعنی اس طرح سے سرخ اور نیلا دونوں کلرز مل جائیں گے۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کہاں سے کلر موڈ تبدیل ہوگا۔یہاں پر اگر ہم Radial سلیکٹ کریں گے تو کلرز دائروی شکل میں اپلائی ہوں گے۔یعنی آپ کے منتخب کیے گئے دو کلرز میں سے ایک بالکل درمیان سے دائروی شکل میں شروع ہوگا اور نصف دائرے تک وہ دوسرے کلر سے مل جائے گا۔اسی طرح اگر ہم Conical سلیکٹ کریں گے تو ایک کون کی مانند کلرز اپلائی ہوں گے جیسے کون کی نوک ہوتی ہے بالکل اسی طرح ایک کلر نوک کی صورت میں گہرا ہوگا اور جیسے جیسے کون گھومتی ہے بالکل اسی طرح وہ کلر ہلکا ہوتا ہوتا دوسرے کلر کے ساتھ جا ملے گا۔اسی طرح اگر ہم Square سلیکٹ کریں گے تو جیسا کہ نام سے ہی ظاہر ہے کلرز مربعی اشکال کی صورت میں پھیلیں گے۔ان چاروں موڈز کو سکرین شاٹ میں استعمال کیا گیا ہے



ملاحظہ فرمائیں۔اگر آپ دو سے زیادہ کلرز استعمال کرنا چاہتے ہیں۔تو اس کے لیے شیپ پر کلک کرکے فاؤنٹین فل ٹول سلیکٹ کریں اور ٹول آپشن میں سے Custom پر کلک کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔Custom پر کلک کرنے سے کلرز سیٹنگز تبدیل ہو جائے گی سکرین شاٹ میں جو نیلے تیر کے نشانات ہیں یہاں پر کلک کرکے آپ کورل ڈرا کے ان الٹے تیروں کو دائیں سے بائیں ڈریگ کرکے کلرز کو گہرا اور ہلکا کر سکتے ہیں۔مثال کے طور پر اگر



آپ شیپ میں سرخ کلرز زیادہ اور نیلا رنگ زیادہ کرنا چاہتے ہیں تو نیلے رنگ والا تیر ڈریگ کر کے سرخ رنگ کی طرف لیجانا شروع کر دیں۔اس طرح آپ دیکھیں گے کہ پٹی میں نیلا کلرز زیادہ ہو چکا ہے۔اور اگر آپ کوئی نیا رنگ بھی ان رنگوں میں شامل کرنا چاہتے ہیں تو نیلی پٹہ پر کہیں بھی ڈبل کلک کریں۔جیسا کہ پچھلے صفحے پر موجود سکرین شاٹ میں ایک سیاہ تیر آپ نیلی پٹی پر دیکھ سکتے ہیں۔اگر آپ کلر تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو نیلے ماؤس پوائنٹرز جن تیر کے نشانات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں اُن میں سے کسی پر بھی کلک کریں آپ دیکھیں گے کہ اُس تیر کے نشان کے ساتھ منسلک کر او پر ایک کلر باکس میں شو ہو گیا ہے جیسے پچھلے صفحے پر موجود سکرین شاٹ میں سبز کلر دکھائی دے رہا ہے۔اب دائیں جانب سے کلرز والے خانے میں سے کسی بھی کلر پر کلک کریں۔آپ دیکھیں گے کہ اب پٹی میں آپ کی مرضی کا کلر دکھائی دے دے رہا ہے۔جیسا کہ آپ نے سکرین شاٹ میں دیکھا کہ میں نے پٹی میں مزید سبز کلر کا اضافہ کیا ہے۔مزید ایک کلر کا اضافہ کرنے کے بعد Linear Mode میں ہمارے دائرے کے کلرز کچھ اس طرح کے دکھائی دینے لگے ہیں۔امید ہے آپ Fountain Fill Tool کا استعمال اچھی طرح سے سمجھ گئے ہوں گے۔

Pattern Fill Tool



یہ ٹول Fountain Tool کے نیچے موجود ہے۔اس کا نام اور آئیکون سکرین شاٹ دیکھ کر ذہن نشین کر لیں کیونکہ کورل ڈرا کے دوسرے ورژنوں میں ہو سکتا ہے کہ یہ کہیں اور رکھا گیا ہو۔جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ اس کی مدد سے کسی بھی شیپ میں پیٹرنز بنائی جا سکتی ہیں۔اس ٹول پر کلک کرنے سے ایک نئی ونڈو آپ کے سامنے ظاہر ہو گی جس کے ذریعے آپ اپنی مرضی کی پیٹرن منتخب کر سکیں گے۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں موجود نیلے ماؤس پوائنٹرز اضافی سیٹنگز کے لیے ہیں۔نیلے نشان کے مطابق اگر آپ اپنی مرضی کی کیٹیگری کی پیٹرنز منتخب کر سکتے ہیں۔چاہیں تو Bitmap,Full Color یا پھر 2-Color والی سیلیکٹ سیلیکٹ کر سکتے ہیں۔آپ جو کوئی بھی سیلیکٹ کریں گے بڑے باکس میں اسی سے متعلق پیٹرنز آپ کو نظر آئیں گی۔آپ اپنی مرضی کی پیٹرن بڑے باکس کے ساتھ موجود ڈاؤن ڈراپ تیر کے نشان پر کلک کر کے سیلیکٹ کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ اگر آپ نے انٹرنیٹ سے پیٹرنز ڈاؤن لوڈ کی ہیں تو لود



کے بٹن پر کلک کر کے ان میں سے بھی کوئی سیلیکٹ کر سکتے ہیں۔ اپنی مرضی کی پیٹرن منتخب کر کے اور اس کی مرضی کی سیٹنگز کر کے OK کے بٹن پر کلک کر دیں آپ کی مرضی کی پیٹرنز آپ کی شیپ پر اپلائی ہو جائیں گی۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کس طرح ایک پیٹرن کی مدد سے ہماری بنائی ہوئی Eclipse شیپ کسی اوبجیکٹ میں بدیل ہوگئی ہے۔

اس کے بعد اس کیٹگری میں مزید تین ٹولز شامل ہیں جن میں Texture Fill,Post Script Fill اور No Fill شامل ہیں۔ No Fill پر کلک کرنے سے شیپ کو کسی بھی پیٹرن یا ٹیکسچر سے فل کیا ہو شیپ واپس اصلی حالت میں آجائے گی۔ ٹیکسچر فل اور پوسٹ سکرپٹ فل کا استعمال بالکل پیٹرن فل کی طرح ہی ہے۔۔ اب آتے ہیں آوٹ لائنز کی طرف۔

Outlines

آوٹ لائنز کو کلر کرنے کا ایک طریقہ تو یہ کہ کسی بھی کلر پر رائٹ کلک کریں آوٹ لائن اُسی کلر کی بن جاتی ہے۔ اب ہم آوٹ لائنز کلرز کے لیے مزید گہرائی میں جائیں گے۔ اپنی بنائی ہوئی شیپ کو Zoom In کریں اور کلر پلیٹ میں سے کسی بھی کلک کو ڈریگ کر کے اپنی بنائی ہوئی شیپ کی آوٹ لائن پر لا کر چھوڑ دیں۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ کے اوبجیکٹ کی آوٹ لائن کا کلر تبدیل ہو چکا ہے۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں ہمارے بنائے ہوئے گول دائرے کو زوم کر کے بڑا کیا گیا ہے اس کے بعد پیلے کلر کو پکڑ کر یعنی ڈریگ کر کے ہمارے گول دائرے کے بارڈر پر لا کر چھوڑ دیا۔۔

یہ تھا ایک سادہ طریقہ Outlines کو کلر کرنے کا اس طریقہ کی مدد سے تیز رفتاری کے ساتھ آوٹ لائن کلر تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس طریقہ سے صرف پلین کلر دیا جا سکتا ہے۔

اب ہم آوٹ لائنز پر بھی وہی کلر سٹائلز استعمال کریں گے جو ہم شیپ کے اندرونی حصہ پر کر چکے ہیں۔

اس کے لیے مینیو بار میں سے Arrange پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Convert Outlines To Object پر کلک کر دیں۔



یا پھراس کا کی بورڈ شارٹ کٹ Ctrl+Shift+Q استعمال کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں دکھائی جانے والی آپشن مینیو بار میں سے Arrange پر کلک کرنے سے دکھائی دے گی۔ایسا کرنے سے آوٹ لائنز بھی ایک قسم کے اوبجیکٹس بن جائیں گی یعنی ہم آوٹ لائنز کی سیٹینگز بالکل اسی طرح کرسکیں گے جیسے ہم کسی دوسرے اوبجیکٹ کی کرتے ہیں۔یہ والی آپشن سیلیکٹ کرنے کے لیے جیسے ہم نے شیپس کو Fountain Fill یا پھر Patteren Fill کیا تھا بالکل اسی طرح آپ آوٹ لائنز کو بھی فل کرسکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ دائروی شیپ پر موجود ایڈیٹ کی ہوئی آوٹ لائن بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔یہ اپ کی مرضی پر منحصر ہے کہ آپ آوٹ لائنز کے لیے کونسے کلرز، پیٹرنز یا ٹیکسچر وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔سکرین شاٹ میں موجود شکل کا بارڈر سائز 8.0 کیا گیا ہے تاکہ واضح دکھائی دے بارڈر سائز کم یا زیادہ کرنا آپ پچھلی کلاسز میں سیکھ چکے ہیں۔۔اس کے علاوہ ایک ایڈوانس طریقہ بھی اس کلاس ذریعہ آپ کو سکھاتا چلوں۔۔۔کورل ڈرا میں موجود سٹیٹس بار پر نگاہ دوڑائیں۔سکرین شاٹ کے مطابق آپ کو پین کا آئیکون دکھائی دے گا۔اِس آئیکون پر ڈبل کلک کریں۔آوٹ لائن سیٹنگز ونڈو آپ کے سامنے ظاہر ہوجائے گی۔۔آپ اسے پین سیٹنگ ونڈو بھی کہہ سکتے ہیں۔جس کے ذریعے آپ آوٹ لائن کی موٹائی اور سٹائل وغیرہ تبدیل کرسکتے ہیں۔سکرین شاٹ میں پین کے آئیکون کے ساتھ None لکھا ہوا دکھائی دے رہا ہے یعنی اس وقت کوئی بھی کلر سلیکٹ نہیں کیا گیا۔کیونکہ پیٹرن استعمال کی گئی ہے۔بہر حال ڈبل کلک کریں اور پین سیٹنگز/آوٹ لائن سیٹنگز/بارڈر سیٹنگز ونڈو میں آجائیں۔سکرین شاٹ میں آپ یہ والی ونڈو دیکھ سکتے ہیں یہ ساری سیٹنگز اور اس کے ایفیکٹس آپ پچھلی کلاسز میں سیکھ چکے ہیں۔





☆☆☆

Eyedropper Tool

eyedropperایک ایسا ٹول ہے جس کی مدد سے ہم کورل ڈرا میں بنائی ہوئی کسی بھی شیپ پر موجود تمام تر کلرز کو صرف ایک کلک کی مدد سے کسی بھی نئی بنائی جانے والی شیپ پر استعمال کر سکتے ہیں۔

اس ٹول کا دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس کی مدد سے ہم کسی بھی تصویر، کمپیوٹر ڈیسکٹاپ یا انٹرنیٹ پر کہیں بھی کوئی کلر دیکھتے ہیں تو محض ایک کلک کی بدولت ہم اس کلر کو اپنے کورل ڈرا میں اپنی مرضی کی شیپ پر استعمال کر سکتے ہیں۔یعنی انٹرنیٹ یا کمپیوٹر میں موجود کسی بھی ڈاکومنٹ پر موجود کلر کو اب شناخت کرنا اور پھر کورل ڈرا میں تلاش کرنا مشکل کام نہیں بلکہ صرف ایک ہی کلک کی بدولت ہم مطلوبہ کلرز کے متعلق نا صرف معلمات حاصل کر سکتے ہیں بلکہ اپنی نئی بنائی ہوئی شیپ پر استعمال بھی کر سکتے ہیں۔



☆سب سے پہلے ایک نیا ڈاکومنٹ بنائیں۔اور ڈاکومنٹ پر کوئی بھی اپنی مرضی کی شیپ بنا کر اسے ایفیکٹس دیں۔ ایفیکٹس دینا آپ تیرہویں اور چودہویں کلاس میں سیکھ چکے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں جو شیپس بنائی گئی ہیں جو بالکل ایک جیسی ہیں ان میں صرف کلرز کا فرق ہے۔ایک شیپ میںFountain Fillٹول کی مدد سےTexture کلرز اپلائی کیے گئے ہیں جبکہ دوسری شیپ میں صرف سادہYellow کلر استعمال کیا گیا ہے۔آپ بھی اسی طرح کوئی بھی شیپ بنا کر اُسے مرضی کے ایفیکٹس دے لیں۔اور ایک کوئی سی بھی سادہ شیپ بنالیں۔



☆کورل ڈرا کے ٹول بار میں سے اب color eyedropperٹول پر کلک کریں اور ہولڈ کریں۔۔اور لسٹ میں سے Attributes eyedropper سلیکٹ کریں۔یہ ٹول کورل ڈرا کے پرانے ورژنز میںPaint Bucketٹول کے ساتھ ہے۔جبکہ کورل ڈراX5 میں یہ ٹول ٹولز بار میں مینیو پر ہی پڑا ہوا ہے۔اس ٹول کا کورل ڈرا کے پرانے ورژنز اور ایکس فائیو میں



استعمال کا تھوڑا فرق ہے لیکن انشاءاللہ کوشش کر کے کسی طرح سے یہ بھی سمجھا دوں گا۔attributes
eyedropper کی مدد سے ہم ایک شیپ کے کلر ایفیکٹس کاپی کر کے دوسری شیپ پر اپلائی کر سکتے ہیں۔ٹول
سلیکٹ کرنے کے بعد Options Bar پر نگاہ دوڑائیں آپ کو کچھ نئے آپشنز دیکھنے کو ملیں گے اِن میں سے سب سے
پہلے Properties کے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کریں اور ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے Outlines اور Fill پر
چیک کا نشان لگائیں جبکہ Text کے ساتھ اگر چیک لگا ہو تو ریموو کر دیں کیونکہ اگر ہم یہاں پر ٹیکسٹ کو بھی سلیکٹ
کر لیتے ہیں تو کلرز کاپی کرتے وقت ٹیکسٹ بھی کاپی ہو جائے گا۔اگر آپ ٹیکسٹ بھی کاپی کرنا چاہتے ہیں تو



آپ ٹیکسٹ پر بھی چیک لگا سکتے ہیں لیکن یہ آپ کی اپنی مرضی پر منحصر ہے۔یہاں پر سیٹنگز کرنے کے بعد اس
کے ساتھ والی آپشن Transformations کے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کریں۔اور مرضی کی آپشنز
منتخب کر لیں۔اگر آپ صرف کلر کاپی کرنا چاہتے ہیں اور شیپ میں بناوٹی طور پر کوئی تبدیلی نہیں لانا چاہتے ہیں
تو اِس لسٹ میں موجود کسی بھی آپشن پر چیک نا لگائیں لیکن اگر آپ شیپ کو مکمل طور پر اسی طرح کی بنانا



چاہتے ہیں تو اپنی مرضی کے مطابق آپشنز سلیکٹ کر لیں۔اس کے بعد اس کے ساتھ والی آپشن یعنی
Effects کے ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کریں۔اِس آپشن کے ذریعے آپ اوریجنل شیپ کو مدِنظر رکھتے
ہوئے کلرز کاپی کر سکتے ہیں۔یعنی اوریجنل شیپ میں دیکھیں کہ کلرز کس ٹائپ کے استعمال ہوئے ہیں اس
کے بعد اس مینیو میں سے اُن ٹائپس پر چیک کے نشان لگا دیں۔

جیسا کے مثال کے طور پر آپ کی بنائی اوریجنل شیپ جس کے آپ کلرز وغیرہ کاپی کرنا چاہتے ہیں اُن میں
ڈراپ شیڈو بھی استعمال ہوا ہے تو یہاں پر ڈراپ شیڈو پر بھی چیک لگا دیں۔اس اور اگر آپ کی سمجھ نہیں آ رہا
کہ پہلے سے بنائی گئی شیپ میں کون کون سے کلر ایفیکٹس شامل کیے گئے ہیں تو لسٹ میں موجود سبھی
ایفیکٹس پر چیک کے نشان کے لگا دیں۔یہاں پر سیٹنگز مکمل کرنے کے بعد پہلے سے بنائی ہوئی شیپ پر
کلک کریں۔اب آپ دیکھیں گے کہ آپ کا ماؤس کرسر جو کہ پہلے آئی ڈراپر ٹول کی شکل کا تھا اب پینٹ



بکٹ ٹول کی شکل اختیار کر چکا ہے۔لہذٰا جیسے ہی آپ پینٹ بکٹ ٹول کی مدد سے دوسری بنائی ہوئی شیپ پر کلک کریں
گے بالکل وہی ایفیکٹس دوسری شیپ پر بھی اپلائی ہو جائیں گے۔سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ دیکھ سکتے ہیں

اب دونوں شیپس میں یکساں کلر سٹائل ہے۔

انٹرنیٹ سے یا ڈیسکٹاپ سے کہیں سے بھی کسی بھی کلر کی شناخت کرنا اور اپنی بنائی ہوئی شیپ پر استعمال کرنا۔



☆eyedropper ٹول پر کلک کریں اور ہولڈ کریں eyedropper tool مینیو میں سے Color eyedropper ٹول سیلیکٹ کریں۔مزید رہنمائی کے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔Color Eyedropper پر کلک کرنے کے بعد کورل ڈرا کو Maximize سے Restore کر دیں۔یعنی پہلے اگر آپ کورل ڈرا کو فل سکرین پر استعمال کر رہے تھے تو اب اسے چھوٹی ونڈو میں استعمال کریں۔اب ڈیسکٹاپ پر مطلوبہ تصویر (جس سے کوئی کلر سیلیکٹ کرنا ہو) یا پھر مطلوبہ ویب سائٹ (جہاں آپ نے کوئی دلکش کلر دیکھا تھا) ڈیسکٹاپ پر چھوٹی ونڈو میں اوپن کریں۔اب آپشنز بار میں سے Select From Desktop پر کلک کریں مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اس آپشن پر کلک کرتے ہیں



آپ کا ماؤس پوائنٹر کچھ تبدیل ہو جائے گا۔آپ کے ماؤس پوائنٹر کے ساتھ ایک چھوٹا سا ڈبہ بنا ہوا آپ کو نظر آئے گا جسے آپ کسی بھی کلر کے اوپر لیجائیں گے ڈبے میں وہی کلر آپ کو نظر آئے گا۔ماؤس کرسر کو ویب سائٹ، امیج یا ڈیسکٹا پر مطلوبہ کلر کے اوپر لیکر جائیں اور کلک کر دیں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں میں کرسر کو ایک ڈیسکٹاپ آئیکون پر لیکر گیا اور ساتھ اس کلر کی تفصیلات ماؤس کرسر کے ساتھ دکھائی جانے لگ گئیں۔کلک کرنے کے بعد کورل ڈرا میں واپس آ جائیں۔اور اپنی بنائی ہوئی شیپ پر کلک کر دیں۔۔آپ دیکھیں گے کہ شیپ اسی کلر کی ہو چکی ہے جو آپ نے سیلیکٹ کیا تھا مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اب کلر کی مکمل





معلومات حاصل کرنے کے سٹیٹس بار پر نگاہ دوڑائیں اور سیلیکٹ کیے ہوئے کلر پر ڈبل کلک کریں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔یہاں پر ڈبل کلک کرنے سے کلر پراپرٹیز ونڈو اوپن ہو جائے گی۔جس میں سے آپ Palettes پر کے ٹیب پر کلک کریں۔یہاں پر آپ مطلوبہ کلر کا نام اور اس کی کلر پلیٹ میں موجود لوکیشن دیکھ سکتے ہیں تا کہ دوبارہ سیلیکٹ کرنے میں آسانی ہو۔جیسا کہ آپ دائیں جانب والے سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔کورل ڈرا کے پرانے ورژنوں میں eyedropper tool کی لوکیشن اور استعمال میں تھوڑا سا فرق ہے۔



کورل ڈرا ایکس 4 میں یہ ٹول پینٹ بکٹ ٹول کیٹیگری میں ہوتا ہے یعنی پینٹ بکٹ ٹول پر کلک کر کے ہوڈ کریں تو ٹولز لسٹ میں سے eyedropper tool اور paint bucket ٹول دکھائی دیں گے۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ میں آپ کورل ڈرا ایکس فور میں اِس ٹول کی لوکیشن دیکھ سکتے ہیں۔ کورل ڈرا ایکس فور میں صرف ایک ہی eyedropper ٹول ہے جس سے دونوں کام لیے جا سکتے ہیں جبکہ کورل ڈرا ایکس فائیو میں اس ٹول میں دو ٹولز ہیں ایک eyedropper attributes ہے اور دوسرا color eyedropper ہے۔ کورل ڈرا ایکس فور میں ایک ہی کلر ڈراپر ٹول سے دونوں کام لینے کے لیے اِس کی سیٹنگ تبدیل کرنی پڑتی ہے۔ اِس کے لیے پہلے کلر ڈراپو ٹول سلیکٹ کیا جاتا ہے اور اس کے بعد آپشنز بار میں سے Mode سلیکٹ کیا جاتا ہے۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ کورل ڈرا ایکس 4 کا Object attributes اور کورل ڈرا ایکس فائیو کا eyedropper attributes ایک ہی ہے جبکہ کورل ڈرا ایکس فور کا Simple Color اور کورل ڈرا ایکس فائیو کا Color eyedropper بالکل ایک ہی طرح ورک کرتا ہے۔

کورل ڈرا میں کسی ایک اوبجیکٹ کو مرضی کی جگہوں پر کلر دینا۔

Smart Fill Tool



اب تک کی کلاسز میں ہم نے کسی بھی شیپ کو مکمل طور پر کلر کرنا سیکھا ہے۔ smart fill tool ایک ایسا ٹول ہے جس کی مدد سے ہم ایک ہی شیپ کو اپنی مرضی سے مختلف جگہوں سے مختلف رنگ دے سکتے ہیں۔ اس کے لیے سب سے پہلے کورل ڈرا میں کوئی بھی شیپ بنائیں۔ جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے Free Hand ٹول کی مدد سے گول مول سی لکیر بنادی ہے۔ اب اگر ہم اِس کو سادہ طریقے سے کلر کریں گے تو صرف اِس لائن کا کلر تبدیل ہوگا۔ لیکن اس سے ہم اِس میں موجود دائروں میں کلرز نہیں کر سکیں گے۔ اس کے لیے ہمیں Smart Fill Tool استعمال کرنا پڑے گا۔ سکرین شاٹ کے مطابق سمارٹ فِل ٹول سلیکٹ کریں اور آپشنز بار میں سے پہلی اس کی سیٹنگز کریں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سب سے پہلے Fill Options کے ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے Specify پر کلک کریں تا کہ آپ صرف اپنی مرضی کی جگہوں پر کلک کرسکیں اس کے بعد Fill Color منتخب کریں





اوراس کے بعد آوٹ لائن کے لیے بھی Specify کی ہی آپشن منتخب کریں تا کہ آپ صرف اپنی مرضی کی ہی آوٹ لائن کو کلر کر سکیں۔آوٹ لائن کے لیے آپ مختلف کلر بھی سیلیکٹ کر سکتے ہیں پچھلے صفحے پر دیئے گئے سکرین شاٹ کے مطابق انتہائی دائیں جانب والا تیر کا نشان آوٹ لائن کلر کی نشاندہی کرسکتا ہے یعنی آپ

اس ڈراپ ڈاؤن مینیو پر کلک کرکے آوٹ لائن کلر مرضی کا منتخب کر سکتے ہیں۔آوٹ لائن کو آپ لکیر بھی کہہ سکتے ہیں کسی بھی شیپ کا بارڈر آوٹ لائن ہی کہلاتا ہے اور ہم نے جو گول مول سی لکیر بنائی ہے وہ مکمل لکیر ہی آوٹ لائن کہلائے گی۔مثال کے طور پر ہم نے Fill Color کے لیے Red کلر کا انتخاب کیا اور آوٹ لائن کے لیے Yellow کلر کا انتخاب کیا ہے تو ہماری بنائی ہوئی شیپ میں سے ہم جس مخصوص ایریا پر کلک کریں گے وہاں پر موجود شیپ کا اتنا حصہ سرخ ہوجائے گا اور اس کا بارڈر پیلے رنگ کا ہوجائے گا۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ مکمل لائن سیاہ ہے لیکن جس جگہ سے Smart Fill ٹول کی مدد سے اسے کلر کیا گیا ہے وہاں سے بارڈر لائن پیلے رنگ کی ہوگئی



ہے۔اسی طرح اگر ہم Fill Options میں سے No Fill کی آپشن منتخب کریں گے تو سمارٹ فل ٹول استعمال کرتے ہوئے شیپ کا اندرونی حصہ کلر نہیں ہوگا صرف آوٹ لائن ہی کا ہی منتخب کردہ کلر تبدیل ہوگا۔اور اگر آوٹ لائن آپشنز میں سے آوٹ لائن کے لیے No Fill کی آپشن منتخب کریں گے تو آوٹ لائن کے کلر پر سمارٹ فل ٹول اثر انداز نہیں ہوگا۔Outline Options کے ساتھ آپ کو آوٹ لائن کا سائز ہوا دکھائی دے گا۔یہاں پر ہم آوٹ لائن کا جو کوئی بھی سائز مقرر کریں گے کلر فل ٹول استعمال کرتے وقت جہاں پر ہم یہ ٹول استعمال کریں گے اُس جگہ سے آوٹ لائن کی موٹائی یہاں پر مختص کردہ سائز کے مطابق ہوجائے گی۔

کورل ڈرا کے پرانے ورژنوں میں یہ آپشنز کسی دوسری جگہ پر بھی ہوسکتی ہیں اس لیے ہمیشہ کی طرح اس کلاس میں بھی نصیحت کی جارہی ہے کہ کورل ڈرا میں موجود کسی بھی آپشن کی پوزیشن کی بجائے صرف اس آپشن کا استعمال سیکھیں۔۔کی بورڈ شارٹ کٹس پر توجہ دیں۔یہ سب جب آپ سیکھ جائیں گے تب کورل ڈرا کا کوئی بھی ورژن آپ کے پاس ہو آپ کو اس کو سمجھنے اور استعمال کرنے میں کسی دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

امید ہے تیرہویں چودھویں اور پندرہویں یعنی موجودہ کلاس کے ذریعہ آپ کورل ڈرا میں مکمل طور پر کلرز کا استعمال سمجھ چکے ہوں گے۔ان تین کلاسز کو اگر آپ مکمل توجہ کے ساتھ مطالعہ کریں گے تو کورل ڈرا میں کلرز کے متعلق سب کچھ سیکھ جائیں گے۔۔۔انشاءاللہ۔۔۔آئندہ کلاس میں Layers کا استعمال سیکھیں گے۔۔انشاءاللہ۔۔۔تب تک کے لیے آپ پریکٹس کریں اور مجھے اجازت دیں۔۔فی امان اللہ۔

Layers: لیئرز

Layer کیا ہے؟

Layer کی لفظی معانی تہہ/ پرت کے ہیں۔ جب ہم ڈیزائننگ کرتے ہیں تو ڈیزائننگ کے دوران ہم سب سے پہلے ہم ایک خاکہ بناتے ہیں۔ خاکہ بنانے کے لیے ہم کبھی ریکٹینگل ٹول، کبھی پنسل ٹول، کبھی دائرہ اور کبھی کسٹم شیپ وغیرہ سب چیزوں کو ایک ساتھ ملاتے ہیں تب جا کر ہم ایک شیپ بنانے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ بالفرض ہم نے ایک بینر تیار کیا ہے۔ اُس بینر کے لیے پہلے ایک بیک گراؤنڈ بنایا۔ یہ بینر کی پہلی تہہ ہے۔ اس کے بعد ریکٹینگل ٹول یا پنسل ٹول یا کوئی بھی ٹول استعمال کرتے ہوئے کوئی نئی شیپ بنائی۔۔۔ یہ اس کی دوسری تہہ ہے۔ اس طرح بعد میں اُس پر ٹیکسٹ ایڈ کیا یہ اس کی تیسری تہہ ہے۔ اس طرح ہم ایک بینر میں جیسے جیسے کچھ نا کچھ ایڈ کرتے جائیں گے اُس کی اتنہ پرتیں/تہیں بنتی جائیں گی۔۔ یعنی Layers بنتے جائیں گے۔ یعنی ایک ڈیزائن کردہ ویکٹر، بینر، شیپ، لوگو یا کوئی بھی امیج اُس میں ہم نے جتنے اوبجیکٹس استعمال کیے ہیں وہ سب کے سب Layers کہلائیں گے۔

Layers کے فوائد اور ضرورت:

جب ہم ایک سے زیادہ اوبجیکٹس ملا کر کوئی شیپ، بینر، چارٹ، ویکٹر، لوگو وغیرہ کچھ بھی ڈیزائن کرتے ہیں اور جب سب کو ایک جگہ اکٹھا کر لیا جاتا ہے اُس پر مرضی کا اوبجیکٹ سیلیکٹ کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال میں اگر ہم لیئرز آپشن کا استعمال کریں اور لیئرز کی لسٹ میں سے مطلوبہ لیئر پر کلک کر لیں تو وہ لیئر خود بخود سیلیکٹ ہو جاتا ہے۔ اس طرح مطلوبہ لیئر کو ایڈیٹ کرنے میں نہایت آسانی ہوتی ہے۔

Layers کا استعمال:

تو جناب اب آتے ہیں لیئرز کے اصل استعمال کی طرف یعنی پریکٹیکل کی طرف۔ سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔ میں نے ایک کورل ڈرا ایکس فائیو کی ایک سمپل سی لوگو ٹائپ امیج تیار کی ہے۔ اس امیج میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ایک کورل ڈرا کا آئیکون استعمال کیا گیا ہے جو کہ جیومیٹری باکس کے آلات پر مشتمل ہے جبکہ ایک بڑا ریٹینگل بنایا گیا ہے جسے بعد میں Shape Tool کی مدد سے چار اطراف سے گول کر دیا گیا ہے اس بڑے باکس میں ایک چھوٹی مستطیل بنائی گئی جس کے نچلے دونوں کارنرز Shape ٹول کی مدد سے گول کر کے بڑے باکس کے ساتھ ملا دیئے۔ اس طرح کُل ملا کر جو شیپ بنی وہ آپ کے سامنے ہے۔ یہاں پر چونکہ بات لیئرز کی ہو رہی ہے اس لیے شیپ کے متعلق مزید بحث نہیں کریں گے بلکہ



اِس شیپ کے لیئرز دیکھنے اور ایڈیٹ کرنے کی کوشش کریں گے۔ اِس کے لیے Menu Bar میں سے Tools پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Object Manager پر کلک کردیں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں پر کلک کرنے سے انفارمیشنز والے ایریا میں اب آپ کو Object Manager دکھائی دے گا۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ دائیں جانب دیئے گئے سکرین شاٹ میں آپ اوبجیکٹ مینجر کو بخوبی دیکھ سکتے ہیں اس میں آپ کو ٹاپ پر تین بٹن نظر آئیں گے۔ آپ نے چونکہ لیئرز کو ایڈیٹ کرنا ہے اس لیے آپ اِن میں سے درمیان والے پر کلک کریں۔ جسے تیر کے نشان کی مدد سے واضح کیا گیا ہے۔ آپ کو لیئرز کی لسٹ نظر





آئے اِس لسٹ میں آپ اپنی کی ہوئی مکمل ڈرائنگ دیکھ سکتے ہیں۔ آپ لسٹ میں موجود کسی بھی لیئر پر کلک کریں آپ دیکھیں گے کہ آپ کی بنائی ہوئی شیپ میں اپ کا مطلوبہ ایریا سیلیکٹ ہو چکا ہے۔ آپ اس کو اپنی مرضی سے ایفیکٹس دے سکتے ہیں ایڈیٹ کر سکتے ہیں یعنی جو تبدیلیاں چاہیں اپنی مرضی سے عمل میں لا سکتے ہیں۔ اسی طرح اگر آپ اپنی مرضی کے لیئرز کو یکجا کرنا چاہتے ہیں یا لاک کرنا چاہتے ہیں یا اس قسم کی کوئی دوسری تبدیلی عمل میں لانا چاہتے ہیں تو پہلے ایک لیئر پر کلک کریں پھر کی بورڈ سے کنٹرول کا بٹن دبا کر رکھیں اور اس کے ساتھ جن باقی لیئرز کو جوڑنا ہے اُن کو سیلیکٹ کریں پھر رائٹ کلک کریں اور مرضی کی آپشن منتخب کرلیں جیسا کہ پچھلے صفحے پر موجود بائیں جانب والے سکرین شاٹ میں آپ دیکھ

سکتے ہیں کہ ایک ساتھ تین لیئرز کو سیلیکٹ کیا گیا ہے۔اسی طرح آپ لیئرز کی ترتیب بھی بدل سکتے ہیں یعنی کسی بھی لیئر کو ڈریگ کر کے دوسرے سے اوپر یا نیچے بھی لیجا سکتے ہیں۔۔۔اور کسی بھی لیئر کو سیلیکٹ کر کے با آسانی ڈیلیٹ بھی کر سکتے ہیں۔کسی بھی لیئر کو دوسرے گروپ میں پہنچا سکتے ہیں۔۔اگر آپ لیئرز کا استعمال سمجھ جاتے ہیں تب آپ کے لیے کورل ڈرا کچھ زیادہ مشکل نہیں رہے گا۔

Viewing Work



کورل ڈرا میں ڈیزائننگ کے دوران اپنا کیا ہوا کام مختلف طریقوں سے چیک کرتے رہنے سے چھوٹی موٹی غلطیوں کی نشاندہی ہو جاتی ہے۔اپنا کیا ہوا کام کیسے چیک کر سکتے ہیں اب آپ کو یہ سکھانے کی کوشش کروں گا۔ اِس کے لیے Menu Bar میں سے View پر کلک کریں اور لسٹ پر نگاہ دوڑائیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سب سے پہلی اپشن ہے Simple Wireframe اس پر کلک کرنے سے آپ کی بنائی ہوئی شیپس کے تمام تر کلرز غائب ہو جائیں گے یعنی آپ صرف اپنی ڈرائنگ دیکھ سکیں گے جیسا کہ آپ میرے کورل ڈرا کے لیے بنائے ہوئے ایک سمپل سے لوگو کو ایک نظر دیکھ سکتے ہیں۔بالکل اسی طرح اگر آپ Wireframe پر کلک کریں گے تو تو مکمل فریمز دیکھ سکیں گے Draft پر کلک کرنے سے آپ تھری ڈی کلرز نہیں دیکھ سکیں گے بلکہ صرف سمپل کلرز ہی دیکھ سکیں گے Simple پر کلک کرنے سے واپس نارمل حالت میں ڈسپلے آجائے گا۔اسی طرح فل سکرین پر کلک کرنے سے کورل ڈرا پر موجود باقی ٹولز وغیرہ سب کچھ غائب ہو جائے گا اور صرف آپ کی شیپ ہی شو ہو گی۔اسی طرح Preview Select Only پر کلک کرنے سے آپ سرف وہی کچھ دیکھ سکتے ہیں جو کچھ آپ نے اس وقت سیلیکٹ کیا ہوا ہے۔اس کے نیچے Rulers کی آپشن ہے جو کہ پیمائشیں ظاہر کرتا ہے اگر اس کے ساتھ چیک ریموو کر دیں تو دونوں اطراف سے پیمائشیں غائب ہو جائیں گی۔اسی طرح Grid پر کلک کرنے سے آپ کا پیج بیک گراونڈ ٹرانسپرنٹ ایڈوبی بیک گراونڈ کے جیسا بن جائے گا۔اس کے نیچے Guidelines کا نمبر آتا ہے جو کہ آپ پچھلے اسباق میں سیکھ چکے ہیں۔۔

Bitmap editing + Crop Tool

☆کورل ڈرا سافٹ ویئر اوپن کریں۔

☆کوئی بھی Bitmap امیج کورل ڈرا میں اوپن کریں۔

☆مینیو بار پر نگاہ دوڑائیں۔آپ کو Bitmap کا مینیو بٹن نظر آئے گا۔اس پر کلک کریں اور لسٹ ملاحظہ فرمائیں۔پیش کردہ سکرین شاٹ میں دکھائی جانے والی لسٹ میں موجود تمام تر آپشنز Bitmap سے متعلق ہیں۔



☆اگر آپ نے کوئی ویکٹر بنایا ہے اور اسے Bitmap میں کنورٹ کرنا چاہتے ہیں تو لسٹ میں موجود سب سے پہلی آپشن Covert To Bitmap پر کلک کردیں۔ایک نئی ونڈو اوپن ہوجائے گی۔۔ جو آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔اس ونڈو میں اپنی مرضی کی سیٹنگز کریں اور Ok کے بٹن پر کلک کردیں۔اس کے بعد Save کرلیں۔



☆Convert To Bitmap کے بعد والی آپشن ہے Auto Adjustment کی اس پر کلک کریں سے مطلوبہ

Bitmap کے تمام تر کلرز خود بخود ایڈجسٹ ہوجائیں گے۔یعنی یہ آٹومیٹک سسٹم کے تحت امیج کے کلرز تبدیل ہوکر سمپل کلرز بن جائیں گے آپ کو کلرز کے ساتھ چھیڑ خانی نہیں کرنی پڑے گی۔امیج میں موجود تمام اوبجیکٹس ایک حد تک خود بخود واضح ہوجائیں گے۔

☆اس کے بعد نمبر آتا ہے Image Adjustment Lab کا۔اس آپشن کو استعمال کرتے ہوئے ہم امیج کے تمام تر کلرز اپنی مرضی سے تبدیل کرسکتے ہیں۔اس آپشن پر کلک کرتے ہی ایک نئی ونڈو اوپن ہوجائے گی۔ جس میں بائیں جانب مطلوبہ Bitmap امیج اور دائیں جانب کلر پٹیاں دکھائی دیں گی۔اس پٹیوں کی مدد سے ہم امیج کے کلرز تبدیل کرسکیں گے۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔یہاں پر ہم امیج کے کسی بھی حصہ کو



ڈریگ کرکے سامنے لاسکتے ہیں اسے Zoom کرکے دیکھ سکتے ہیں۔کلرز پٹیوں کی مدد سے کلرز تبدیل کرسکتے ہیں۔امیج کو Rotate کرسکتے ہیں۔اور اگر کچھ سمجھ نا آئے تو Auto Adjustment کے بٹن پر کلک کرکے خودکار نظام کے تحت امیج کو ایڈجسٹ کرسکتے ہیں۔یہ والا آٹو ایڈجسٹمنٹ بالکل اسی طرح کام



کرتا ہے جیسے لسٹ میں موجود آٹو ایڈجسٹمنٹ والا آپشن کام کرتا ہے۔اس کے علاوہ اگر آپ آٹو ایڈجسٹمنٹ کی بجائے امیج کو واپس اس کی اصلی حالت میں لانا چاہتے ہیں تو امیج کے نیچے موجود Reset To Original کے بٹن پر کلک کرکے واپس اصلی حالت میں بھی لا سکتے ہیں۔امیج کو دو الگ حصوں میں ایفیکٹس دینے کے لیے اوپر موجود Before And After Split کے بٹن پر بھی کلک کر سکتے ہیں۔

☆اس آپشن کے بعد نمبر آتا ہے Straghten Image کا۔۔۔اس پر کلک کرنے سے بھی ایسے ہی ایک الگ ونڈو نمودار ہوجاتی ہیں۔جس میں آپ کو مطلوبہ Bitmap کے اوپر خانے بنے ہوئے نظر آئیں گے۔ یہاں پر ہم Image کو مرضی سے Rotate کرکے بالکل سیدھی سطح پر ایڈجسٹ کر سکتے ہیں کیونکہ خانوں کی بدولت امیج کا ایک ایک اوبجیکٹ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ کونسی لائن سے اوپر ہے اور کونسی لائن سے نیچے ہے۔آج کی کلاس میں اب تک ہم کسی ویکٹر کو Bitmap میں کنورٹ کرنا۔آٹو ایڈجسٹمنٹ کرنا۔ازخود کلرز سیٹنگز اور ایڈجسٹمنٹ کرنا سیکھ چکے ہیں۔یعنی مینیو بار میں موجود Bitmaps مینیو کی پہلی چار آپشنز کا استعمال سیکھ چکے ہیں۔

اب ہم **Crop ٹول کا استعمال** سیکھیں گے۔۔

یقیناً آپ سوچ رہے ہوں گے کہ Crop ٹول کا استعمال اس قدر تاخیر سے سکھایا جارہا ہے۔۔۔تو جناب آپ کو بتاتا چلوں کہ گزشتہ کلاسز میں ہم صرف ویکٹرز بنارہے تھے Bitmap پر کام اسی کلاس میں شروع کیا ہے۔اور Crop ٹول Bitmap اور Vectors دونوں میں استعمال ہوتا ہے لیکن اس کا زیادہ تر استعمال Bitmap ایڈیٹنگ میں ہی کیا جاتا ہے۔

☆کورل ڈرا میں کوئی بھی Bitmap امیج یا ویکٹر امیج اوپن کریں۔Bitmap امیجز کو کورل ڈرا میں پہلے سے موجود کسی ڈاکومنٹ پر ایڈجسٹ کرنے کے لیے Import کرنا پڑتا ہے۔اس لیے پہلے کوئی امیج امپورٹ کریں۔اور اس امیج پر اپنی مرضی سے کچھ لکھیں۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے ایک گلاب کے پھول کی امیج سیلیکٹ کی ہے۔ اور اس کے اوپر Corel Draw X5 لکھا ہے۔Image کو جہاں سے آپ Crop کرنا چاہتے ہیں سب سے پہلے اس حصے کو Zoom کریں مثال کے طور پر اگر آپ امیج پر موجود ٹیکسٹ کو Crop کرنا چاہتے ہیں تو ٹیکسٹ والا حصہ Zoom کرلیں۔اور سیلیکٹ ٹول کی

مدد سے پہلے Text کو سیلیکٹ کریں اور اس کے بعد Crop Tool سیلیکٹ کریں۔اور سیلیکٹ کیے ہوئے اوبجیکٹ یعنی جو حصہ آپ نے سیلیکٹ کیا ہے۔۔جیسا کہ اوپر دیئے گئے سکرین شاٹ

میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے Text کو کراپ ٹول کی مدد سے سیلیکٹ کیا ہے۔مطلوبہ حصے کو سیلیکٹ کرنے کے بعد سیلیکٹ کیے ہوئے حصے کے اندرونی طرف ڈبل کلک کردیں۔۔آپ کا مطلوبہ لیئر کراپ ہوجائے گا۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ٹیکسٹ اوپر اور نیچے سے غائب ہوگیا ہے جبکہ باقی امیج سلامت ہے۔اسی طرح اگر آپ نے ٹیکسٹ کی جگہ پہلے امیج سیلیکٹ کی ہوتی تو امیج کا مطلوبہ حصہ کٹ جاتا تھا۔امید ہے Crop Tool کا استعمال آپ بخوبی سمجھ گئے ہوں گے۔

☆☆☆

3Dایفیکٹس

☆ایک نیاڈاکومنٹ بنائیں۔۔۔اورکوئی بھی امیج امپورٹ کریں۔یاپھرخود سے بنائے ہوئے کسی ویکٹرکوامیج میں کنورٹ کریں جیساکہ آپ گزشتہ کلاس میں سیکھ چکے ہیں۔۔۔



☆مینیو بار میں سے Bitmaps مینیو پر کلک کریں اور لسٹ میں سے ایفیکٹس والے ایریا پر نگاہ دوڑائیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔3d effects پر ماؤس کرسر لیجانے سے دائیں جانب مختلف ایفیکٹس کے لیے ایک ونڈو ظاہر ہوگی جس میں سے آپ اپنی مرضی کے کوئی بھی ایفیکٹس منتخب کرسکتے ہیں۔انہیں سمجھنے اوران کا صحیح استعمال سیکھنے کے لیے سب سے پہلے لسٹ میں سب سے پہلے نمبر پر ہے...**3D Rotate** اس پر کلک کریں۔۔سکرین شاٹ کے مطابق ایک نئی ونڈو اوپن ہوجائے گی۔۔جس میں آپ امیج کو افقی اور عمودی سمت Rotate کر سکتے ہیں۔سب سے اوپر والے تیر کے نشان والے بٹن پر کلک کرنے سے آپ کو اسی ونڈو میں مطلوبہ امیج کا بڑا سا ریویو دکھائی دے گا۔یہ آپ کی زیادہ آسانی کے لیے ہے۔۔یہاں پر سیٹنگز کرکے آپ Preview پر کلک کریں گے تو ڈاکومنٹ میں موجود مطلوبہ امیج آپ کو آپ کی مرضی کی سیٹنگز کے مطابق ایڈجسٹ ہو چکی دکھائی دے گی۔جیسا کہ میں نے ایک گلاب کے پھول کی امیج سیلیکٹ کی تھی اور سیٹنگز کے بعد اسے ایک حد تک اپنی مرضی سے میں نے Rotate کیا۔۔Rotate کرنے سے پہلے اور بعد کی صورتحال ملاحظہ فرمائیں۔اسی طرح اب دوبارہ Bitmaps مینیو پر کلک کریں اور 3d effects پر ماؤس کرسر







لائیں۔۔۔اور ایفیکٹس لسٹ میں سے اب **Cylinder** پر کلک کردیں۔Cylinder پر کلک کرنے سے ان ایفیکٹس کے سیٹنگز ونڈو اوپن ہو جائے گی جیسے 3d Rotate کی اوپن ہوئی تھی۔

☆**Cylinder Effects** کی بدولت ہم امیج کے درمیانی حصہ کو Zoom In یا Zoom Out کر سکتے ہیں جبکہ باقی امیج بالکل صحیح حالت میں رہے گی۔اوپر دیے گئے سیٹنگز ونڈو کے سکرین شاٹ کے مطابق مرضی کی سیٹنگز کریں اور ریویو پر کلک کریں۔اسی پھول کی ان ایفیکٹس سے پہلے اور بعد کی صورتحال ملاحظہ فرمائیں۔دائیں جانب جو سکرین شاٹ دیا گیا ہے وہ امیج کو ایفیکٹس دینے سے پہلے کا ہے جبکہ بائیں جانب والا بعد کا ہے۔۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ پھول درمیان میں سے بڑا ہو گیا ہے۔۔۔ امید ہے آپ Cylinder ایفیکٹس کو سمجھ بھی گئے ہوں گے اور ان کا استعمال بھی سیکھ گئے ہوں گے۔اب آتے ہیں مزید ایفیکٹس کی طرف۔۔وقت بچانے کے لیے ایفیکٹس کی سیٹنگز ونڈو پر لگے ہوئے Play کے بٹن پر کلک کر کے آپ ایفیکٹس ونڈو میں ڈائریکٹ بھی جا سکتے





ہیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں Cylinder ایفیکٹس والی ونڈو دکھائی گئی ہے جس کے دائیں جانب لگے ہوئے پلے کے نشان والے بٹن پر کلک کرنے سے ڈائریکٹ ایفیکٹس والی ونڈو ظاہر ہوگئی ہے جہاں سے 3d effects پر کرسر لیجانے کے بعد ہم نے اب تیسری قسم کے ایفیکٹس یعنی



Emboss پر کلک کیا ہے۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ Cylinder effects والی ونڈو میں ہی اب Emboss ایفیکٹس کی سیٹنگز اوپن ہوگئی ہیں۔سیٹنگز کے ذریعے آپ اپنی مرضی کا کلر ان ایفیکٹس کے لیے منتخب کرسکتے ہیں کلرز کی گہرائی کم یا زیادہ کرسکتے ہیں۔۔ایفیکٹس کو گہرا یا ہلکا بھی کرسکتے ہیں۔۔ایفیکٹس کو ایک زاویے کے مطابق بھی اپلائی کرسکتے ہیں۔۔۔یہ سب آپ پر منحصر ہے کہ آپ کس قسم کی کلر سکیم پسند کرتے ہیں۔آپ کی کلرز چوائس جس قدر اچھی ہوگی اسی قدر آپ ان ایفیکٹس کو اچھے طریقے سے استعمال کرسکیں گے۔مثال کے طور پر میں نے Gray کلر کا انتخاب کیا اور اس کے بعد کلرز لیول اور گہرائی کو اپنی مرضی سے بڑھا دیا۔۔اور جو نتیجہ سامنے آیا۔۔آپ دائیں جانب دیئے گئے سکرین شاٹ میں ملاحظہ فرمائیں۔۔۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ مکمل امیج پر گرے کلر چھا گیا ہے۔اور اس کلر میں کہیں کہیں کچھ دوسرے کلرز بھی جھلک رہے ہیں۔اب دیکھتے ہیں ان کے بعد کونسے ایفیکٹس کی باری ہے۔



Page Curl

☆بہت ہی دلچسپ ایفیکٹس کا استعمال اب آپ سیکھیں گے۔۔۔ان ایفیکٹس کو استعمال کرنے سے مطلوبہ امیج/پیج/ڈاکومنٹ کا کوئی بھی ایک

کارنرز ہم اس طرح ایفیکٹس دے سکتے ہیں جیسے کارنر کو پکڑ کر موڑا گیا ہو۔۔۔یعنی **مڑے ہوئے کارنرز** ان ایفیکٹس کی بدولت بنائے جا سکتے ہیں۔۔سب سے پہلے مطلوبہ امیج سیلیکٹ کریں۔اس کے بعد Bitmaps مینیو پر کلک کریں اور 3d effects پر ماؤس کرسر لائیں اور دائیں جانب کی لسٹ میں سے Page Curl پر کلک کریں۔۔۔ان ایفیکٹس سے متعلق ایک نئی ونڈو اوپن ہو جائے گی جیسے دوسرے ایفیکٹس سے متعلق ہوتی تھی۔سکرین شاٹ کے مطابق سب سے پہلے ایک کارنر منتخب کریں جسے آپ موڑنا چاہتے ہیں۔اس کے بعد ڈایریکشن یعنی کس سمت کو موڑنا ہے اس کے بعد کارنر کا نچلا حصہ ٹرانسپرنٹ منتخب کریں۔۔ اور اس کے بعد مڑے ہوئے کارنر کے الٹے رخ کا کوئی بھی کلر منتخب کریں۔۔ان سب کے بعد نیچے موجود والیوز کی مدد سے مڑے ہوئے



کارنر کی لمبائی اور چوڑائی کم یا زیادہ کریں۔۔ پھر ریویو پر کلک کر دیں۔۔۔۔ان سب کے بعد ایک مرتبہ Review پر کلک کریں کہ آپ کی مطلوبہ امیج میں کونسی تبدیلی وقوع پذیر ہوئی ہے۔۔۔آپ دیکھیں گے کہ سکرین شاٹ کے مطابق آپ کی مطلوبہ امیج کا ایک کارنر مڑ چکا ہے۔امید ہے Page Curl effects کیا ہے اور اس کا استعمال کیسے کرتے ہیں یہ سب آپ سمجھ گئے ہوں گے۔اس کے بعد دیکھتے ہیں کہ کونسے ایفیکٹس کا نمبر آتا ہے۔۔

Perspective

☆لسٹ میں چوتھے نمبر پر یہ والے ایفیکٹس دکھائی دیں گے آپ کو کلک کرنے سے ان کی سیٹنگز ونڈو نمودار ہوگی جسے آپ سکرین شاٹ میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔اس ونڈو میں سب سے پہلے ٹائپ سیلیکٹ کریں۔۔ اگر آپ

Perspective سلیکٹ کریں گے تو آپ امیج کے دونوں کارنر اندر کی طرف چھوٹے کر سکیں گے۔اور اگر Shear پر کلک کریں گے تو آپ دونوں کارنر کا درمیانی فاصلہ برابر رکھتے ہوئے انہیں اوپر یا نیچے کی طرف لیجا سکتے ہیں۔ٹائپ منتخب کرنے کے بعد سکرین شاٹ کے مطابق بائیں جانب کی ایک چھوٹی سکرین جس میں دو ماؤس پوائنٹرز دکھائی دے رہے ہیں وہاں پر کسی ایک کارنر کو پکڑیں اور اوپر یا نیچے کی طرف حرکت دیں۔۔سکرین شاٹ میں بائیں جانب والے کارنرز کو حرکت دے کر اندر کی طرف کلوز کیا گیا ہے۔۔بہتر ہے ساری سیٹنگز سے پہلے Best Fit کے چیک باکس میں چیک لگالیں تاکہ آپ کی اوریجنل امیج کا سائز اپنی جگہ برقرار رہے۔سیٹنگز مکمل کرنے کے بعد Review پر کلک کریں اور تبدیلی ملاحظہ فرمائیں۔امید ہے ان ایفیکٹس کا استعمال بھی آپ اچھی طرح سے سیکھ گئے ہوں گے۔۔اب آگے بڑھتے ہیں مزید ایفیکٹس کی طرف۔

Pinch/Punch

Perspective effects کے بعد نمبر آتا ہے Pinch/Punch کا۔۔۔ان ایفیکٹس کے استعمال سے ہم مطلوبہ امیج کو اوپر سے گولائی میں رکھے ہوئے چوڑا اور نیچے سے بالکل باریک رکھ سکتے ہیں۔یا پھر اوپر سے باریک اور نیچے سے چوڑا رکھ سکتے ہیں۔ان کی سیٹنگز نہیں کرنی پڑتی صرف والیم کم یا زیادہ کیا جاسکتا ہے۔۔تبدیلی سکرین شاٹ میں ملاحظہ فرمائیں۔اس تبدیلی کے مطابق امیج کا اوپر والا حصہ باریک جبکہ نچلا حصہ چوڑا رکھا گیا ہے۔

Sphere

3D effects میں سب سے آخری نمبر ہے Sphere کا۔۔جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ Sphere دائرے کو کہا جاتا ہے۔۔تو اتنا بھی سمجھ ہی گئے ہوں گے کہ ان ایفیکٹس کی بدولت ہم امیج کو دائروی صورت میں درمیان میں سے شیپ دے سکتے ہیں۔۔یعنی امیج درمیان میں سے بالکل دائرے کی صورت میں Zoom in یا Zoom out کر سکتے ہیں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

آپ دیکھ سکتے ہیں کہ مطلوبہ امیج کا درمیانی حصہ پوری امیج پر محیط ہو گیا ہے۔۔۔اور پکسلز پر بھی کوئی فرق نہیں پڑا۔ایسا ایفیکٹس سیٹنگز میں سے والیم بڑھانے کی وجہ سے ہوا۔اگر ایفیکٹس سیٹنگز میں سے والیم کم کیا جائے تو بالکل اسی طرح دائروی صورت میں امیج کا درمیانی حصہ Zoom Out ہونا شروع ہو جائے گا۔دائیں جانب دیئے گئے سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ والیم کم کرنے سے امیج کا درمیانی حصہ نہایت کم ہو گیا ہے۔امید ہے Sphere ایفیکٹس کا استعمال بھی آپ اچھی طرح سے سمجھ گئے ہوں گے۔وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔۔

Shaping the Objects



☆اپنی مرضی کے کوبھی دو یا تین اوبجیکٹس بنائیں۔اورانہیں ایک شیپ کی صورت میں ترتیب دیں۔۔

مثار کے طور پر میں نے دو مستطیلیں بنائیں۔۔۔پھر ان دونوں کو ترچھا کر کے ایک X جیسی شیپ بنادی۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ دومختلف کلرز کے اوبجیکٹس کی مدد سے ایک X جیسی شیپ ترتیب دی گئی ہے۔۔۔لیکن ابھی تک یہ دونوں مختلف اوبجیکٹس ہیں۔۔جن میں سے ایک اوبجیکٹ بیک پر ہے اور ایک فرنٹ ہے۔۔۔جبکہ مکمل شیپ میں تمام اوبجیکٹس برابر ہوتے ہیں۔ان اوبجیکٹس کو شیپ کی شکل دینے کے لیے سلیکٹ ٹول کی مدد سے دونوں اوبجیکٹس کو ایک ساتھ سیلیکٹ کریں۔۔پہلے ایک اوبجیکٹ پر کلک کریں اور پھر شفٹ کا بٹن دبائے رکھ کر دوسرے پر کلک کریں۔۔دونوں اوبجیکٹس ایک ساتھ سیلیکٹ ہوجائیں گے۔۔یا پھر آپ ماؤس کلک کے ذریعے ڈریگنگ کرتے ہوئے بھی ایسا کر سکتے ہیں۔



☆اب آپشنز بار پر نگاہ دوڑائیں۔۔۔آپ کو سکرین شاٹس کے مطابق مختلف آپشنز کی لائن دکھائی دے گی۔یہ شیپنگ آپشنز ہیں۔۔ان میں سے کسی پر بھی کلک کرنے سے آپ کے اوبجیکٹس ایک شیپ میں ڈھل میں جائیں گے۔۔۔مثال کے طور پر ہم بائیں جانب سے شروع کرتے ہیں۔بائیں جانب سے پہلی آپشن **Weld** کی ہے۔۔۔جیسے ویلڈنگ کی مدد سے اوبجیکٹس کو جوڑ دیا جاتا ہے بالکل اسی طرح یہاں پر کلک کرنے سے تمام اوبجیکٹس آپس میں جڑ کر ایک شیپ کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔۔۔اور شیپ کے اندرونی حصہ میں موجود تمام لائنز ختم ہوجاتی ہیں۔۔۔یعنی شیپ ایک مکمل بند شکل بن جاتی ہے۔۔جیسا کہ آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔شیپ کا کلر بیک لیئر کلر کے مطابق ہوتا ہے۔۔ہم نے دو مستطیلیں بنائی تھیں ایک فیروزی اور دوسری گلابی۔۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ فیروزی جو گلابی سے نیچے تھی مکمل شیپ اسی کلر کی ہو چکی ہے۔اور اس وقت درمیان میں کوئی بھی ایسی لائن دکھائی نہیں دے رہی جس سے پتہ چلایا جا سکے کہ یہ شیپ دو اوبجیکٹس کو جوڑ کر بنائی گئی ہے۔

امید ہے Weld کا استعمال آپ بخوبی سمجھ گئے ہوں گے۔





Weld کے بعد والی آپشن ہے **Trim**۔۔۔ یہاں پر کلک کرنے سے اوپر والا اوبجیکٹ یعنی فرنٹ لیئر اپنی اصلی حالت میں رہے گا جبکہ نیچے والا اوبجیکٹ یعنی بیک لیئر اُن جگہوں سے کٹ کر ختم ہوجائے گا جہاں اوپر والا اوبجیکٹ موجود تھا۔۔۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں (بائیں جانب والا)۔۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ Trim پر کلک کرنے سے شیپ کے درمیانی کارنرز پر نوڈز کے نشانات بن گئے ہیں۔۔اب آپ دونوں بیک لیئر کو ماؤس کی مدد سے ڈریگ کر کے الگ کریں گے تو آپ کو بیک لیئر اُن جگہوں سے غائب نظر آئے گا جن جگہوں پر فرنٹ لیئر موجود تھا مزید رہنمائی کے لیے دایاں سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔





☆**Intersect**۔۔یہ تیسری آپشن ہے۔۔۔اِس پر کلک کرنے سے آپ بیک لیئر کا وہ والا حصہ حاصل کرسکیں گے جس حصہ پر آپ نے فرنٹ لیئر ایڈجسٹ کیا تھا۔۔ بائیں جانب کا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ سکرین شاٹ میں دیکھ سکتے ہیں کہ جب ہم نے Intersect پر کلک کیا تب شیپ کا درمیانی حصے پر سیلیکشن بن گئی۔گویا کہ ایک الگ اوبجیکٹ بن گیا ہو۔۔۔اب اس درمیانی حصہ والی بننے والی شیپ کو حاصل کرنے کے لیے ماؤس کی مدد سے آپ ڈریگ کر کے الگ کر سکتے ہیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے (دایاں) سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔



☆**Simplify**۔۔اس آپشن کی مدد سب سے اوپر والے لیئر کے علاوہ نیچے والے تمام تر لیئرز ہر اُس جگہ سے خالی ہوجائیں گے جہاں پر اُن کے اوپر کوئی لیئر موجود ہوگا۔۔

سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ اس مرتبہ ایک X کی شیپ کے بیک گراؤنڈ میں ایک مربعی باکس موجود

ہے۔یعنی اس طرح اس وقت کُل ملا کر تین اوبجیکٹس کو ایک دوسرے کے اوپر ایڈ جسٹ کیا گیا ہے۔۔۔اب اگر ہم Simplify کی آپشن کو استعمال کرتے ہیں تو



سب سے پہلے سب سے نچلا لیئر ہر اُس جگہ سے ریموو ہو جائے گا جہاں پر اس کے اوپر کوئی نا کوئی دوسرا لیئر موجود تھا۔۔۔اور دوسرا لیئر ہر اُس جگہ سے ریموو ہو جائے گا جہاں پر اس کے اوپر کوئی تیسرا لیئر موجود تھا۔سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔Simplify پر کلک کرنے کے بعد پہلے گلابی پٹی کو ڈریگ کر کے مربعی شکل سے باہر نکالا۔۔اور اس کے بعد فیروزی پٹی کو باہر نکالا۔۔گلابی پٹہ فیروزی پٹی کے اوپر تھی۔۔ اس لیے گلابی پٹی کا جو ایریا فیروزی پٹی کے نیچے تھا آپ دیکھ سکتے ہیں



کہ وہ اب غائب ہو چکا ہے۔۔اسی طرح مربعی شکل میں بھی آپ دیکھ سکتے ہیں کہ گلابی پٹی اور فیروزی پٹی کے نیچے مربعی شکل کا جو ایریا تھا وہ غائب ہو چکا ہے۔۔Trim اور Simplify میں فرق صرف اتنا ہے کہ Trim کی آپشن استعمال کرنے سے صرف ایک ہی سب سے نیچے والا لیئر متاثر ہوتا ہے جبکہ Simplify میں ترتیب وار ہر نچلا لیئر متاثر ہوتا ہے۔

☆**Front Minus Back**۔۔یہ والی آپشن استعمال کرنے سے نا صرف بیک لیئر ختم ہو جاتا ہے بلکہ فرنٹ لیئر کا بھی وہ حصہ ختم ہو جاتا ہے جو بیک لیئر کے اوپر موجود ہوتا ہے۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔



آپ دیکھ سکتے ہیں کہ گلابی پٹی جو کہ ہمارا فرنٹ لیئر ہے متاثر ہوئی ہوئی ہے۔۔۔جبکہ فیروزی پٹی ریموو ہو گئی ہے۔یہی اس آپشن کا کمال ہے۔

☆**Back Minus Front**۔۔۔جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ یہ آپشن فرنٹ مائنس بیک کے بالکل اُلٹ کام کرتی ہے۔۔یعنی اگر فرنٹ مائنس بیک میں بیک لیئرز ختم ہو جاتے ہیں اور فرنٹ کو بھی متاثر کرتے ہیں اسی طرح اس کے ذریعے بھی فرنٹ لیئرز ختم ہو جاتے ہیں اور بیک لیئرز کا متاثرہ حصہ ریموو کر دیتے ہیں۔۔
مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔





امید ہے آپ اِس آپشن کا استعمال بھی سمجھ گئے ہوں گے۔

☆**Create Boundary**۔۔اس آپشن کو استعمال میں لا کر ہم مختلف اوبجیکٹس کو ملا کر بنائی گئی شیپ کی ایک باؤنڈری الگ حاصل کر سکتے ہیں۔۔۔یعنی صرف سکیچ حاصل کر سکتے ہیں۔۔سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ہماری بنائی ہوئی شیپ کا ایک اور خاکہ تیار ہو چکا ہے۔۔اب اس خاکے میں ہم اپنی مرضی کے کلرز استعمال کر سکتے ہیں۔۔۔یا جیسے چاہیں ہم اسے  استعمال میں لا سکتے ہیں۔شیپنگ میں مزید کچھ آپشنز بھی شامل ہیں۔۔۔آپ سکرین شاٹ دیکھ سکتے ہیں۔۔۔یہ آپشنز بھی آپشنز مینیو میں ہی آپ کو دکھائی دیں گے۔۔اِن میں بائیں جانب کے دو آپشنز **Mirror** کے ہیں۔۔یعنی آپ کی شیپ کو دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں انہیں استعمال کرتے ہوئے کیا جا سکتا ہے۔۔بائیں جانب کی دو آپشنز Mirror Vertically اور Mirror Horizantely کی ہیں۔۔جتنی مرتبہ آپ ان میں سے کسی ایک پر کلک کرتے جائیں گے Mirrors تبدیل ہوتے رہیں گے۔۔Mirrors کے بعد نمبر آتا ہے۔۔Combine کا۔۔**Combine** پر کلک کرنے سے تمام اوبجیکٹس کی مدد سے تیار کی گئی ایک شیپ کا ہر وہ حصہ ریموو ہو جائے گا جو کہیں سے آپس میں ملتا ہو۔۔خواہ وہ لیئر اوپر والا ہو یا نیچے نیچے والا۔۔اور سب سے نچلے لیئر کا کلر اوپر والے لیئرز پر غالب آ جاتا ہے۔سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ دونوں لیئرز کا وہ حصہ غائب ہو چکا ہے جہاں پر لیئرز ایک دوسرے کے اوپر آتے ہیں۔۔بعد ازاں اس آپشن کو استعمال کرنے کے بعد اس کی جگہ **Break Apart** کی آپشن ظاہر ہو جاتی ہے۔۔جس پر کلک کرنے سے لیئرز کا بننے والا خلا ختم ہو جاتا ہے۔۔☆اس کے بعد **Group** کی آپشن سامنے آتی ہے۔۔Group کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ تین یا چار لیئرز کا گروپ بنانے سے انہیں ایک ہی کلک پر کہیں بھی ڈریگ کیا جا سکتا ہے۔۔کسی ایک پر کلک کرنے سے سبھی ایک ساتھ سیلیکٹ ہو جاتے ہیں۔اور کسی ایک پر کلک کرنے سے سبھی ایک شیپ کی مانند ایک ساتھ سیلیکٹ ہو جاتے ہیں۔۔



☆☆☆

Powerclip

اس فیچر کی بدولت ہم کسی بھی ٹیکسٹ میں کوئی بھی امیج یا ویکٹر ڈال سکتے ہیں۔۔۔

☆ کورل ڈرا میں اپنی مرضی سے کوئی ٹیکسٹ لکھیں۔۔فی الحال سیکھنے کی غرض سے ٹیکسٹ سائز جتنا ہو سکے بڑا رکھیں۔۔

☆ اب مطلوبہ پکچر کورل ڈرا میں امپورٹ کریں۔۔

☆ پکچر کو رائٹ کلک کی مدد سے ڈریگ کرتے ہوئے ٹیکسٹ کے اوپر لے جائیں۔۔ ایک بات ذہن نشین رکھیں کہ پکچر ٹیکسٹ کے اوپر لیجاتے وقت جتنی ٹیکسٹ کے اوپر ہو گی اتنے ٹیکسٹ میں ہی بطور ایفیکٹس سما سکے گی۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ ڈریگنگ کرتے ہوئے لیا گیا ہے۔۔ پہلے ٹیکسٹ لکھا گیا اور پھر ایک پکچر کو امپورٹ کیا گیا۔۔۔او اس کے بعد پکچر کو رائٹ کلک کی مدد سے پکڑ کر ٹیکسٹ کے اوپر لایا گیا۔۔ٹیکسٹ کے اوپر لا کر چھوڑنے سے ایک چھوٹی ونڈو آپ کے سامنے اوپن ہو گی۔۔جس میں سے آپ Powerclip inside پر کلک کریں۔۔۔اس طرح آپ کی مطلوبہ امیج آپ کے ٹیکسٹ میں بطور ایفیکٹس شامل

ہوجائے گی۔۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ PowerClip Inside پر کلک کرنے کے بعد کی صورتحال بھی دائیں جانب کے



سکرین شاٹ میں ملاحظہ فرمائیں۔۔آپ دیکھ سکتے ہیں کہ پکچر مطلوبہ ٹیکسٹ میں سما گئی ہے۔۔اس طریقہ سے امیج کا درمیانی حصہ ہی ٹیکسٹ میں شامل ہوگا۔۔ لیکن اگر آپ امیج کا بالائی یا زیریں حصہ شامل کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے مینیو بار میں سے Effects پر کلک کریں۔۔اور ماؤس لسٹ میں سے PowerClip پر لے جائیں۔آپ کے سامنے چار آپشنز ہوں گی۔۔اِن میں سے تیسری آپشن یعنی Edit Powerclip پر کلک کریں۔۔آپ دیکھیں گے کہ آپ کی ٹیکسٹ میں شامل کی گئی پکچر اب ٹیکسٹ سے باہر ہے اور پکچر پر نیلے کلر کا ٹیکسٹ کا بارڈر دکھائی دے رہا ہے۔۔آپ یہاں پر پکچر کو ٹیکسٹ پر اپنی مرضی کی جگہ پر



ڈریگ کرلیں۔۔ مزید رہنمائی کے لیے دایاں سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔۔پکچر کو مرضی کی جگہ پر ایڈجسٹ کرنے بعد دوبارہ مینیو بار میں سے PowerClip پر کلک کریں۔۔۔اور Finish Editing This Level پر کلک کردیں۔۔ اب دوبارہ ٹیکسٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔سکرین شاٹ میں آپ ٹیکسٹ بخوبی دیکھ سکتے ہیں۔۔ پہلے

جب ہم نے امیج انسرٹ کی تھی تب خود بخود سنٹر میں ہوئی تھی۔۔اس مرتبہ ہم نے اپنی مرضی کے مطابق امیج انسرٹ کی ہے۔اور اگر آپ ٹیکسٹ میں سے امیج باہر نکالنا چاہتے ہیں تو دوبارہ مینیو بار پر کلک کریں اور پھر PowerClip پر ماؤس کرسر لیجاتے ہوئے Extract Contents پر کلک کردیں۔۔آپ کی ٹیکسٹ میں شامل کی ہوئی امیج باہر آجائے گی اور ٹیکسٹ ویسے کا ویسا رہ جائے گا۔۔امید ہے پاورکلپ کا استعمال آپ بخوبی سیکھ گئے ہوں گے۔۔

Envelope

اس فیچر کی مدد سے لفافے ڈیزائن کر سکتے ہیں۔۔یعنی اگر ہم کوئی شادی کارڈ بناتے ہیں تو کارڈ کے مطابق ظاہری بات ہے لفافے کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔اس



کے لیے سب سے پہلے ایک شیپ بنائیں۔۔۔اور اس کے بعد Envelopeٹول سلیکٹ کریں۔۔یہ ٹول کرول ڈرا کے پرانے ورژنوں میں ٹول بار میں مین پر موجود ہوتا ہے جبکہ ایکس فائیو میں یہ ٹول بلینڈ ٹول پر کلک کر کے ہولڈ کرنے سے سامنے آنے والی ٹولز لسٹ میں سے ملے گا۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔جیسا کہ ابتدائی کلاسز میں بتایا جا چکا ہے کہ صرف فیچرز کا استعمال سیکھنا ضروری ہے۔۔لوکیشنز وغیرہ ہر نئے ورژن میں تبدیل ہوتی ہی رہتی ہیں۔۔یہ ٹول



سلیکٹ کرنے کے بعد آپ دیکھیں گے کے آپ کی بنائی ہوئی شیپ پر Nodesظاہر ہو گئے ہیں۔۔آپ ان میں سے کسی بھی نوڈ کو پکڑ کر باہر کی طرف یا اندرونی طرف کھینچ سکتے ہیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ میں نے ایک مستطیل شکل بنائی۔۔اور اس کے بعد Envelopeٹول سلیکٹ کر کے اسے دائیں جانب سے ایک نوڈ سے پکڑا اور باہر کی طرف ڈریگ کیا۔۔تب شیپ دونوں اطراف سے برابر باہر کی طرف ڈریگ ہوئی۔۔بالکل اس طرح آپ شیپ کو کہیں سے بھی پکڑ کر اندرونی یا بیرونی طرف موو کر سکتے ہیں۔۔یہ تو تھا Freehandطریقہ کار۔۔اب آتے ہیں تھوڑا ایڈوانس طریقہ کار کی طرف۔۔۔پراپرٹیز بار یا آپشنز بار کی پر نگاہ دوڑائیں آپ کو سکرین شاٹ کے مطابق 4 بٹنز ملیں گے۔۔ان میں بائیں جانب سے سب سے پہلا ہے Straight Line Mode کا۔۔اس پر کلک کرنے سے ہم



سیدھی لکریں کھینچ کر بنایا ہوا لفافہ ڈیزائن کر سکتے ہیں۔۔اس ٹول کو سیلیکٹ کرنے کے بعد شیپ کا کوئی بھی کارنر پکڑ کر ڈریگ کریں گے تو وہ ایک سٹریٹ لائن کی صورت میں ڈریگ ہوگا۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اس کے بعد آپشن ہے Single-Arc Mode کی۔۔اس کی مدد سے ہم شیپ کا کوئی بھی کارنر پکڑ کر ڈریگ کریں گے تو وہ ایک مناسب گولائی کی صورت میں ڈریگ ہوگا۔۔مزید رہنمائی کے لیے دائیں جانب دیا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اس کے بعد آپشن ہے Double Arc



Mode کی۔۔۔اس کی مدد سے ہم شیپ کے کوئی بھی دو کونوں کے درمیانی سرے کو پکڑ کر اگر ڈریگ کریں گے تو شیپ دونوں کونوں سے مناسب گولائی کے ساتھ بڑھتی ہوئی ایک چونچ کی صورت میں مل جائے گی۔۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ یہ آپشن گنبد، دروازے اور کھڑکیوں وغیرہ کے ڈیزائنز بنانے کے لیے بھی استعمال کی جاتی ہے۔۔مقصد صرف ایک شیپ بنانا ہوتا ہے ایک آپشن خواہ کسی بھی مقصد کے لیے مخصوص ہو اسے اپنے مقصد کے لیے استعمال کرنا پڑتا ہے۔۔یعنی لازمی نہیں کہ یہ شیپس صرف لفافوں کے ساتھ مخصوص ہیں۔۔ بلکہ ان شیپس کی بدولت ہم دوسری ڈیزائننگ بھی کر سکتے ہیں۔۔

امید ہے Envelope ٹول کا استعمال بھی آپ بخوبی سیکھ گئے ہوں گے۔۔

Corners

ہم کوئی کارڈ وغیرہ ڈیزائن کرتے ہیں تو اس کے کارنرز بھی ہم اپنی مرضی سے ڈیزائن کر سکتے ہیں۔۔یعنی کارنرز گول کیے جا سکتے ہیں ٹک وغیرہ لگائے جا سکتے ہیں۔



☆کوئی بھی امیج یا ویکٹر اوپن کریں۔۔سیکھنے کی غرض سے کوئی بھی سادہ مستطیل بنا لیں۔

☆مینیو بار میں سے Window پر کلک کریں اور لسٹ میں سے Dockers پر ماؤس کرسر لیجائیں اور دائیں جانب ظاہر ہونے والی لسٹ میں سے Fillet/Scallop/Chamfer پر کلک کر دیں۔۔



آپ دیکھیں گے کہ Information Area میں اب یہ آپشنز دکھائی دے رہی ہیں۔۔ڈراپ ڈاؤن لسٹ پر کلک کریں اور F i l l e t , S c a l l o p یا Chamfer میں سے کوئی ایک اپنی مرضی کی آپشن سلیکٹ کریں۔۔Fillet منتخب کرنے سے کارنرز گول ہو جائیں گے Scallop کی آپشن کارنرز کو اندرونی طرف گول کرنے کے لیے ہے اور Chamfer کی آپشن سلیکٹ کرنے سے کارنرز ایسے بن جاتے ہیں جیسے کارنرز قینچی کی مدد سے کاٹ دیئے گئے ہوں۔

☆☆☆

Intractive Fill Tool, Blend, Contour,Distortion,

☆ پہلے **Intractive Fill Tool** کا استعمال سیکھتے ہیں۔۔اس کے لیے پہلے کورل ڈرا میں کوئی بھی شیپ بنائیں۔۔۔

☆اب کی Intractive Fill Tool س یلیکٹ کرنے کے لیے کی بورڈ سے G کا بٹن پریس کریں یا پھر ٹولز پینل میں سے سب سے نچلا ٹول سیلیکٹ کریں۔

☆اب بنائی ہوئی شیپ کے ایک طرف کلک کریں اور ڈریگ کرتے ہوئے شیپ کے دوسری طرف لے جائیں۔۔یعنی شیپ کے دائیں سے بائیں یا پھر بائیں سے دائیں لکیر کی صورت میں ڈریگنگ کریں۔



آپ دیکھیں گے آپ نے جہاں سے ڈریگ کرنا شروع کیا تھا وہاں سے لیکر جہاں پر ڈریگ کرنا ختم کیا تھا وہاں تک ایک لکیر بن گئی ہے جس کے دونوں سروں پر چھوٹے چھوٹے کلر باکسز بن چکے ہیں۔۔ڈیفالٹ کلرز بلیک اور وائٹ ہوتے ہیں۔یعنی ایک باکس بلیک کلر کا اور دوسرا وائٹ کا۔۔

اس کے ساتھ آپ یہ بھی دیکھیں گے کہ مطلوبہ شیپ میں دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں دونوں منتخب کردہ کلرز ایک ترتیب کے ساتھ مکس ہو چکے ہیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔

آپ ان باکس کی جگہ تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔۔جگہ تبدیل کرنے کے لیے کسی بھی باکس کو ماؤس کلک کی مدد سے پکڑیں اور ڈریگ کریں۔۔۔اور اگر آپ کلرز کا تناسب تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔۔مثال کے طور آپ نے سیاہ اور سفید دو کلرز منتخب کیے ہیں اور آپ چاہتے ہیں کہ سیاہ زیادہ ہو اور بلیک کم ہو تو اس کے لیے آپ دونوں کلرز والے ڈبوں کے درمیان موجود ایک لائن کو پکڑ کر دائیں سے بائیں یا بائیں سے دائیں والیم کی طرح حرکت دیکر کلرز میں کمی بیشی کر سکتے ہیں۔۔



اس طرح دو کلرز کے استعمال کو Linear کہا جاتا ہے۔۔آپ یہ سٹائل تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔۔اس کے لیے آپشنز بار پر نگاہ دوڑائیں اور ڈراپ ڈاؤن مینیو میں سے کلرز سٹائل تبدیل کرلیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں:)۔سکرین شاٹ کے مطابق میں نے اس مرتبہ Conical کلرز سٹائل منتخب کیا ہے۔



آپ دیکھیں گے کہ نیا سٹائل منتخب کرنے پر مطلوبہ شیپ پر جو آپ نے کلر لائن کھینچی ہے اس میں کوئی نا کوئی تبدیلی اور شیپ میں موجود کلرز میں تبدیلی ضرور پیدا ہوئی ہوگی۔۔Conical سیلیکٹ کرنے پر ہماری لائن کمان کی شکل اختیار کر جاتی ہے۔

کمان کی شکل میں جو لائن لگی ہے اس پر ہم جس کسی حصے پر بھی چاہیں کلر پٹی میں سے کوئی بھی کلر اٹھا کر ڈریگ کر سکتے ہیں۔۔

ہم جتنے چاہیں کلرز ایک ایک کر کے ڈریگ کرتے ہوئے اس کمان پر لا کر اپنی بنائی ہوئی شیپ پر اپلائی کر سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر میں سب سے پہلے جو دائیں جانب کا سفید کلر باکس ہے اس سے اوپر والے سٹار کے کونے کے پاس ایک کلر ڈریگ کر رہا ہوں۔۔ سکرین شاٹ ملاحظہ فرمایئے۔میں نے کلرز باکس میں سے گرین کلر ماؤس کی مدد سے شیپ کے اوپر موجود کلرز سے متعلق لائن پر لیجا کر ڈریگ کیا جس کے نتیجے میں لائن پر ایک اور ڈبے کا اضافہ ہو گیا۔۔



یعنی پہلے دو کلرز باکس لائن پر دکھائی دے رہے تھے اب تین ہیں۔۔اور شیپ کا زیادہ تر حصہ نئے کلر نے کور کر لیا ہے۔۔سکرین شاٹ میں دکھائی گئی لکیر ماؤس ڈریگنگ کو ظاہر کرتی ہے۔کہ کس طرح سے ایک کلر کو اٹھا کر شیپ کے اوپر لیجایا گیا۔۔

اسی طرح آپ مزید کلرز بھی ایڈ کر سکتے ہیں۔۔

مثال کے طور پر میں دوبارہ ایک اور کلر اٹھا کر شیپ میں ڈال رہا ہوں۔



سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں
:)۔اس مرتبہ میں نے وائٹ کلر
منتخب کیا ہے۔
آپ دیکھ سکتے ہیں کہ وائٹ کلر
پیسٹ کرنے کے بعد سبز کلر محدود
ہو چکا ہے۔۔
کیونکہ وائٹ کلر کے دوسری طرف
بلیک کلر ہے وائٹ ایک طرف سے
سبز کے ساتھ مکس ہو گیا اور دوسری
طرف سے سیاہ کے ساتھ مکس ہو گیا۔اب میں پھر سے سٹار کے اوپر والے کارنر پر سبز کلر ڈال رہا ہوں۔۔اس کے بعد اندرونی کونے پر پھر سے سفید۔۔اس کے بعد سٹار کے بائیں طرف کے اوپر والے کونے پر پھر سے سبز اور اندرونی کونے پر وائٹ ڈال رہا ہوں۔۔بالکل اسی ترتیب کے ساتھ جیسے پہلے پیسٹ کیے ہیں۔۔۔سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔



آپ دیکھ سکتے ہیں کلرز کے ساتھ تھوڑا سا کھیلنے پر ہم نے ایک نئی شے تیار کر لی ہے۔۔
شیپ پر موجود باکسز کلرز کی نشاندہی کرتے ہیں۔۔جہاں جہاں کلرز پیسٹ کیے گئے وہاں باکسز بن گئے۔۔آپ ان میں سے کسی بھی باکس پر کلک کر کے کلر پٹی میں سے کسی بھی کلر پر کلک کر کے اس کا کلر تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔۔

Blend

اس ٹول کی مدد سے ہم رنگوں کی صورت میں دو شیپوں کو جوڑ کر ایک نئی شیپ تخلیق کر سکتے ہیں۔۔یعنی یہ ٹول دو شیپس کو کلرز کی صورت میں ملاتا ہے۔
مثال کے طور پر ہم نے ایک سٹار بنا لیا۔۔اور ساتھ میں ہم ایک چوکور شکل بنا لیتے ہیں۔
اور پھر اس ٹول کا استعمال کرتے ہیں۔۔



دونوں اشکال بنانے کے بعد ٹولز بار میں سے Blend Tool سیلیکٹ کریں۔ Blend Tool کونسا ہے یہ جاننے کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ اپنی بنائی ہوئی دونوں شیپس کو اب اپنی مرضی کے کلرز دے لیں۔۔ اور بلینڈ ٹول سیلیکٹ کریں۔

بلینڈ ٹول سیلیکٹ کرنے کے بعد دونوں میں سے کسی ایک شیپ کے درمیانی حصہ کو ماؤس کلک کی مدد سے پکڑ کر دوسری شیپ کے درمیانی حصہ میں لے جا کر چھوڑ دیں یعنی ڈریگ کر دیں۔۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ ڈریگنگ کے دوران لیا گیا ہے۔۔ ڈریگنگ کے بعد یہ مکمل طور پر کلر فل ہوجائے گا۔۔





مزید رہنمائی کے لیے دائیں جانب کا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ آپ دیکھ سکتے ہیں کیسے ایک شیپ کلرز کی صورت میں دوسری شیپ میں تبدیل ہو رہی ہے اور اس طرح ایک نئی شیپ جنم لیتی ہے۔۔ آپ کھینچی گئی لکیر کے درمیان میں موجود والیم لکیر کو دائیں سے بائیں ڈریگ کر کے کسی ایک شیپ کو دوسری شیپ پر حاوی بھی کر سکتے ہیں

Contour

اس ٹول کا استعمال تھوڑا پیچیدہ ہے مگر نہایت مفید ٹول ہے۔۔ اس کی مدد سے ہم کسی بھی شیپ کو اندرونی طرف سے یا بارڈرز سے ترتیب وار کلرز سے ایفیکٹس دے سکتے ہیں۔۔ اس کا استعمال سمجھنے کے لیے پہلے ایک مربعہ شکل کی شیپ بنائیں۔



اور پھر ٹولز بار میں سے Blend Tool سے نچلا ٹول یعنی Contour سیلیکٹ کریں۔

☆ اب شیپ کے درمیان میں کلک کر کے شیپ کے اندر ہی تھوڑا سا کسی ایک طرف ڈریگ کریں۔ مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ ڈریگ کر کے جیسے ہی آپ چھوڑیں گے آپ دیکھیں گے کہ آپ کی تیار کردہ شیپ کی صورت میں اندرونی طرف آپ کے سیلیکٹ کیے ہوئے رنگوں کے ساتھ شیپس بڑی سے چھوٹی بن گئی ہیں۔۔ مثال کے طور پر اگر مستطیل ہے تو اس کے اندر کئی مستطیل بن گئی ہیں۔ سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔



اگر آپ ڈریگنگ کرتے ہوئے شیپ سے باہر تک لیجاتے ہیں تو شیپ کے بیرونی طرف تک بھی ایسے ہی بارڈرز بن جائیں گے۔۔

بارڈرز صرف کارنرز والی شیپس پر بنیں گے گول شیپس میں بارڈرز نہیں بنیں گے۔ بلکہ ایک قسم کی تہیں بن جائیں گی۔۔ جیسے کٹے ہوئے پیاز کی تہیں۔ اگر آپ کلرز تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو پراپرٹیز بار سے تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔

Disortion/Disort

یہ بہت ہی دلچسپ ٹول ہے یہ ٹول شیپ کے کارنرز قائم رکھتے ہوئے شیپ کا حلیہ بگاڑنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔۔ اس کا استعمال سمجھنے کے لیے Intractive Fill Tool کی مدد سے ہم نے جس سٹار کو ایفیکٹس دیئے تھے وہ سٹار سلیکٹ کریں۔ اور اس کے بعد Disortion Tool سیلیکٹ کریں جو کہ Blend Tool اور Contour Tool کے نیچے موجود ہے۔



☆اس ٹول کی مدد سے شیپ کے درمیان میں کلک کریں اور ہلکا سا کسی ایک جانب ڈریگ کریں آپ کو شیپ میں تبدیلی محسوس ہوگی۔ سکرین شاٹس ملاحظہ فرمائیں۔ دائیں جانے کی شیپ میں اس ٹول کی مدد سے بائیں جانب کو ڈریگنگ کی گئی جبکہ درمیان والی شیپ میں دائیں جانب کو ڈریگنگ کی گئی۔ اور بائیں جانب کی شیپ اوریجنل شیپ ہے۔۔ یہ اس ٹول کا ڈیفالٹ سٹائل تھا میں مزید دو سٹائلز بھی شامل ہیں۔۔ ان کے لیے پراپرٹیز بار پر نگاہ دوڑائیں۔ اور سکرین شاٹ میں ظاہر کیے گئے تینوں میں سے کسی ایک بٹن کو پریس کریں۔۔ ہم نے جو پہلے چیک کیا وہ بائیں جانب والا تھا اب درمیان والا اور دائیں والا۔۔

ان دونوں کے ریزلٹس چیک کریں۔۔ طریقہ ایک ہی ہے۔ سکرین شاٹس میں آپ باقی دونوں سٹائلز کا استعمال بھی دیکھ سکتے ہیں۔۔

☆☆☆

Drop shadow, extrude, & trasparency,

Drop Shadow:

☆نیوڈاکومنٹ بنائیں۔۔۔اورکوئی بھی نئی شیپ بنائیں۔۔یا پھر پہلے سے بنائی ہوئی کوئی بھی شیپ سیلیکٹ کریں۔۔جیسا کہ میں پچھلی کلاس میں بنایا ہوا سٹار استعمال کر رہا ہوں۔۔

شیپ اوپن کرنے کے بعد ٹول بار میں سے **Blend Tool** پر کلک کریں اور ہولڈ کریں۔۔ ایک چھوٹی ٹولز لسٹ نمودار ہوگی اس میں سے **Drop Shadow** پر کلک کریں۔۔مزید رہنمائی کے لیے (دائیں جانب پیش کیا گیا) سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔





☆ٹول سیلیکٹ کرنے کے بعد شیپ کے سنٹر میں کلک کریں اور جس طرف آپ **Shadow** تخلیق کرنا چاہتے ہیں اس طرف کو ڈریگ کریں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ سکرین شاٹ ڈریگنگ کے دوران لیا گیا ہے۔۔جب آپ شیپ کے سنٹر میں کلک کر کے کسی ایک طرف ڈریگ کریں گے تو سکرین شاٹ کے مطابق خاکہ تخلیق ہوگا۔۔جب آپ ڈریگنگ چھوڑ دیں گے تب اس خاکہ کی جگہ **Shadow** بن جائے گا۔۔مزید رہنمائی کے لیے دائیں جانب لگایا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔ اس سکرین شاٹ میں آپ کو دو جگہ ماؤس پوائنٹر دکھائی دے رہا ہے۔۔ ان میں سے ایک **Shadow Volume** کی طرف اشارہ کرتا ہے۔۔اس والیم کو کم یا زیادہ کرنے سے سایہ کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔۔جبکہ دوسرا ماؤس پوائنٹر ایک سیاہ ڈبے کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔۔اس ڈبے کو آپ پکڑ کر یعنی ڈریگ کر کے شیپ کے جس طرف بھی لیجائیں گے شیڈو اسی طرف کا ہو جائے گا۔۔اور اگر آپ شیڈو کا کلر تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو کلر پٹی میں سے کوئی بھی کلر ڈریگ کر کے اس سیاہ باکس میں لا کر چھوڑ دیں ڈراپ شیڈو کلر تبدیل ہو جائے گا۔۔اس کے علاوہ پراپرٹیز بار میں **Presets** بھی موجود ہیں۔۔جیسا کہ سکرین شاٹ میں لسٹ دکھائی گئی ہے۔۔ان میں سے کوئی بھی سیلیکٹ کر کے اپنی پسند کا شیڈو بھی آپ بنا سکتے ہیں۔۔کچھ شیڈوز کے نمونے ملاحظہ فرمائیں۔۔



Shadow

امید ہے ڈراپ شیڈو
کیسے دیا جاتا ہے یہ آپ اس کلاس میں بخوبی جان گئے ہوں گے۔
اب آتے ہیں **Extrude** کی طرف۔

Extrude

کورل ڈرا کا ایک انتہائی دلچسپ ٹول۔۔اس کا استعمال کسی بھی شیپ کو تھری ڈی ایفیکٹس دینے کے لیے نہایت موزوں ہے۔اس ٹول کا طریقہ کار یہ ہے کہ آپ کی بنائی ہوئی شیپ میں جتنے بھی کارنرز ہیں یہ ان کو ایک بلڈنگ کی صورت میں شیپ کے دوسری جانب بھی تخلیق کر دیتا ہے۔۔اس کا استعمال سیکھنے کے لیے پہلے کوئی بھی شیپ یا کوئی بھی ٹیکسٹ لکھیں۔۔ اس کے بعد اس ٹول کو سیلیکٹ کریں۔۔۔یہ ٹول **Drop shadow** ٹول کے بالکل نیچے ہے۔۔مثال کے طور پر میں نے ٹیکسٹ کے طور پر **Extrude** ہی لکھا ہے۔اب اس ٹول کو سیلیکٹ کرنے کے بعد بالکل ڈراپ شیڈو ٹول کی طرح اسے بھی استعمال کریں۔۔یعنی ٹیکسٹ کے یا شیپ کے درمیان میں کلک کریں اور کسی بھی طرف ڈریگ کر کے لے جائیں۔۔سکرین شاٹ میں دکھائی گئی امیج میں اسے میں بالائیں بائیں جانب ڈریگ کرتا ہوا لے گیا۔۔اور نتیجہ آپ کے سامنے ہے۔۔۔لیکن اس ٹول کا استعمال یہیں پر ختم نہیں ہوتا۔۔۔بلکہ ابھی آپ مزید کلرز بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔اس کے لیے پراپرٹیز بار پر نگاہ دوڑائیں۔اور دائیں جانب دیئے گئے سکرین شاٹ کے مطابق بٹن پر کلک کریں۔۔۔آپ اس طریقہ پر عمل کرتے ہوئے کلرز میں بھی تبدیلی عمل میں لا سکتے ہیں۔۔۔لیکن ابھی اس کا استعمال ختم نہیں ہوا۔۔۔ پراپرٹیز بار میں اسی کلرز والے بٹن کے بائیں جانب والے بٹن پر کلک کریں۔اس بٹن پر کلک کرنے سے چھوٹی سی ونڈو



میں 3 لکھا ہوا آپ کو دکھائی دے گا۔آپ ماؤس کرسر 3 پر لیجائیں۔اور تین کو پکڑ کر اپنی مرضی سے اِدھر اُدھر ڈریگ کرنا شروع کردیں۔۔آپ دیکھیں گے کہ ساتھ ساتھ آپ کی بنائی ہوئی شیپ یا ٹیکسٹ بھی بالکل ویسے ہی Move ہو رہا ہے اور اس کی شیپ بھی ساتھ ساتھ تبدیل ہوتی جا رہی ہے۔۔جہاں آپ کو مناسب لگے آپ وہیں ڈریگ کرنا چھوڑ دینا۔۔اسی 3 کے ساتھ کھیلتے کھیلتے

ٹیکسٹ کے ساتھ پیش آنے والے کچھ صورتحال ملاحظہ فرمائیں۔ ہر ٹول کی طرح اس ٹول کی بھی کچھ Prestets کورل ڈرا میں موجود ہیں جو کہ آپ کو پراپرٹیز بار میں بائیں جانب مل سکتے ہیں عین اسی لوکیشن پر جہاں پر ڈراپ شیڈو کی پریسیٹس موجود ہیں۔۔

Transparency

اس ٹول کی مدد سے ہم کسی بھی اوبجیکٹ کو دھندھلا کر سکتے ہیں۔۔یا اس کا ایک حصہ غائب کر سکتے ہیں۔۔یہ ٹول ڈراپ شیڈو اور ایکسٹریوڈ ٹولز مینیو میں سب سے نیچے موجود ہے۔۔کوئی بھی ٹیکسٹ لکھیں یا شیپ بنائیں۔۔اور یہ ٹول سلیکٹ کریں۔اس کے بعد شیپ کے ایک کسی ایک طرف کلک کریں اور ڈریگ کرتے ہوئے دوسری طرف لیجائیں گے۔۔

بالکل ایسے ہی جیسے ڈراپ کلر فل تولز استعمال کرتے ہیں۔۔آپ دیکھیں گے کہ آپ کی مطلوبہ شیپ آپ کی کھینچی گئی لکیر کے مطابق ٹرانسپرنٹ ہو چکی ہے۔۔ سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔مزید آپ پراپرٹیز بار میں سے عین اسی جگہ جہاں Presets ہوتے ہیں وہاں سے ٹرانسپرنسی سٹائل تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔۔ جیسے کلر سٹائلز تبدیل ہوتے ہیں بالکل اسی طرح۔۔امید ہے ٹرانسپرنسی بھی آپ سیکھ گئے ہوں گے۔۔

Perspective, Lens & Bevel effects

☆ نیا ڈاکومنٹ بنائیں اور کچھ بھی ٹائپ کریں۔۔جیسا کہ میں نے **Perspective** ٹائپ کیا ہے۔اور **Pick Tool** کی مدد سے ٹیکسٹ سلیکٹ کر لیں۔



اب مینیو بار میں سے **Effects** مینیو پر کلک کریں اور لسٹ میں سے **Add Perspective** پر کلک کریں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔آپ دیکھیں گے کہ اپ کے ٹیکسٹ کی سیلیکشن اب تبدیل ہو چکی ہے۔۔یعنی چاروں اطراف بارڈر لائن ظاہر ہو چکی ہے۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔اب آپ کسی بھی کارنر کو ماؤس کلک کی مدد سے پکڑ کر کسی بھی طرف **Move** کر سکتے

ہیں۔۔سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔سکرین شاٹ میں ٹیکسٹ کی جو صورتحال دکھائی دے رہی ہے ایسا بایاں اوپر والا کارنر باہر کی طرف ڈریگ کرنے سے ہوئی ہے۔۔ بالکل یہی عمل آپ کسی شیپ کے ساتھ بھی دہرا سکتے ہیں۔۔یعنی یہ صرف ٹیکسٹ کے لیے ہی نہیں بلکہ آپ شیپس پر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔۔

Lens effects

انٹرنیٹ پر آپ نے اکثر امیجز میں دیکھا ہوگا کہ کسی تصویر کا ایک مخصوص حصہ زوم کر کے عدسے میں دکھایا گیا ہوتا ہے۔۔اب ہم یہی ایفیکٹس سیکھیں۔

☆ کوئی بھی شیپ کورل ڈرا میں اوپن کریں یا پھر سمجھنے کے لیے عارضی طور پر کوئی بھی ٹیکسٹ لکھ لیں۔۔



جیسا کہ میں نے **Corel Draw Class 23** لکھا ہے۔

اب مینیو بار میں سے **Effects** مینیو پر کلک کریں اور لسٹ میں سے **Lens** پر کلک کریں۔۔

لینز پر کلک کرنے کے بعد آپ دیکھیں گے کہ اوبجیکٹ مینیجر ونڈو میں **Lens** ایفیکٹس کے متعلق آپشنز نمودار ہوگئی ہیں۔۔اور **No Lens effects** لکھا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔۔

اب **Eclipse** ٹول سلیکٹ کریں اور ڈاکومنٹ پر کسی بھی جگہ گول دائرہ بنائیں۔۔



اور گول دائرے کو سلیکٹ کرنے کے بعد **No Lens Effects** پر کلک کریں۔۔اور لسٹ میں سے **Magnify** پر کلک کریں۔۔مزید رہنمائی کے لیے دائیں جانب پیش کیا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔۔

اب آپ نے جو گول دائرہ بنا کر سیلکٹ کیا تھا وہ ایک قسم کا عدسہ بن چکا ہے۔۔اسے کسی بھی تصویر، اوبجیکٹ کا ٹیکسٹ کے اوپر لیکر جائیں۔۔آپ کو مخصوص حصہ کافی بڑا دکھائی دے گا مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ **23** کو ہائیلائٹ کیا گیا ہے۔۔



اگر آپ اس ہائیلائٹ کردہ حصے کو الگ جگہ پر لیکر جانا چاہتے ہیں تو **Lens** پراپرٹیز (جہاں سے **Magnify** کی آپشن سیلیکٹ کی تھی) پر لیجائیں اور **Frozen** کے باکس میں چیک لگا دیں۔۔اب آپ گول دائرے کو موو کرکے الگ جگہ لیجا سکتے ہیں۔۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔سکرین شاٹ میں فروزن کے ساتھ ساتھ **Amount** کی آپشن کو بھی ہائیلایٹ کیا گیا ہے۔۔اماؤنٹ کی آپشن استعمال کرتے ہوئے آپ زوم کم یا زیادہ بھی کرسکتے ہیں۔۔سکرین شاٹ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کیسے 23 کو ہائیلاٹ کرکے الگ کیا گیا ہے۔۔



آپ نے گو گول دائرہ بنایا ہے۔۔لینز ایفیکٹس دے لینے کے بعد آپ اسے عدسہ کی شیپ بھی دے سکتے ہیں۔۔ شیپ آپ جو چاہے جیسی مرضی دے سکتے ہیں۔ اس لیے یہاں صرف سمپل گول دائرہ استعمال کیا گیا ہے۔۔**Magnify** کے علاوہ کچھ دوسرے ایفیکٹس بھی لینز ایفیکٹس میں دیئے جاسکتے ہیں۔۔
سکرین شاٹ میں لسٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔اسی لسٹ میں سے ہم نے میگنیفائی ایفیکٹس استعمال کیے ہیں۔۔باقی ایفیکٹس رنگوں پر اور بیک گراؤنڈ پر اثرانداز ہوتے ہیں۔۔
ان سب کا استعمال سیکھنے کے لیے آپ کو ان سب کے ساتھ کھیلنا پڑے گا مطلب باری باری استعمال کر کے دیکھنا ہوں گے:)۔ان میں جو **Fish eye** ایفیکٹس ہیں اگر آپ یہ استعمال کریں گے تو متاثرہ شیپ (یعنی گول دائرہ جسے آپ اس وقت لینز ایفیکٹس کے طور پر استعمال کر رہے ہیں) کو کسی بھی اوبجیکٹ ٹیکسٹ یا امیج کے اوپر لیکر جائیں گے مخصوص جگہ سے گولائی کی شکل میں وہ حصہ ابھرا ہوا دکھائی دے گا۔۔اگر آپ **Brighten** ایفیکٹس استعمال کرتے ہیں تو مخصوص حصہ زوم نہیں ہوگا بلکہ صرف برائٹ ہوجائے گا۔۔اسی طرح باقی ایفیکٹس صرف رنگوں پر اثرانداز ہوں گے۔۔

Bevel effects





کورل ڈرا میں کوئی بھی ٹیکسٹ لکھیں۔۔اب مینیو بار میں **Effects** مینیو پر کلک کریں۔۔ اور لسٹ میں سے Bevel سلیکٹ کریں۔مزید رہنمائی کے لیے سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔اوبجیکٹ مینجر میں اب آپ کو **Bevel effects** کی پراپرٹیز دکھائی دیں گی۔۔مزید رہنمائی کے لیے دائیں جانب پیش کیا گیا سکرین شاٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔یہاں پر آپ کی اپنی کری ایٹیویٹی ہے کہ آپ کیسے

ایفیکٹس دیتے ہیں۔۔لیکن سکرین شاٹ کے مطابق ایک مرتبہ ٹرائی کریں۔۔آپ سٹائل بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔۔لیکن یہ سب آپ کے اپنے اوپر منحصر ہے :)۔ریزلٹ ملاحظہ فرمائیں۔۔